جلد ثانی

درسِ ترمذی

(حصہ اوّل)

افادات

حضرت مولانا خلیل احمد اعظمی صاحب حفظہ اللہ

استاذ جامعہ دارالعلوم کراچی

ابواب:

الأطعمة، الأشربة، البِرّ والصِلة، الطّب، الفرائض، الوصايا، الولاء والهبة

ضبط و تحریر

یکے از شرکاء دورہ حدیث 1447ھ

جامعہ دارالعلوم کراچی

CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

:- پیش لفظ :-

زیرِ نظر نوٹس کوئی مستقل تصنیف نہیں ہے بلکہ استاذِ محترم حضرت مولانا خلیل احمد اعظمی صاحب مدظلہم کی "ترمذی ثانی" کی تقریر ہے جو کہ دورانِ درس بندے نے عجلت میں قلمبند کی ہے۔

حضرت استاذِ محترم دامت برکاتہم وفیوضہم کا درس اپنی مثال نہیں رکھتا، جسمیں احادیث کا ترجمہ وتشریح، مشکل مباحث کا حل وتسہیل اور اندازِ بیان کی سلاست وشیرینی کے ساتھ ساتھ احادیث کے مخفی واصلاحی پہلو اور ایک مشفق ومربی استاذ کی نصیحت آموز باتیں سب کچھ ہی ہوتا ہے۔ ان تمام چیزوں کو قیدِ تحریر میں لانا بندے کے بس کی بات تو نہیں ہے، البتہ حتی الامکان بندے نے کوشش کی ہے کہ استاذِ محترم کے الفاظ جو کہ نپے تلے ہوتے ہیں کو بعینہٖ نقل کیا جائے۔ مگر جن مقامات پر ضبط نہ ہو سکا انہیں درس کے بعد اپنے الفاظ میں نقل کر دیا گیا ہے اور عنوانات کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔

آخری گزارش یہ ہے کہ بندے نے یہ کاپی اپنے ذاتی استفادے کیلئے لکھی تھی مگر ساتھیوں کے اصرار پر اس کا P.D.F بنایا گیا ہے۔

"فإن كان صوابًا فمن الله ومن الأستاذ، وإن كان خطأً فمني ومن الشيطان".

از: یکے از شرکاءِ دورۂ حدیث ۱۴۳۷ھ

جامعہ دارالعلوم کراچی

:- فهرس أبواب الترمذي :-

باب نمبر		صفحہ نمبر
	:- أبواب الأطعمة :-	١٢
١-	على ما كان يأكل النبي صلى الله عليه وسلم .	١٣
٢-	أكل الأرنب .	١٦
٣-	أكل الضب	١٦
٤-	أكل الضبع .	١٨
٥-	أكل لحوم الخيل	١٩
٦-	لحوم الحمر الأهلية .	١٩
٧-	الأكل في آنية الكفار	٢٠
٨-	الفأرة تموت في السمن	٢٠
٩-	النهي عن الأكل والشرب بالشمال .	٢١
١٠-	لعق الأصابع .	٢١
١١، ١٢-	اللقمة تسقط ، وكراهية الأكل من وسط الطعام .	٢٢، ٢٣
١٣-	كراهية أكل الثوم والبصل	٢٣
١٤-	الرخصة في أكل الثوم مطبوخاً	٢٤
١٥-	تخمير الإناء وإطفاء السراج والنار عند المنام .	٢٥
١٦-	كراهية القران بين التمرتين	٢٥
١٧-	استحباب التمر	٢٦
١٨-	الحمد على الطعام إذا فرغ منه .	٢٦
١٩-	الأكل مع المجذوم	٢٦
٢٠-	المؤمن يأكل في معى واحد .	٢٨
٢١-	طعام الواحد يكفي الاثنين .	٢٩
٢٢-	أكل الجراد .	٢٩
٢٣-	أكل لحوم الجلالة وألبانها .	٣٠
٢٤-	أكل الدجاج	٣٠
٢٥-	أكل الحبارى	٣١
٢٦-	أكل الشواء	٣١

باب نمبر		صفحہ نمبر
-٢٧	كراهية الأكل متكئاً .	٣١
-٢٨	حب النبي صلى الله عليه وسلم الحلواء والعسل .	٣٢
-٢٩	إكثار المرقة .	٣٣
-٣٠	فضل الثريد .	٣٣
-٣١	انهشوا اللحم نهشاً .	٣٤
-٣٢	الرخصة في قطع اللحم بالسكين .	٣٤
-٣٣	أيّ اللحم كان أحبّ إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم .	٣٥
-٣٤	الخل .	٣٥
-٣٥	أكل البطيخ بالرطب .	٣٦
-٣٧	شرب أبوال الإبل .	٣٧
-٣٦	أكل القثّاء بالرطب .	٣٧
-٣٨	الوضوء قبل الطعام وبعده .	٣٨
-٣٩	ترك الوضوء قبل الطعام .	٣٨
-٤٠	أكل الدباء .	٣٩
-٤١	أكل الزيت .	٤٠
-٤٢	الأكل مع المملوك .	٤٠
-٤٣	فضل إطعام الطعام	٤١
-٤٤	فضل العشاء .	٤١
-٤٥	التسمية على الطعام .	٤٢
-٤٦	كراهية البيتوتة وفي يده غمر .	٤٢
	١٠- أبواب الأشربة :-	٤٣
-١	شارب الخمر .	٤٣
-٢	نبيذ الجر .	٤٨
-٥	كراهية أن ينتبذ في الدبّاء والنقير والحنتم .	٤٨
-٦	الرخصة أن ينتبذ في الظروف .	٤٨
-٧	السقاء .	٤٩

CamScanner

باب نمبر		صفحہ نمبر
٨-	الحبوب التي يتخذ منها الخمر.	٤٩
٩-	خليط البسر والتمر.	٥٠
١٠-	كراهية الشرب في آنية الذهب والفضة.	٥١
١١-	النهي عن الشرب قائماً.	٥١
١٢-	الرخصة في الشرب قائماً.	٥١
١٣-	التنفس في الإناء.	٥٢
١٤-	الشرب بنفسين.	٥٣
١٥-	كراهية النفخ في الشراب.	٥٣
١٧-	اختناث الأسقية.	٥٤
١٨-	الرخصة في ذلك.	٥٤
١٩-	أن الأيمنين أحق بالشرب.	٥٥
٢٠-	ساقي القوم آخرهم شرباً.	٥٦
٢١-	أي الشراب كان أحب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم.	٥٦
	١- أبواب البر والصلة :-	٥٧
١-٢-	بر الوالدين. وباب (بلا ترجمہ)	٥٧، ٥٩
٣-	الفضل في رضا الوالدين.	٥٩
٤-	عقوق الوالدين.	٦٠
٥-	إكرام صديق الوالد.	٦٠
٦-	بر الخالة.	٦١
٧-	دعاء الوالدين.	٦٢
٨-	حق الوالدين.	٦٢
٩-	قطيعة الرحم.	٦٣
١٠-	صلة الرحم	٦٣
١١-	حب الولد	٦٤
١٢-	رحمة الولد.	٦٥
١٣-	النفقة على البنات.	٦٥

CamScanner

باب رقم		صفحة رقم
١٤-	رحمة اليتيم .	٦٨
١٥-	رحمة الصبيان .	٦٨
١٦-	رحمة الناس .	٦٩
١٧-	النصيحة .	٧٠
١٨-	شفقة المسلم على المسلم .	٧١
١٩-	الستر على المسلمين	٧٢
٢٠-	الذب عن المسلم	٧٣
٢٢-	مواساة الأخ ٢١- كراهية الهجرة .	٧٣، ٧٤،
٢٣	الغيبة	٧٥
٢٤	الحسد	٧٦
٢٥-	التباغض	٧٨
٢٦-	إصلاح ذات البين .	٧٩
٢٧-	الخيانة والغش .	٨١
٢٨-	حق الجوار	٨١
٢٩-	الإحسان إلى الخادم .	٨٢
٣٠-	ضرب الخدام وشتمهم	٨٣
٣١-	أدب الخادم .	٨٤
٣٢-	باب (بلا ترجمة) .	٨٤
٣٣-	أدب الولد .	٨٤
٣٤-	قبول الهدية والمكافأة عليها .	٨٦
٣٥-	الشكر لمن أحسن إليك .	٨٦
٣٦-	صنائع المعروف .	٨٧
٣٧-	المنحة .	٨٨
٣٨-	إماطة الأذى عن الطريق .	٨٨
٣٩-	المجالس بالأمانة .	٨٩
٤٠-	السخاء .	٨٩
٤١-	البخل .	٩١

CS CamScanner

باب نمبر		صفحہ نمبر
٤٢-	النفقة على الأهل .	٩٣
٤٣-	الضيافة .	٩٣
٤٤-	السعي على الأرملة واليتيم .	٩٥
٤٥-	طلاقة الوجه وحسن البشر	٩٥
٤٦-	الصدق والكذب .	٩٦
٤٧-	الفحش .	٩٦
٤٨-	اللعنة .	٩٧
٤٩	تعليم النسب .	٩٧
٥٠-	دعوة الأخ لأخيه بظهر الغيب .	٩٨
٥١-	الشتم	٩٨
٥٢-	قول المعروف .	١٠٠
٥٣-	فضل المملوك الصالح .	١٠٠
٥٤-	معاشرة الناس .	١٠١
٥٥-	ظن السوء .	١٠٢
٥٦-	المزاح .	١٠٣
٥٧-	المراء	١٠٣
٥٨-	المداراة .	١٠٦
٥٩	الاقتصاد في الحب والبغض	١٠٨
٦٠-	الكبر	١٠٨
٦١-	حسن الخلق .	١١٠
٦٢-	الإحسان والعفو .	١١١
٦٣-	زيارة الإخوان .	١١٢
٦٤-	الحياء	١١٢
٦٥-	التأني والعجلة .	١١٣
٦٦-	الرفق .	١١٣
٦٧-	دعوة المظلوم .	١١٣
٦٨-	خلق النبي صلى الله عليه وسلم -	١١٣

CamScanner

باب نمبر		صفحه نمبر
٦٩-	حسن العهد.	١١٥
٧٠-	معالي الأخلاق.	١١٦
٧١-	اللعن والطعن.	١١٦
٧٢-	كثرة الغضب.	١١٦
٧٣-	إجلال الكبير.	١١٩
٧٤-	المتهاجرين.	١١٩
٧٥-	الصبر	١١٩
٧٦-	ذي الوجهين.	١٢١
٧٧-	النمّام	١٢١
٧٨-	الحيّ.	١٢٢
٧٩-	إن من البيان سحراً.	١٢٢
٨٠-	التواضع	١٢٣
٨١-	الظلم.	١٢٤
٨٢-	ترك العيب للنجمة.	١٢٤
٨٣-	تعظيم المؤمن.	١٢٤
٨٤-	التجارب.	١٢٥
٨٥-	المتشبع بما لم يعطه.	١٢٦
٨٦-	الثناء بالمعروف.	١٢٧
	٢ أبوابُ الطبّ :-	١٢٧
٢-	الدواء والحث عليه.	١٣٣
٣-	ما يطعم المريض.	١٣٤
٤-	لا تكرهوا مرضاكم على الطعام والشراب.	١٣٤
٥-	الحبّة السوداء	١٣٤
٦-	شرب أبوال الإبل	١٣٥
٧-	قتل نفسه بسمّ أو غيره.	١٣٥
٨-	التداوي بالمسكر	١٣٦

باب نمبر		صفحه نمبر
٩-	السعوط .	١٣٦
١٠-	كراهية الكي .	١٣٨
١١-	الرخصة في ذلك .	١٣٩
١٢-	الحجامة .	١٣٩
١٣-	التداوي بالعسل .	١٤٠
١٤-	كراهية الرقية .	١٤٠
١٥-	الرخصة في ذلك .	١٤٢
١٦-	الرقية من العين .	١٤٢
١٨-	العين حق .	١٤٥
١٩-	أخذ الأجر على التعويذ .	١٤٥
٢٠-	الرقى والأدوية .	١٤٦
٢١-	الكمأة والعجوة .	١٤٨
٢٢-	أجر الكاهن .	١٤٩
٢٣-	كراهية التعليق .	١٥٠
٢٤-	تبريد الحمى بالماء .	١٥٠
٢٥-	الغيلة .	١٥١
٢٦-	دواء ذات الجنب .	١٥٢
٢٧-	باب (بلا ترجمة) .	١٥٣
٢٨	العسل .	١٥٣
٣٠-	باب (بلا ترجمة) .	١٥٤
	١٠- أبواب الفرائض ١-	١٥٥
١-	من ترك مالاً فلورثته .	١٥٦
٢-	تعليم الفرائض .	١٥٧
٣-	ميراث البنات .	١٥٧
٤-	ميراث بنت الابن مع بنت الصلب .	١٥٨
٥-	ميراث الإخوة من الأب والأم .	١٥٩

باب نمبر		صفحہ نمبر
٦-	باب (بلا ترجمة)	١٥٩
٧-	ميراث العصبة	١٦١
٨-	ميراث الجد .	١٦١
٩-	ميراث الجدة	١٦٢
١٠-	ميراث الجدة مع ابنها	١٦٢
١١-	ميراث الخال .	١٦٣
١٢-	الذي يموت وليس له وارث .	١٦٤
١٣-	باب (بلا ترجمة)	١٦٤
١٤-	ابطال الميراث بين المسلم والكافر .	١٦٥
١٥-	ابطال ميراث القاتل .	١٦٦
١٦-	ميراث المرأة من دية زوجها -	١٦٦
١٧-	الميراث للورثة والعقل للعصبة .	١٦٧
١٨-	الرجل يسلم على يدي الرجل	١٦٨
١٩-	من يرث الولاء .	١٦٩
	٢- أبواب الوصايا :-	١٧١
١-	الوصية بالثلث -	١٧٢
٢-	الحث على الوصية .	١٧٣
٣-	النبي صلى الله عليه وسلم لم يوص -	١٧٤
٤-	لا وصية لوارث .	١٧٤
٦-	الرجل يتصدق أو يعتق عند الموت .	١٧٥
٧-	باب (بلا ترجمة)	١٧٥
	٣- أبواب الولاء والهبة :-	١٧٨
٢-	النهي عن بيع الولاء وهبته .	١٧٨
٣-	من تولى غير مواليه أو ادعى إلى غير أبيه .	١٧٨
٤-	الرجل ينتفي من ولده .	١٧٩

باب نمبر		صفحه نمبر
٥ـ	القافة .	١٢٩
٦ـ	حث النبي صلى الله عليه وآله وسلم على الهدية .	١٨١
٧ـ	كراهية الرجوع في الهبة .	١٨١

باسمہ تعالیٰ

جامع الترمذی :-

استاذِ محترم کی سند :-

ہمیں ترمذی جلد ثانی حضرت مولانا مفتی محمود اشرف صاحب نے پڑھائی ہے۔ اور انہوں نے مولانا رسول خان صاحب سے اور انہوں نے شیخ الہند سے۔ یہ سند عالی ہے۔

اور ترمذی جلد اول حضرت شیخ صاحب سے اور انہوں نے حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب سے انہوں نے حضرت مولانا حسین احمد مدنی صاحب سے اور انہوں نے حضرت شیخ الہند صاحب رحمہ اللہ سے

ترمذی جلد ثانی کا آغاز اور اسکی اہمیت :-

- ترمذی جلد ثانی کا آغاز "ابواب الاطعمۃ" سے ہونی چاہیے تھی کہ احکام کا بیان ختم ہو چکا ہے اور معاشرت کا بیان شروع ہو رہا ہے۔
- ترمذی جلد ثانی کے ابواب بہت اہمیت کے حامل ہیں — کہ دین کے پانچ شعبے ہیں — جلد اول عبادات اور معاملات کے بیان میں ہے۔ اور جلد ثانی میں معاشرت اور اخلاق کا بیان ہے۔

جامع میں آٹھ مضامین ہوتے ہیں۔ جن میں سے احکام و سنن سے متعلق روایات تو جلد اول میں ہیں باقی تمام مضامین جلد ثانی میں ہیں۔

ابواب الاطعمۃ :-

طعام و شراب کا اسلامی فلسفہ :-

اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیدا فرمایا ہے اور ہماری پیدائش کا مقصد اللہ رب العزت کی عبادت ہے "وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون" (سورۃ ذاریات) اور انسان لگاتار بغیر عبادات اس وقت کر سکتا ہے جب اسکی طاقت برقرار ہو۔ اللہ تعالیٰ نے سر سے لے کر پاؤں تک ہمیں نعمتوں سے مالا مال فرمایا تاکہ ہماری طاقت اور لذت رہے اور ہم عبادت کر سکیں۔ اور ان نعمتوں میں سے بنیادی نعمت کھانے پینے کی اشیاء ہیں۔ اسی لیے اللہ نے نہ صرف ہمیں کھانے پینے کی اجازت دی بلکہ حکم دیا ہے "کلوا من طیبات ما رزقناکم" اللہ نے تعلیم فرما دی کہ یہ کھانا پینا ہمارا مقصد نہیں ہے بلکہ اصل مقصد اللہ کی بندگی ہے اور یہ کھانا پینا اسمیں معاون ہے۔ اسی لیے کھانے پینے میں حد درجہ انہماک شریعت میں پسندیدہ نہیں ہے، بلکہ اعتدال اختیار کرنا چاہیے۔ "لا تسرفوا" میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔
کھانے پینے میں نہ اتنی کثرت ہو کہ غافل ہو جائے اور نہ اتنی قلت ہو کہ جمعیت خاطر اور قلبی یکسوئی نہ رہے۔
"اذا قدم العشاء والعشاء" تو کھانے کو ترجیح دو (حدیث میں ہے)

کھانے کے پانچ مراتب :-

حضرات فقہاء کرام نے کھانے کے مختلف مراتب لکھے ہیں۔ علامہ شامی اور دیگر فقہاء نے پانچ مراتب لکھے ہیں

۱- **فرض** : بقدر ضرورت اتنا کھانا کھانا کہ جس سے جان بچ سکے اور انسان اپنے فرائض کی ادائیگی کر سکے۔

۲- مستحب : ضرورت سے زائد سیر ہو کر کھانا کھانا، اس نیت سے کہ انسان عبادات کر سکے، نوافل و تعلیم یا فرض نفلیہ انجام دے سکے اور دیگر نیک کام کر سکے۔

۳- مباح : ضرورت سے زائد سیر ہو کر انسان کھانا کھائے اور مقصد ازدیاد قوت بدن ہو۔

۴- مکروہ : سیر ہونے کے بعد معمولی سا زیادہ کھانا کھانا جس سے صحت کی خرابی ہو۔

۵- حرام : سیر ہونے کے بعد غیر معمولی زائد کھانا کھانا جو کہ بدن کیلئے نقصان دہ ہو۔ اس کو علماء نے حرام لکھا ہے اور دو وجہیں بیان فرمائی ہیں ۱- صحت کی خرابی ۲- اسراف۔

اشیاء میں اصل اباحت ہے:

کھانے پینے کی اشیاء میں اصل اباحت ہے۔ بلکہ جتنی اشیاء ہیں ان میں اصل اباحت ہے سوائے دو چیزوں کے کہ ان میں اصل حرمت ہے ۱- ابضاع ۲- لحم

اباحت کی وجہ : "خلق لکم ما فی الأرض جمیعا" سب کچھ انسان کے فائدے کیلئے پیدا کیا ہے

"وسخر لکم ما فی السموات وما فی الأرض"۔

جب اصل اشیاء میں اباحت ہے تو حلت کے رفع کیلئے یقینی دلیل کی ضرورت ہوگی محض وہم اور شبہ کی وجہ سے حلت رفع نہیں ہوگی۔ لہذا اگر شارع نے کسی چیز کو حرام نہیں قرار دیا تو وہ حلال ہے

اسباب حرمت : علماء نے لکھا کہ اسباب حرمت تعداد میں غور و خوض کرنے سے پانچ معلوم ہوتے ہیں:

۱- کرامت : جیسے کہ انسانی اعضاء۔ فقہاء نے لکھا ہے کہ کوئی شخص گندم پیس رہا ہو اور دانت گر جائے اور پس جائے تو ساری گندم حرام ہے۔

اور یہ کہ ایسے اجزاء ہوں جو کہ گھل مل جاتے ہیں اور ان سے بچنا ممکن نہ ہو جیسے ناک، پانی کا پسینہ۔

۲- مسکر (نشہ) : ایسی چیز جس کے کھانے سے عقل زائل ہو جاتی ہے۔ اور بعض حضرات صاحبین کے ہاں حد حکم یہ ہے کہ گفتگو خلط ملط ہو جاتی ہے اور ہذیان کا غلبہ ہو جاتا ہے تو یہ زوال عقل کی علامت ہے۔

جیسے خمر، افیون کی اتنی مقدار جس سے زوال عقل ہو جاتا ہے۔

۳- خبث : طبائع سلیمہ اس سے گھن کریں۔ جیسے حشرات الارض، اسی طرح احناف کے نزدیک مچھلی کے علاوہ تمام سمندری جانور۔

۴- مضرت : ایسی چیز جو انسانی جسم کے لئے صحت کو نقصان دہ ہو یا اس میں فوری طور پر ہلاکت کا خطرہ غالب ہو۔ جیسے زہریلی اشیاء

۵- نجاست : جیسے دم مسفوح، پیشاب، خون، لید وغیرہ

یہ پانچ اسباب حرمت ہیں جو کہ علماء اور مشائخ نے بیان کیے ہیں۔

١- بَابُ مَا جَاءَ عَلٰى مَا كَانَ يَأْكُلُ النَّبِيُّ - صلى الله عليه وسلم -

خِوان : اونچی تپائی / میز   سُکُرّجۃ : چھوٹے چھوٹے برتن .

سُفرۃ : نچلی روٹی / چٹائی -

خِوان : علامہ عینی نے لکھا ہے کہ یہ تپائی سی ہوتی تھی اور اس پر برتن لگا دیا جاتا تھا - اس تپائی کو دو چار لوگ مل کر اٹھاتے تھے - اس پر کھانا اس لیے کھایا جاتا تھا کہ جھکنا نہ پڑے -

حضور نے استعمال نہیں فرمایا تین وجوہ تھیں :

١- آپ علیہ السلام کی زندگی زاہدانہ تھی اور خوان میں کچھ تکلف تھا -

٢- اس زمانے کا متکبرین اس میں کھانا کھایا کرتے تھے -

٣- خوان عام دستیاب نہ تھی -

اب اگر کوئی استعمال کرے تو اس کا حکم کیا ہے اس کو کل بتلاؤں گا -

سکرجۃ : اس کی دو تشریح ہیں   ١- چھوٹے چھوٹے برتن جن میں کھانے کے ساتھ چٹنی، اچار وغیرہ رکھے جاتے ہیں -

٢- چھوٹی چھوٹی پلیٹیں کھانے کیلئے -

اگر پہلا مطلب لیا جائے تو استعمال نہ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ کھانا اتنی وسعت والے نہ تھے کہ چٹنی اچار وغیرہ کی ضرورت پیش آئے اور جب وسعت ہوئی تو حضور ایسے تکلفات کے عادی نہ تھے -

اور اگر دوسرا مطلب لیا جائے تو عدم استعمال کی وجہ یہ تھی کہ حضور کا عام معمول یہ تھا کہ اکٹھے ہو کر بڑے برتن میں کھاتے تھے - الگ الگ پلیٹ میں کھانے کا رواج نہ تھا -

مرقّق : نہ کھانے کی وجہ یہ تھی کہ اخراجات میں فراوانی نہیں تھی کہ چھلنی سے چھنا ہوا آٹا ہی کھایا جائے -

سُفرۃ : چمڑے کا دسترخوان -

میز / خوان پر کھانا کھانا کیسا ہے ؟

بعض حضرات اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ میز اور خوان وغیرہ پر کھانا کھانا خلافِ سنت ہے .

جواب سے پہلے ایک اصولی بات سمجھ لو کہ حضور کی **سنن کی دو قسمیں ہیں** :

١- **سنن مؤکدہ / سنن ہدیٰ** : وہ افعال جن پر حضور علیہ السلام نے بطور عبادت کے مواظبت فرمائی ہو -

حکم : ان افعال کا ترک مکروہ ہے ، اور اس کے قصداً ترک کو خلافِ سنت کہا جائے گا جبکہ موجب کراہت وملامت ہے

۲- **سننِ غیر مؤکدہ / سننِ زوائد یا عادیہ :** (عبادت میں غیر فرض جو عبادات میں ہوں تو سننِ غیر مؤکدہ / نوافل اور مندوب کہتے ہیں اور اگر عادات سے ہوں تو سننِ زوائد اور عادیہ کہلاتی ہیں)

وہ افعال جنہیں حضور علیہ السلام نے بطورِ عادت کے مواظبت سے ادا کیا۔ جیسے لباس، طعام، پینا، لیٹنا اور اسی طرح دیگر معاشرتی امور سے متعلق حضور کے افعال۔

حکم : حضور کی اتباع کی نیت سے ان پر عمل کرنا موجبِ ثواب ہے، ان کا ترک موجبِ کراہت و موجبِ عتاب نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص ان افعال کے علاوہ کوئی اور مباح طریقہ اختیار کرتا ہے تو اسکو خلافِ سنت نہیں کہا جائیگا۔ جیسے حضور کے لباس کے علاوہ کوئی ~~...~~ اور مباح لباس پہنا ہوا ہو تو جائز ہے۔ اور اس پر نکیر نہیں کرنی چاہیے کہ غیر منکر پر نکیر خود منکر ہے۔

آمدم برسرِ مطلب :-

اب حدیث کی طرف آئیے کہ زمین پر بیٹھ کر کھانا یہ سننِ زوائد کی قبیل سے ہے لہذا اگر اتباعِ سنت کی نیت سے ایسا کرے تو موجبِ ثواب ہے اور کھانے اس میں کھانے کا احترام بھی زیادہ ہے اور ہیئت بھی متواضعانہ ہے۔

لیکن اگر کوئی یہ ہیئت اختیار نہ کرے اور کرسی میز پر کھانا کھائے تو وہ تارکِ سنتِ عادیہ ہے۔ لہذا یہ عمل خلافِ سنت نہیں اور نہ منکر ہے۔ اس پر نکیر نہیں کی جائیگی۔

یہی وجہ ہے کہ حضرت انس ہی کے بارے میں آیا ہے کہ تازہ تازہ روٹی خستہ لگ رہی ہوتی اور وہ خوان پر کھانا کھا رہے تھے (سنن ابن ماجہ) حالانکہ حضرت انس خود اس حدیث کے راوی ہیں۔

سننِ مؤکدہ اور سننِ زوائد کی تعیین :-

البتہ بعض اوقات یہ فیصلہ مشکل ہو جاتا ہے کہ یہ فعل سننِ مؤکدہ میں سے ہے یا سننِ زوائد میں سے ہے۔ جیسے داڑھی کے مسئلے میں اختلاف کی وجہ یہی ہے ہم سننِ مؤکدہ میں سے مانتے ہیں اور مودودی صاحب وغیرہ سننِ زوائد میں سے مانتے ہیں۔

تو ایسی صورت میں یہ دیکھا جائیگا کہ حضور نے اس کو بطورِ عبادت کیا ہے یا بطورِ عادت کے اور اس کے ترک پر حضور نے نہی فرمائی ہے یا نہیں۔

مثلاً دائیں ہاتھ سے کھانا کھانا علماء نے سننِ زوائد میں سے لکھا ہے مگر مفتی محمود الحسن صاحب فرماتے تھے کہ حضور نے الٹے ہاتھ سے منع فرمایا ہے لہذا یہ سننِ مؤکدہ میں سے ہے۔

٢- باب ما جاء في أكل الأرنب

أنفجنا : بھگایا اس کی جگہ سے اکسانے کیلئے

مروة : سفید پتھر - / پتھر کو گھس کر چھری کی طرح بنایا جاتا ہے

فخذ : ران   ورکات : ران کے اوپر کا حصہ -

قال : قبلہ : ابتداءً انہوں نے روایت بالمعنی کی تھی جب کہ بعد میں فرمایا کہ کھایا نہیں قبول فرمایا تھا -

روایات میں تعارض :-

جمہور کے نزدیک خرگوش کا کھانا جائز ہے - اس میں کوئی حرج نہیں - مگر ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ایک روایت ہے جس سے کراہت معلوم ہوتی ہے -

ابوداؤد میں ہے "جيء بها إلى النبي صلى الله عليه وسلم فلم يأكلها ولم ينه عنها، وزعم أنها تحيض".

ابن ماجہ میں ہے - "يا رسول الله ما تقول في الأرنب؟ قال : لا آكله ولا أحرمه، فقلت : فإني آكل ما لا تحرمه، فقال : نبئت أنها تدمى".

تطبیق :- ان دونوں روایتوں کو محمول کرتے کہ آپ نے طبعیہ پر محمول فرمایا ہے - یہ حرمت کی دلیل نہیں - اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ مطلب نہیں کہ اس کو حیض آتا ہے بلکہ اس لیے نہیں کھایا کہ اسکو ذبح کرنے کے بعد بھی دھویا جائے اس کا خون بند نہیں ہوتا -

٣- باب ما جاء في أكل الضب

تقذرا : گھن کی وجہ سے -

ضب : گوہ - چھپکلی کی نوع کا جانور ہے - سات سو سال عمر ہوتی ہے اور دیگر فضائل بھی ہیں -

ائمہ کا اختلاف :-

ائمہ ثلاثہ : گوہ کا کھانا جائز ہے

احناف : گوہ کا کھانا مکروہ ہے - تحریمی اور تنزیہی دونوں روایتیں ہیں اور راجح تحریمی والی روایت ہے -

دلائل :-

ائمہ : حضرت ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کی روایت سے استدلال کرتے ہیں -

لنا : ١- عبدالرحمن بن شبل کی روایت ابوداؤد میں ہے کہ "نهى عن أكل الضب".

٢- طحاوی میں عبدالرحمن بن حسنہ کی روایت : "نزلنا أرضا ... فأصابتنا مجاعة"

اذ جبار رسول اللہ:

"إن أمة من بني إسرائيل مسخت دوابّ في الأرض، وإني أخشى أن تكون هذه، فأكفئوها"۔

عینی نے لکھا ہے کہ اس جانور کی شکل میں کسی قوم کو مسخ کیا گیا ہو وہ جانور حرام ہوتا ہے۔

۳۔ طحاوی میں حضرت عائشہ کی روایت: کہ ان کو گوہ ہدیہ کی گئی تو حضور نے انہیں کھانے سے منع فرمایا۔ سائل کو دینا چاہا تو حضور نے فرمایا: "أتطعمينها مالا تأكلين؟"

تعارض روایات اور تطبیق :-

اب دیکھیں روایات کا دونوں طرح کی ہیں۔ ان میں تطبیق ائمہ ثلاثہ نے الگ دی ہے اور احناف نے الگ۔

جمہور کی تطبیق:- جمہور ابن حجر: ابتداً صحابہ بھی اور حضور کو یہ اندیشہ تھا کہ یہ وہ جانور ہے جس میں بنو اسرائیل کو مسخ کیا گیا۔ اور پھر ایک وقت ایسا آیا جس میں حضور نے توقف فرمایا۔ اور "لا آكله ولا أحرمه" فرمایا۔ پھر جب حضور کو علم ہوا کہ ممسوخ کی نسل نہیں چلتی تو حضور کا اطمینان ہو گیا کہ یہ وہ جانور نہیں تو اس کی اجازت دے دی گئی تقذراً خود تناول نہ فرمایا۔

احناف کی تطبیق:-

مگر احناف دوسری تطبیق دیتے ہیں۔ "بذل" میں ہے کہ شروع میں حضور نے اکل ضب کی اجازت دی تھی البتہ آپ نے خود نہیں کھایا تھا اسکی وجہ ابن عباس سے مروی ہے کہ "تقذراً" اسے نہ کھایا اور بخاری میں ہے کہ حضور نے فرمایا "إنه لم يكن في أرض قومي فأجدني أعافه"۔

پھر ایک وقت میں آپ کو تردد ہوا کہ اسکی شکل میں بنو اسرائیل کو مسخ تو نہیں کیا گیا تو حضور نے فرمایا "لا آكله ولا أحرمه"۔ پھر جب اطمینان ہو گیا کہ یہ حلال نہیں ہے تو منع فرما دیا جیسا کہ ابوداؤد کی روایت میں ہے۔

ترجیح تطبیق احناف:-

اور احناف کی تطبیق راجح ہے کیونکہ اباحت اور حرمت میں تعارض ہو تو حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے۔

٢- بَابُ مَا جَاءَ فِي أَكْلِ الضَّبُعِ

الضبع: بجو، لکڑبگا۔

اختلاف ائمہ:-

شافعیہ اور حنابلہ: ضبع کھانا جائز ہے۔

احناف اور مالکیہ: ضبع کھانا جائز نہیں۔

دلائل:-

لھم: حدیث جابر رضی اللہ عنہ فی الکتاب۔ جو کہ سند کے اعتبار سے اصح ہے۔

لنا: حدیث خزیمہ بن جزء رضی اللہ عنہ فی الکتاب۔ جو کہ سند کے اعتبار سے اگرچہ زیادہ صحیح نہیں لیکن اس کی تائید ایک اصولی روایت جو کہ مسلم میں ہے اس سے ہوتی ہے۔
"نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن أکل ذی ناب من السباع".

الجواب عن حدیث جابر رضی اللہ عنہ:-

١- حدیث جابر میں "أقاله رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" میں ضمیر منصوب میں دو احتمال ہیں:
١- ضبع کا صید ہونا ٢- ضبع کا صید ہونا اور اس کا اکل۔
مگر پہلا احتمال راجح ہے۔ جس کی تائید ایک روایت سے بھی ہوتی ہے۔ جو کہ ابوداؤد میں حدیث جابر رضی اللہ عنہ: "سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الضبع فقال: هو صيد. ويجعل فيه كبش إذا صاده المحرم".

٢- زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ حضرت جابر کا اپنا اجتہاد ہے کہ جو وہ شکار کو کھایا کرتے تھا۔ اس کے بالمقابل حضرت علی کا اجتہاد ہے "انه نهى عن أكل الضب والضبع" ہے، اور حضرت علی کے اجتہاد کی تائید مسلم کی اس اصولی روایت سے ہوتی ہے۔

٥- بَابُ مَا جَاءَ فِي أَكْلِ لُحُومِ الْخَيْلِ

اختلافِ ائمہ :-

لحمِ خیل میں اختلاف ہے۔

جمہور مع صاحبین : لحمِ خیل مباح ہے

امام ابوحنیفہ اور امام مالک : مکروہ ہے۔ بحکم امام صاحب سے ظاہر الروایہ میں مکروہ تحریمی منقول ہے جو کہ راجح ہے + اور دوسری روایت میں کراہت تحریمی ہے۔

دلائل :-

لھم : حدیث جابر رضی اللہ عنہ فی الکتاب۔

لنا : ١- (ابوداؤد) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ "نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لحوم الخیل والبغال والحمیر"

٢- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت سے استدلال فرمایا ہے" والخیل والبغال والحمیر لترکبوھا وزینۃ" فرماتے ہیں کہ اگر اکل بھی ایک فائدہ ہوتا تو اس مقامِ امتنان میں اس کو بھی ذکر فرماتے۔

روایت کو دیکھیں تو حدیث جابر حدیث خالد کے مقابلے میں قوی ہے۔ شاید اسی لیے امام صاحب نے کراہت کا قول اختیار فرمایا نہ کہ تحریم کا۔

جواب :- اور حدیث جابر کا ایک جواب یہ ہے کہ "حدیث جابر خیبر کے موقع کی ہے" اور حدیث خالد بعد کی ہے تو پہلے اجازت ہوگی بعد میں ممانعت آگئی۔

٦- بَابُ مَا جَاءَ فِي لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ

المجثّمۃ : وہ جانور جس کو باندھ کر نشانہ بازی کی مشق کی جائے۔ ایسا جانور بالآخر زخموں کی وجہ سے مر جاتا ہے۔ اور اگر نہ بھی مرے تو ممانعت کی وجہ اس فعل کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔

الحمار الإنسي : پالتو گدھا جو کہ انسانوں کے ساتھ رہتا ہے

الأُنْسِيّ ، الإِنْسِيّ ، الأَنَسِيّ : ثلاث أوجہ۔

۷- باب ما جاء في الأكل في آنية الكفار

اسمیں کفار کے استعمال شدہ برتنوں کا حکم ہے۔

کفار کے برتنوں کی قسمیں: علماء نے لکھی ہے کہ کفار کے برتن دو طرح کے ہیں۔

۱۔ وہ برتن جسمیں وہ نجاسات ڈالتے یا پکاتے ہیں مثلاً خنزیر یا شراب وغیرہ۔

حکم: اگر کوئی اور برتن میسر نہ ہو تو دھو کر استعمال کیے جا سکتے ہیں مگر کوئی اور برتن میسر ہو تو دھو کر بھی استعمال نہ کیے جائیں۔

۲۔ وہ برتن جس کو نجاسات میں استعمال نہیں کیا جاتا مثلاً پانی یا کھانے وغیرہ کا برتن۔

حکم: دھونے سے پہلے استعمال نہ کرو۔ دھو کر استعمال کر سکتے ہو اگرچہ دوسرا برتن میسر بھی ہو۔

ممانعت کی وجہ:

ان دونوں میں فرق کی وجہ یہ ہے کہ نجاسات والے برتن یا دیگر برتنوں سے استقذار اور گھن آتی ہے۔ تو نجاسات والے برتن کو دھو کر بھی استعمال نہ کرنا چاہیے۔
اور بعض نے کہا کہ دھو کر بھی استعمال سے ممانعت کی وجہ تنفیر ہے۔ اسی وجہ سے ایک روایت میں توڑنے کا حکم دیا۔

۸- باب ما جاء في الفأرة تموت في السمن

"القوها وما حولها فكلوه"

اسمیں سمن جامد کا بیان ہے۔ اور اگر مائع ہو تو سارا گھی ہی "ما حولها" میں داخل ہو جائیگا۔

۹۔ بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ بِالشِّمَالِ

دائیں اور بائیں ہاتھ کے استعمال کا اصول:-

جو کام گندگی کا ہو وہ بائیں ہاتھ سے کیا جاتا ہے مثلاً استنجا اور ناک صاف کرنا وغیرہ۔
اور جو کام گندگی کا نہ ہو تو اس میں دائیں ہاتھ استعمال کیا جاتا ہے مثلاً کھانا پینا وغیرہ۔

دایاں اور بایاں قدم رکھنے کا اصول:-

اور قدم کے بارے میں اصول یہ ہے کہ ادنیٰ حالت سے اعلیٰ حالت کی طرف جا رہے ہوں تو
دایاں پاؤں مقدم رکھیں گے اور اگر اعلیٰ سے ادنیٰ حالت کی طرف جا رہے ہوں تو بایاں پاؤں مقدم رکھیں گے۔

نکتہ:- حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حدیث سے معلوم ہوا کہ جس کے ساتھ مشابہت سے کیا ہے اس
کا سامنے ہونا ضروری نہیں ہے۔ لہٰذا اگر کسی عدم میں مجوسی نہ بھی ہوں تب بھی آگ کے سامنے
نماز نہیں پڑھنی چاہیے کہ مجوس کی مشابہت لازم آتی ہے۔

۱۰۔ بَابُ مَا جَاءَ فِي لَعْقِ الْأَصَابِعِ:-

"فِي أَيَّتِهِنَّ الْبَرَكَةُ": معلوم نہیں کہ کس کھانے میں برکت ہے ہوسکتا ہے کہ اس میں ہو جو کھا لیا ہے
اور ہوسکتا ہے اس میں ہو جو برتن میں رہ گیا ہے اور ہوسکتا ہے کہ اس میں ہو جو انگلیوں پر لگ
رہ گیا ہے اور ہوسکتا ہے کہ اس میں ہو جو کہ دسترخوان پر گر گیا۔ ان تمام صورتوں میں اس کھانے کو کھانے کا حکم دیا گیا ہے۔

انگلیاں چاٹنے کی ترتیب:-

معجم طبرانی میں حضرت کعب کی روایت میں چاٹنے کی ترتیب بھی بیان ہوئی ہے۔
"يلعق الوسطى ثم التي تليها ثم الإبهام".

برکت کا مطلب:-

کسی چیز کی برکت کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز جس مقصد کیلئے وضع کی گئی ہے وہ مقصد اس کو پورا پورا
حاصل ہو۔ مثلاً کھانے سے تغذیہ اور طاقت میں قوت حاصل ہوتی ہے اور اس کھانے سے
نقصان بھی نہیں ہوتا تو یہ کھانے کی برکت ہے۔
لہٰذا اللہ تعالیٰ سے ہر چیز میں برکت مانگنی چاہیے۔ اسی طرح علم کی برکت یہ ہے کہ اس کا مقصد
عمل اور اشاعتِ دین حاصل ہو۔ حدیث میں عمر، مال اور دیگر اشیاء میں برکت کی دعا سکھلائی گئی ہے۔

١١- بَابُ مَا جَاءَ فِي اللُّقْمَةِ تَسْقُطُ

فليمط ما رابه منها : اس لقمے میں جو چیز ایسی لگی ہو کہ اسے ناپسند ہو اس کو ہٹا لے۔

رابه : بمعنی شک ، وكذا بمعنی : إذا رأى شيئا يكرهه.

للشيطان : "اللام" یا تو تعلیل کیلئے کہ لقمہ شیطان کی وجہ سے نہ چھوڑو۔
یا تملیک اور انتفاع کیلئے ہے کہ شیطان کیلئے یہ لقمہ نہ چھوڑو۔

حضرت حذیفہ کا سبق آموز جملہ :-

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو بادشاہ کے دربار میں لقمہ اٹھا کر کھانے سے ساتھی نے روکا تو فرمایا :
"أأترك سنة حبيبي لهؤلاء الحمقاء."

لعق أصابعه الثلاث : یہی سنت ہے۔ کم سے کم تین انگلیاں کھانے میں لگانا چاہیے۔ زیادہ بھر ہاتھ ڈالنا حرص کی علامت ہے —
تین انگلیاں اس وقت استعمال کرے جب ان سے کھانا ممکن ہو۔ اگر زیادہ انگلیوں کی ضرورت پڑ جائے استعمال کی جا سکتی ہیں وہ بھی سنت سے ثابت ہے۔
نفسیاتی معاملہ ہے کہ جب کم انگلیاں استعمال کرے گا تو لقمہ چھوٹا بنے گا اور چھوٹا لقمہ کھانے سے زیادہ چبانے کا موقع ملتا ہے اور پیٹ جلدی بھرتا ہے۔

تسلت : صاف کرنا ، **لحس** : چاٹنا.

نبیشة : صحابی رسول ہیں لیکن قلیل الروایات ہیں۔

استغفرت له القصعة : یا تو حقیقت پر محمول ہے کہ وہ تسبیح کرتا ہے کہ اگر آپ نہ چاٹتے تو شیطان چاٹتا۔ "وان من شيء إلا يسبح بحمده"
یا مجاز ہے کہ یہ چاٹنا تواضع کی علامت ہے اور تواضع مغفرت کا سبب ہے لہذا یہ برتن مغفرت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

۱۲ :- بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الأَكْلِ مِنْ وَسَطِ الطَّعَامِ :-

حافتیہ : حدیث میں تشنیہ مراد نہیں بلکہ جوانب اور اطراف مراد ہیں ۔

"لا تأکلوا من وسطہ" :-

مگر یہ اس وقت ہے جبکہ برتن میں ایک سے زیادہ لوگ کھا رہے ہوں تو ہر ایک اپنی جگہ سے کھائے اور اتنا زیادہ بیچ کے حصے میں نہ پہنچے، لیکن اگر اکیلے کھا رہا ہو تو اپنے سامنے سے کھائے اور ایسی صورت میں ایسا ہے کہ اعلیٰ حصے میں برکت اترتی ہے یعنی وہ حصہ جو کہ کھانے کا آخری حصہ ہے

۱۳ :- بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ أَكْلِ الثُّومِ وَالبَصَلِ :-

الکرّاث : گندنا / یہ ہرا پیاز جیسی چیز ہوتی ہے اور اس کی بو پیاز جیسی ہوتی ہے

الثوم : لہسن   البصل : پیاز ۔

"من أکل من هذه" یعنی الشجرة.

"فلا یقربنا فی مساجدنا" مراد یہ ہے کہ کوئی بھی بدبو دار چیز کھانے کے بعد مسجد میں نہ آئے ۔ مثلاً نسوار، تمباکو، سگریٹ اور حقہ وغیرہ ۔ تو ان چیزوں کی بو زائل کرکے مسجد میں جائے، اسی طرح حدیث کی مجلس اور قرآن کی تدریس میں بھی اس بات کا اہتمام کرے ۔

١٤-٤ باب ما جاء في الرخصة في أكل الثوم مطبوخاً :-

مطبوخاً : قید احترازی نہیں ہے۔ اصل مقصود ازالۂ بو ہے۔ تو اگر کسی اور طریقے سے حاصل ہو جائے مثلاً آچار یا سرکہ میں ڈال دیا گیا کہ بو کم ہو سکتی ہے۔ اور اگر پکانے سے بھی بو نہ گئی تو پکا ہوا کھا کر بھی مسجد نہ آئے۔

نزول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :

جب حضور مدینہ تشریف لائے تو ہر صحابی کی خواہش تھی کہ آپ ان کے یہاں حضور قیام فرمائیں مگر حضور نے اونٹنی کو چھوڑ دیا اور وہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے یہاں بیٹھی اور ان کا مکان دو منزلہ تھا۔ اوپر خود ٹھہرے اور حضور نیچے ٹھہرے تھے۔ مگر ان کو اس پر شرم آتی تھی۔ اور ایک دفعہ پانی گر گیا تو انہوں نے حضور کو تکلیف سے بچانے کیلئے ایک ہی لحاف تھا وہی اس پانی پر رکھ دیا۔ بالآخر ان کے کہنے پر حضور اوپر اور وہ نیچے مقیم ہوئے۔ حضور کا کھانا حضرت ابو ایوب کے پاس سے آتا تھا۔ اور حضور کچھ بچا کر ان کو واپس بھیج دیتے تھے۔ کیونکہ میزبان رسول حصولِ برکت کیلئے انتظار میں ہوتے تھے۔

بچا ہوا کھانا میزبان کو واپس کرنا : اب بچا ہوا کھانا میزبان کو واپس بھیجنا اس وقت ہے کہ جب میزبان اس کا خواہشمند ہو برکت کے حصول کیلئے۔ یا اس وقت بھیجنا مسنون ہے کہ جب میزبان نے سارا کھانا ہی آپ کو بھیج دیا ہو اور اپنے لئے اور بچوں کیلئے بھی نہ رکھا ہو۔
لیکن ان صورتوں کے علاوہ اگر کھانا چھوڑنے کی صورت میں ضائع ہونے کا خدشہ ہو تو کھانا بچا کر نہ جائے۔ جیسے آجکل ہمارے ملک میں دعوتوں میں بچا ہوا کھانا ضائع کر دیا جاتا ہے۔

تکلفوا لہ طعاماً : اہتمام سے کھانا بنایا۔

أخاف أن أوذي صاحبي : مراد حضرت جبریل علیہ السلام ہیں۔

حضرت ابو ایوب انصاری کے گھر میں قیام کی وجہ : تبع کے ایک بادشاہ نے حضور کیلئے یہ مکان تعمیر کیا تھا اور نسل در نسل یہ مکان چلا آرہا تھا اور اس بادشاہ نے حضور کے نام خط لکھا تھا، لہٰذا یہ مکان دراصل حضور ہی کا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر کسی کا احسان نہیں رکھا۔

١٥- باب ما جاء في تخمير الإناء وإطفاء السراج والنار عند المنام :-

أوكوا السقاء : مشکیزے کو ڈوری باندھ کر رکھو -

أكفئوا الإناء : برتن کو اوندھا رکھو دو -

خمروا الإناء : برتن کو ڈھانپ کر رکھو -

الفويسقة : چھوٹا شیطان یعنی چوہا -

تضرم : آگ لگانا / جلانا -

١٦- باب كراهية القران بين التمرتين

یعنی دو کھجوروں کو ملا کر کھانا -

حدیث کا مطلب :- مقصود یہ ہے کہ جب اجتماعی طور پر کھانا کھا رہے ہوں تو سب کا خیال رکھ کر کھانا چاہیے - ایسا نہ ہو کہ خود زیادہ سے زیادہ کھا لے اور دوسرے محروم رہ جائیں -

اجتماعی کھانے کا اصول :- مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ نے اس کا ایک اصول بتایا ہے کہ جو کھانا سامنے آئے تو سوچے کہ ہم سب میں اگر یہ تقسیم کیا جائے تو میرے حصے میں کتنا آئے گا بس اتنا ہی کھائے -

استیذان کی ضرورت :- حدیث کی [illegible] [ایک صورت یہ ہوئی] کہ دو آدمیوں میں کھانا مشترک ہو تو ایک زیادہ زیادہ نہ کھائے کیونکہ دوسرے کی حق تلفی ہوگی - البتہ اگر مالک نے دو دو کھجوروں کیلئے مباح کر دیا ہو جیسا کہ شادی بیاہ کا کھانا - یہ صورتیں بھی قران بین التمرتین میں داخل ہیں -

اگر زیادہ زیادہ لینے ہوں تو ساتھی سے اجازت لے لو جس طرح کہ جبلہ بتا رہے زبانی کہہ دو - یا دلالۃً اجازت ہو جیسے کہ کھانا وافر ہو اور جس موجود کو تو زیادہ لینے میں کوئی حرج نہیں -

کھانے میں احتیاط :- لوگ سسٹم کو یا شادی بیاہ کا کھانا اسمیں علماء نے احتیاط لکھی ہے اور بہت ضائع کرتے ہیں - آپ بس اتنا لو کہ جتنا کھا سکتے ہو اس سے زیادہ نہ لو - زیادہ لینے میں حرص کا اظہار ، بدتہذیبی اور کھانے کا ضائع ہونا جیسے گناہ جمع ہوگئے -

۱۷- بَابُ اسْتِحْبَابِ التَّمْرِ :-

حدیث کا مطلب :- یعنی جس گھر میں کھجور موجود نہیں اس گھر والے حقیقتاً بھوکے ہیں۔ کیونکہ کھجور ایسی چیز ہے جو آدمی بھوک مٹا دیتی ہے، اور آسانی سے حاصل بھی ہو جاتی ہیں۔

اسی طرح جس گھر میں روٹی موجود ہو تو وہ بھی ایسا ہی ہے کیونکہ باآسانی دستیاب ہو جاتی ہے اور بھوک مٹانے کا کام دیتی ہیں کہ کھانا تو ہر وقت میسر نہیں آتا۔

۱۸- بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحَمْدِ عَلَى الطَّعَامِ إِذَا فُرِغَ مِنْهُ :-

الأَكْلَةُ : کھانا - الأُكْلَةُ : لقمہ دونوں طرح پڑھا گیا ہے

کھانے کی دعاؤں کی حکمت :- ان مختلف دعاؤں کی تعلیم دے کر حضور علیہ السلام نے ہمیں یہ تعلیم دینا چاہ رہے ہیں کہ غور کرو کہ کن کن مراحل سے گزار کر اللہ تعالیٰ نے اس کھانے کا ہمارے لئے انتظام فرمایا اور کھانے کی توفیق دی، بغیر بیماری کے، عزت کے ساتھ عطا فرما دیا۔ اس پر اللہ کا شکر ادا کرو۔ لہٰذا کھانے کے ابتداء اور انتہا دونوں میں اللہ کی حمد و شکر کرو۔ اور اجتماعی کھانے میں بہتر ہے کہ کوئی ایک بسم اللہ اور الحمد للہ کچھ آواز سے پڑھ لے تاکہ دوسروں کو بھی یاد آ جائے۔

۱۹- بَابُ الأَكْلِ مَعَ الْمَجْذُومِ :-

مرجع ضمیر :-

فأدخلهُ : الضمیر راجع الی "الید" بتاویل العضو۔

"ثقةً" کا محل اعراب اور تقدیری عبارت :-

ثقةً : حال ہے۔ یعنی کل بسم اللہ حال کونک تثق باللہ وتتوکل علیہ۔

یا "حال کونی أثق باللہ وأتوکل علیہ"۔ یہ زیادہ بہتر ہے۔

پہلی تفسیر پر اشکال اور اس کا جواب:-

پہلی تفسیر پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ جب وسوسہ تو مجذوم کے ساتھی کو کرنا چاہیے نہ کہ مجذوم کو؟
جواب یہ ہے کہ مجذوم کو اس بات سے غم ہوتا ہے کہ میرے محبوب کو میری وجہ سے بیماری لگ جانے کا
یہ تفسیر بھی درست ہے۔

متعارض روایات:-

ایک طرف تو یہ روایت ہے جس میں مجذوم کے ساتھ کھانا کھانے کا ذکر ہے، اور
دوسری طرف یہ روایت ہے "فِرَّ مِنَ المجذومِ فِرارَكَ مِنَ الأسد" کہ مجذوم سے اجتناب کا حکم دیا۔
اور اسی طرح ایک قافلہ آیا جس میں ایک مجذوم بھی تھا تو آپ نے فرمایا "ارجع فقد بايعناك"۔

تطبیق میں دو قول:-

۱- جہاں اجتناب کا حکم ہے وہ احتیاط کے طور پر ہے (استحباب) اور اختلاط کا جہاں ذکر ہے وہ بیان جواز کیلئے ہے۔

۲- حافظ ابن حجر اور یہی راجح ہے:-
بہت سے امراض کے بارے میں زمانہ جاہلیت میں لوگوں کا عقیدہ تھا کہ ان کا عدوی بالذات ہوتا ہے اللہ کے حکم کے تابع نہیں۔ تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں مجذوم کو ساتھ بٹھایا اور "لا عدوى ولا طيرة" ارشاد فرمایا ہے تو وہاں اس عقیدے کی نفی کی ہے۔ اور جہاں بچنے کا حکم دیا ہے وہاں اس بات کی تعلیم دی ہے کہ مرض کے جہاں اور اسباب ہیں ایک سبب عدوی بھی ہے لہذا اس سے بھی بچنا چاہیے لیکن سبب اللہ کے حکم سے مؤثر ہوتا ہے بالذات مؤثر نہیں ہوتا۔

مجذوم کا نام:-

المجذوم: اسمه مُعَيقيب بن أبي فاطمة

حدیث شعبة أشبه: یہ امام ترمذی کی رائے ہیں جبکہ دیگر علماء فرماتے ہیں کہ شعبہ کی کیوں امام ترمذی نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے کیونکہ عبداللہ بن بریدہ کا سماع حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ثابت نہیں لہذا یہ تو منقطع روایت ہے۔ لہذا صحیح بات یہ ہے کہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ اصح ہے۔

۲۰۔

:- باب ما جاء أن المؤمن يأكل في معى واحد :-

ضیف کافر : اسمہ أبو غزوان ۔

"الكافر يأكل في سبعة أمعاء، والمؤمن يأكل في معى واحد" کے مطلب میں اقوال :-

۱۔ اشارہ ہے کہ مومن دنیا کی لذتوں کا زیادہ شوقین نہیں ہوتا جبکہ کافر دنیاوی لذتوں کا دلدادہ ہوتا ہے تو اس کی کنایۃً اس طرح تعبیر فرمایا ۔

۲۔ اشارہ اس طرف ہے کہ مومن حلال کھاتا ہے اور کافر حرام کھاتا ہے اور حلال ، حرام کے مقابلے میں کم ہوتا ہے ۔

(حرام مال آسانی سے اور زیادہ آتا ہے ۔ حضرت مفتی شفیع عثمانی صاحب فرماتے تھے کہ اگر مال آسانی سے آرہا ہو تو انسان کو متنبہ ہونا چاہیے کہ کچھ نہ کچھ گڑبڑ ہے)

(ایک بات تو یہ ذہن میں رکھو کہ حلال آسانی سے نہیں ملتا جو آسانی سے مل رہا ہو وہاں دال میں کچھ کالا ہے دوسری بات کہ کوئی دوسرا آپکو یونہی نہیں کھلائے گا ، آپ اپنی کمائی ہی کھاؤ گے ۔ دوسرے شخص تمہیں لوٹنے کیلئے جال بچھاتے ہیں ۔ لہٰذا حلال مال نہ آسانی سے آتا ہے اور نہ آسانی سے جاتا ہے ۔)

۳۔ یہاں "الف لام" عہد کا ہے اور کافر اور مومن سے خاص شخص مراد ہے جس کا ذکر مسلم (۱۸۱۳) میں آرہا ہے ۔ لہٰذا اس سے یہ اشکال بھی دور ہوجاتا کہ بعض دفعہ کافر کم اور مومن زیادہ کھاتے ہیں ۔

۴۔ اس سے برکت مراد ہے کہ مومن اللہ کا نام لے کر کھاتا ہے تو اس کے کھانے میں برکت ہوتی ہے اور کافر اللہ کا نام لے کر نہیں کھاتا تو اس کے کھانے میں برکت نہیں ہوتی ۔

۵۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ کافر سات شہوات کے ساتھ کھاتا ہے اور مومن ایک شہوت کے ساتھ کھاتا ہے "سبعة أمعاء" اس سے کنایہ ہے ۔

سات شہوات یہ ہیں ۱۔ شہوة الطبع ۲۔ شہوة النفس ۳۔ شہوة العين ۴۔ شہوة الفم ۵۔ شہوة الأذن ۶۔ شہوة الأنف ۷۔ شہوة الجوع ۔ اور مومن میں صرف شہوة الجوع ہوتی ہے ۔

۶۔ راقم الحروف کے نزدیک یہی اولیٰ ہے کہ "سبعة" کا عدد تکثیر کیلئے ہے اور بتلانا یہ مقصود ہے کہ مومن کی شان یہ ہونی چاہیے کہ وہ کم کھائے کہ اصل مقصد عبادت ہو اور زیادہ کھانے سے حساب دینا پڑے گا "لتسئلن يومئذ عن النعيم" جبکہ کافر کو کسی حساب و کتاب کی فکر نہیں ہوتی تو وہ ڈٹ کر کھاتا ہے ۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا قول:-

حضرت تھانوی رحمہ فرماتے ہیں کہ اتنی لوزانیت اور مزہ ذکر سے ہوتا ہے خدا کرے کہ کسی کو نصیب ہو۔ اور شیخ سعدی رحمہ اللہ والی روایت سے معلوم ہے کہ جس نے ایسی حضور سے کہ وہ اس وقت کیا کھا رہے تو فرمایا کہ ذکر اللہ سے جو ان کی غذا ہوگی -

٣- :باب ماجاء في طعام الواحد يكفي الاثنين:-

حدیث کے دو مطلب:-

اس کی دو تشریح کی گئی ہیں :-

١- جو کھانا دو آدمی سیر ہو کر کھا سکتے ہیں وہ کھانا تین یا چار آدمی کی بھوک مٹا سکتا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قحط کے زمانے میں فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ جس گھر میں جتنے افراد ہیں اتنے ہی ان پر افراد کا اضافہ کر دوں تاکہ سب کو کچھ مل جائے۔

٢- جو کھانا دو آدمیوں کی بھوک مٹا سکتا ہے وہ کھانا چار آدمیوں کی بھوک بھی مٹا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اجتماع اور ایثار و قربانی کی وجہ سے اسمیں برکت عطا فرما دیتے ہیں -

٢- :باب ماجاء في أكل الجراد:-

ٹڈی کھانے کا حکم:

ٹڈی کھانا فی نفسہ جائز ہے۔ اسمیں کوئی اختلاف نہیں ہے -

حضور علیہ السلام کا ٹڈی کھانا:

"نأكل الجراد" سے حضور کا کھانا ثابت نہیں ہوتا - اسی طرح ایک روایت میں ہے "نأكل معه الجراد" یہ بھی صریح نہیں - مگر ایک روایت میں ہے "يأكل معنا الجراد" اگر اس کو لیا جائے تو حضور کا تناول کرنا ثابت ہو جائیگا -

٢٣- بَابُ مَا جَاءَ فِيْ أَكْلِ لُحُوْمِ الْجَلَّالَةِ وَأَلْبَانِهَا :-

الجَلَّالَة: "جِلَّة" سے نکلی ہے اور اس کا معنی ہے "اونٹ کی مینگنی" - اور جلالہ سے مراد وہ جانور جو کہ گندگی کھاتا ہو -

جلالہ کا مصداق اور اس کا حکم:-

جو جانور کبھی کبھی گندگی کھائے اسکو جلالہ نہیں کہتے - بلکہ وہ جانور جو کہ اتنی کثرت سے گندگی کھاتا ہو کہ اسکے گوشت وغیرہ میں بدبو آتا ہو - "جلالہ" کا کھانا مکروہ ہے - کیونکہ گندگی کا اثر غالب ہوگیا ہے اور جسم طیب نہیں رہ سکتا - لیکن بو آ رہی ہو تو مکروہ ہے -

بو زائل کرنے کیلئے محبوس کرنا: علماء نے لکھا ہے کہ اس کی بو زائل کرنے کیلئے اسکو محبوس رکھا جائے - اور کتنی مدت تو یہ جانور کے حساب سے ہے - جیسے مرغی ہو تو تین دن - بکری ہو تو دس دن اور گائے اونٹ ہو تو ۴۰ دن تک - مگر اس کا تعلق تجربہ سے ہے کہ جتنے عرصہ میں بو زائل ہو جائے اتنے دن اسکو محبوس رکھی جائے - پھر ذبح کرکے کھایا جائے -

اور ایسا اوقات انسان بھی جلالہ ہوتا ہے کہ الٹی سیدھی چیزیں کھانے کی وجہ سے پسینے میں بو آتی ہے -

مِنْ فِيِّ السِّقَاءِ: مشکیزہ کا منہ - اس سے پانی پینے سے منع فرمایا کہ یکدم زیادہ پانی آئیگا جو کہ ضرر ہو سکتا ہے -

٢٤- بَابُ مَا جَاءَ فِيْ أَكْلِ الدَّجَاجِ :-

"فِي الحديث كلام أكثر" یعنی یہ روایت مختصر ہے - تفصیل بخاری اور مسلم میں آئی ہے -

واقعۂ حدیث کی تفصیل:-

تفصیلی واقعہ یہ ہے کہ زہدم جرمی کا قبیلہ حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ مرغی کھا رہے تھے ان کو بھی شریک کر لیا مگر ایک آدمی شریک نہ ہوا تو اس پوچھا تو اس نے کہا کہ میں نے ایک دفعہ مرغی کو گندگی کھاتے دیکھا تھا اور قسم کھائی تھی کہ کبھی مرغی نہیں کھاؤں گا -

حضرت ابو موسی نے اسکو کہا کہ تم ہمارے ساتھ کھا لو میں تمہیں واقعہ سناتا ہوں کہ میں اور بعض دوسرے اشعری ساتھی حضور کی خدمت میں سواری طلب کرنے کیلئے حاضر ہوئے تو حضور نے غصے میں قسم کھائی کہ نہیں دوں گا پھر جب مال غنیمت آیا تو حضور نے پانچ اونٹنیاں ہمیں دیں جب قسم یاد دلائی تو حضور نے فرمایا "یہ تمہیں اللہ نے دی ہیں - اور میں جب کسی چیز پر قسم کھاتا ہوں اور اسکے علاوہ کو خیر پاتا ہوں تو اسکو کر لیتا ہوں اور کفارہ ادا کر دیتا ہوں" لہذا تم بھی مرغی کھا لو اور قسم توڑ کر کفارہ ادا کر دو -

۲۵- باب ما جاء في أكل الحُبارى :-

حُبارى : سرخاب ، یہ شتر کی طرح کا پرندہ ہے ۔

بُرَیۡہ : تصغیر ہے اسم کی ، یہ ان کو پیار سے کہا جاتا تھا ۔

۲۶- باب ما في أكل الشِّواء :-

الشِّواء : بمعنی المشوی ، بھنا ہوا گوشت ۔

جَنباً مشویاً : جانب کا بھنا ہوا گوشت ۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ "ما مسّت النار" سے وضو لازم نہیں ہوتا ۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور کی زندگی سادہ تھی جو میسر آتا کھا لیتے تھے ۔ عمدہ کھانا بھی تناول فرماتے اور شکر کرتے ۔ اور سوکھی روٹی بھی کھا لیتے تھے اور اس پر بھی شکر کرتے ۔

۲۷- باب ما جاء في كراهية الأكل مُتَّكِئاً :-

حدیث کی تفصیل : شراح نے لکھا کہ یہ حدیث مختصر ہے ۔ اور ابن ماجہ میں یہ روایت تفصیل سے ہے کہ ایک دفعہ حضور مجمع میں کھانا تناول فرما رہے تھے اور دو زانوں بیٹھے تھے تو ایک اعرابی نے کہا یہ کیسے بیٹھ کر کھانا کھا رہے ہیں تو حضور نے فرمایا : "إن الله جعلني عبداً كريماً ولم يجعلني جباراً عنيداً"

اور ایک روایت میں ہے کہ آسمان سے ایک فرشتہ اترا جو کبھی زمین پر نہ اترا تھا اور حضور سے دریافت کیا کہ آپ "نبي بادشاه بننا چاہتے ہیں یا نبي عبد" ؟ تو حضور نے حضرت جبرئیل سے اشارے سے معلوم کیا اور کہا کہ "نبي عبد" ۔ اور پھر اس کے بعد حضور نے ٹیک لگا کر کھانا تناول نہ فرمایا اور فرمایا "أما أنا فلا آكل متكئاً"

ٹیک لگا کر کھانے کے دو مطلب [redacted] :-

"متکئاً": ٹیک لگانا۔

اس کے دو مطلب ہیں :-

۱۔ کہ ہاتھ سے یا تکیہ وغیرہ سے ٹیک لگا کر کھانا یہ متکبرین کی عادت ہے اور مکروہ ہے۔

۲۔ علامہ خطابی نے لکھا ہے کہ چار زانوں ہو کر کھانے کیلئے اطمینان سے بیٹھنا کہ زیادہ کھانے کا ارادہ ہو تو یہ بھی "اتکاء" ہے کہ اسمیں ٹیک نیچے لگی ہے۔

دوسرے مطلب کی تردید :- مگر حضرت نے تکملہ میں لکھا ہے کہ یہ علامہ خطابی کی اپنی رائے ہے مگر "اتکاء" کے مفہوم میں یہ داخل نہیں ہے۔ لہٰذا چار زانوں ہو کر بیٹھنا اسمیں داخل نہیں۔

کھانا کھانے کیلئے بیٹھنے کی مسنون کیفیت :-

اب کس کیفیت کے ساتھ بیٹھ کر کھائے تو کوئی خاص کیفیت منقول نہیں ہے بس دو باتوں کی رعایت رکھو اور پھر کیفیت جو بھی ہو :

۱۔ ایسی ہیئت ہو جو کہ متواضعانہ ہو۔ ۲۔ ایسی ہیئت جسمیں کھانے کی گنجائش ہو۔

لہٰذا دوزانوں بیٹھ کر بھی کھا سکتا ہے۔ ایک ٹانگ بچھا کر اور دوسری ٹانگ گھٹنہ کھڑا کر کے کھانا۔ اور "اقعاء" بیٹھ کر کھانا کہ سرین زمین پر ہو اور دونوں ٹانگیں کھڑی ہوں۔ مگر حضور سے "اکثر دو زانو بیٹھ کر کھانا ثابت ہے۔ اور اسی طرح چار زانوں بھی بیٹھ سکتے ہیں۔ مگر چار زانوں بیٹھنے میں دوزانوں بیٹھنے یا اقعاء بیٹھنے کے مقابلے میں تواضع کم ہے۔

۲۸۔ :- بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حُبِّ النَّبِيِّ علیہ السلام الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلِ :-

الحلواء : میٹھی چیز، کسی بھی شکل میں ہو۔

میٹھی چیز اور شہد کے پسند ہونے کا مطلب :-

پسند ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ فرمائش کر کے بنوائے ہوں بلکہ یہ مطلب ہے کہ اگر مل جاتا یا آجاتا تو رغبت سے کھاتے۔

۳۹--٤ بَابُ مَاجَاءَ فِي إِكْثَارِ الْمَرَقَةِ :-

هو أُدَدُ التَّمِيمِي: جب گوشت کا سالن اگر شوربے میں آگیا تو گویا شوربہ بھی ایک طرح سے گوشت ہی ہے۔

مُحَمَّدُ بنُ فَضَاء: یہ خوابوں کی تعبیر بتاتے تھے۔ سلیمان بن حرب نے ان کے بارے میں کہا ہے "حدیثہ کتعبیرہ" کہ انکی حدیث کا درجہ ان کے خوابوں کی تعبیر والا ہے۔

بوجہ طلقی: ہنستے مسکراتے چہرے کے ساتھ ملے۔

واغرف لجیرانک منہ: یعنی اسمیں سے ایک چمچ نکال کے پڑوسی کو دے دو۔

۳۰- فَضْلُ الثَّرِيدِ :-

الثَّرِيدُ: گوشت کا شوربے والا سالن جو اسمیں روٹیاں توڑ کے ڈال دی جاتی ہیں اور گوشت بھی توڑ کر ڈال دیا جاتا ہے۔ یہ حضور کو پسند تھا کیونکہ یہ زود ہضم ہوتا ہے۔

"لم یکمل من النساء الا مریم بنت عمران و آسیۃ امراۃ فرعون":-

یہ استثناء بیانِ حکم کیلئے نہیں ہے بلکہ بیانِ واقع کیلئے ہے اور قرینہ الکلام یہ ہے کہ اسمیں حضرت عائشہ کی فضیلت ہے۔ اسی طرح حضرت فاطمہ، حضرت خدیجہ اور دیگر کی بھی جزوی فضیلت آئی ہے۔

۳۱-: انهشوا اللحم نهشاً :-

نَهْشاً : گوشت کو دانت سے توڑ کر کھانا۔ (من باب فتح) وأيضاً : نهس بمعناه۔

أَهْنَأُ : من باب سمع : زیادہ خوشگوار۔

أَمْرَأُ : من باب فتح : خوشگوار ہونا مراد : زود ہضم

۳۲- بَابُ مَا جَاءَ عَنِ النَّبِيِّ علیہ السلام فِي الرُّخْصَةِ فِي قَطْعِ اللَّحْمِ بِالسِّكِّينِ :-

السِّكِّين : چاقو، چھری

احْتَزَّ : گوشت کاٹنا چھری سے

تعارض روایات :- معلوم ہوا کہ چاقو سے گوشت کاٹ کر کھانا درست ہے مگر اس کے بالمقابل حضرت عائشہ کی سنن ابوداؤد میں روایت ہے :-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : "لا تقطعوا اللحم بالسكين ، فإنه من صنيع الأعاجم ، وانهسوه، فإنه أهنأ وأمرأ".

دفع التعارض بالترجیح :- مگر اس روایت میں ابومعشر بن عبد الرحمٰن راوی ضعیف ہے۔

دفع التعارض بالتطبیق : عام معمول یہی کہ دانت سے توڑ کر اور نوچ کر کھاتے تھے اور کبھی گوشت سخت ہوتا تو ضرورتاً چھری بھی استعمال کرتے تھے۔
لہٰذا ہمیں بھی عادت تو ہاتھ سے کھانے اور دانت سے توڑنے کی بنانی چاہیے مگر ضرورتاً کانٹے یا چھری استعمال کرنے میں حرج نہیں۔
اور اگر کوئی بلا ضرورت بھی استعمال کرے تو زیادہ سے زیادہ اس کو خلاف ادب کہہ سکتے ہیں۔ ناجائز نہیں ہے۔

۳۳- أيُّ اللَّحمِ كانَ أحبَّ إلى رسولِ اللّٰہِ -صلی اللہ علیہ وسلم- ؟ :-

الذِّراعُ : دستی کا گوشت

ذراع کے محبوب ہونے کی وجہ :
اچھی لگنے کی وجہ یہ تھی کہ یہ جلدی پک جاتا تھا ۔ جیسا کہ آگے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے

غِبًّا : ناغہ کے بعد ۔ یعنی آپ گوشت کبھی کبھار کھاتے تھے ۔
جیسا کہ ایک روایت میں ہے "زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا" ۔

أعجلُها نُضجًا : یعنی یہ جلدی پک جایا کرتا تھا ۔

۳۴-:- بابُ ما جاءَ في الخلِّ :-

"نِعْمَ الإدامُ الخلُّ" :-
اس میں جہاں سرکہ کی فضیلت ہے اس طرح یہ بھی بتلانا مقصود ہے کہ کھانے میں زیادہ تکلف سے کام نہیں لینا چاہیے ۔ جو میسر آئے اللہ کا نام لے کر کھا لو چاہے سرکہ ہی کیوں نہ ہو ۔

~~جمع~~ **کِسَرٌ یابِسَۃٌ** : روٹی کے سوکھے ٹکڑے

"ما أقفرَ بیتٌ من أُدمٍ فیہ خلٌّ" کی ترکیب
"بیتٌ" موصوف ہے ۔ "فیہ خلٌّ" صفت ہے ۔
"من أُدمٍ" فاصلہ ہے ۔ اس کا تعلق "أقفر" سے ہے لہٰذا فصل بالاجنبی نہیں ہے
یعنی : "ما أقفرَ بیتٌ فیہ خلٌّ من أُدمٍ"
جس گھر میں سرکہ ہو وہ سالن سے خالی نہیں ۔

حضرت امّ ہانی کا تعارف : یہ ابو طالب کی بیٹی ہیں حضور ﷺ نے ان کا نکاح کا پیغام بھیجا تھا مگر ابو طالب نے انکی شادی "ہُبَیرَۃ" نامی شخص سے کر دی تھی کہ ان کے یہاں انکی لڑکیاں تھیں

پھر یہ لوگ مسلمان ہوگئے "اُمِ ہانی" کے شوہر ایمان نہ لائے تو تفریق ہوگئی۔ اور پھر حضور نے پیغام بھیجا تو اُمِ ہانی نے کہا کہ میں تو پہلے ہی راضی تھی لیکن میرے بچے چھوٹے ہیں اور مجھے ڈر ہے کہ آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ لہٰذا نکاح نہیں کیا۔

"هل عندكم شيءٌ"

: یہ بے تکلفی تھی۔ کوئی سوال نہیں ہے۔ اور رشتہ داروں میں ایسی بے تکلفی ہونی چاہیے۔ اور اگر نہ ہو تو رشتوں میں کوئی دراڑ ہوگا۔

اسی طرح سوال کی ممانعت ہے لیکن اپنے اور بھائی سے پیسے لینے کو عرف میں سوال نہیں کہا جاتا بلکہ یہ اپنائیت کی بات ہے۔

"وأمُّ هانئٍ ماتت بعد عليّ بن أبي طالب بزمانٍ" سے امام بخاری کی تردید :-

ام ہانی کی وفات حضرت علی کے کافی عرصہ بعد ہوئی ہے۔

اس سے امام بخاری پر تردید مقصود ہے۔ اس روایت میں شعبی حضرت ام ہانی سے نقل کر رہے ہیں اور امام بخاری کہتے ہیں کہ شعبی کا سماع حضرت ام ہانی سے ثابت نہیں۔ تو امام ترمذی فرماتے ہیں کہ شعبی کا سماع حضرت علی سے ثابت ہے اور خود امام بخاری نے بھی انکی ایک روایت حضرت علی سے نقل کی ہے۔ اور حضرت علی کے کافی عرصہ بعد ام ہانی کا انتقال ہوا۔

٣٥ :- أَكْلُ الْبِطِّيخِ بِالرُّطَبِ :-

البِطِّيخُ : خربوزہ اور تربوزہ دونوں کے معنی میں آتا ہے۔ لیکن مراد خربوزہ ہے۔

خربوزہ کے ساتھ کھجور کھانے کی وجہ :- خربوزہ جب زیادہ ٹھنڈا ہوتا ہے تو اسمیں برودت ہوتی ہے اور "رطب" میں حرارت ہوتی ہے تو دونوں کو ملا کر کھاتے تھے۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ اپنی طبیعت کے موافق کھانا کھانے پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور انتہائی طور سے جسم کی صحت اور حفظانِ صحت کا خیال رکھنا درست ہے۔

۳۶ :- أكل القِثَّاء بالرُّطَب :-

القِثَّاء : ککڑی

مگر یہ ان کیلئے ہے جن کو حرارت اور سردی اثر کرے۔ مگر جن پر ان کا کوئی اثر نہ ہو تو وہ جو چاہے کھائے۔ یعنی نازک طبیعت لوگوں کیلئے ہے نہ کہ طلبہ کیلئے۔

ککڑی کھجور کھانے کا فائدہ :- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بہت زیادہ دبلی پتلی تھیں تو شادی سے قبل ان کی والدہ طرح طرح کی چیزیں کھلاتی تھیں تاکہ کچھ فربہ ہو جائیں۔ مگر جب ککڑی اور رطب کھلائی تو اس کا فائدہ ہوا۔ یہ روایت ابن ماجہ میں ہے۔

۳۷ :- بابُ ما في شُربِ أبوالِ الإبل :

اجتووها : مدینہ کی آب و ہوا ان کو راس نہ آئی۔

حدیثِ باب میں دو مسئلے : اس میں دو مسئلے ہیں ١- "بول ما یؤکل لحمہ" کی طہارت کا مسئلہ جو کہ طحاوی میں گذر گیا۔
٢- حرام اشیاء سے علاج کا حکم اس کا ذکر "ابواب الطب" میں آئیگا۔

٣٨ - ١- الوضوء قبل الطعام وبعده -١

الوضوء : یہاں اصطلاحی مراد نہیں بلکہ ہاتھ دھونا مراد ہے۔ (لغوی معنی)

"**برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ**" ~~دو مطلب ۱~~ کی دو مطلب

اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں !

۱- اس سے حضور تورات میں تحریف کی طرف اشارہ فرما رہے ہوں۔

۲- ہو سکتا ہے کہ حضور اس پر اضافہ فرما رہے ہوں۔ کہ کھانے سے پہلے اور بعد دونوں میں ہاتھ دھونا باعث برکت ہے۔

برکت کا مطلب :- پہلے ہاتھ دھونے سے برکت یہ ہوگی کہ کھانے میں اضافہ اور برکت ہوگی اور بعد میں دھونے سے یہ ہوگا کہ کھانا ہضم ہوگا اور عبادت کی توفیق ملے گی۔

٣٩ - ١- باب في ترك الوضوء قبل الطعام -١

الوضوء : وضو کا پانی

"**إنما أمرت بالوضوء إذا قمت إلى الصلاة**"

اسمیں دو احتمال ہیں ۱- وضوء لغوی ۲- وضوء اصطلاحی

اگر وضوء اصطلاحی مراد ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ سائل نے سمجھی کہ جب بھی بیت الخلاء سے نکلا جائے تو وضو ضروری ہے تو حضور نے اسکی اصلاح فرمادی۔

اور اگر وضوء لغوی مراد ہو جو کہ اس باب کے زیادہ مناسب ہے۔ تو سائل نے پانی لانے کی پیشکش کی تو حضور کو محسوس ہوا کہ یہ کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کو ضروری سمجھ رہا ہے اس لیے تو حضور نے فرمایا کہ وضو تو نماز کیلئے ہوتا ہے یعنی ٹال دیا کہ کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا ضروری نہیں ہے۔ اور ہاتھ دھونا بس برکت کا ذریعہ ہے واجب نہیں۔

"كان سفيان الثوري يكره غسل اليد قبل الطعام" :-

سفیان ثوری غسل الید قبل الطعام کو مکروہ سمجھتے تھے اس روایت کی وجہ سے حالانکہ اسمیں وجوب کی نفی ہے اور اس سے کراہت لازم نہیں آتی۔

"وكان يكره أن يوضع الرغيف تحت القصعة" :-

سالن کے نیچے روٹی رکھنے کو بھی ناپسند فرماتے تھے کہ اسمیں روٹی کی تحقیر ہے۔

۴۰ -: أَكْلُ الدُّبَّاءِ :-

"الدُّبَّاء" : کدو، اسمیں اسکی تمام انواع داخل ہیں لوکی کدو۔ گول لمبا سب شامل ہیں۔

"يا لكِ شجرةً" : اے درخت شجرہ کیا کہنے، تو مجھے کس قدر محبوب ہے۔

"ترکیب" : "لكِ" ممیز ہے اور "شجرةً" تمییز ہے۔ "ما أحبك" صیغہ تعجب ہے "إليّ" اور "لحبّ" دونوں متعلق ہیں "أحبك" سے۔ "إياك" مفعول بہ ہے "حبّ" کا۔

"يتتبّع" : تلاش کر رہے ہیں۔

روایت کی تفصیل :- یہ روایت مختصر ہے تفصیل یہ ہے کہ خیاط نے حضور کی دعوت کی تھی اور اسمیں گوشت اور کدو تھا تو حضور اسمیں کدو تلاش کر کر کے کھا رہے تھے۔

تعارض روایات : اس روایت میں ہے کہ حضور کدو تلاش فرما کر کھا رہے تھے اور حضرت عمر بن ابی سلمہ کی روایت (۱۸۵۱) میں ہے کہ حضور نے فرمایا "کل مما یلیك" یعنی اپنے سامنے سے کھاؤ۔

تطبیق : ۱- (۱۸۵۲) نمبر روایت جو کہ حضرت عکراش کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کھانا اگر متعدد انواع کا ہو تو مختلف جگہ سے کھا سکتے ہیں اور اگر ایک نوع کا ہو تو اپنے سامنے سے کھانا چاہیے اور یہاں کدو گوشت وغیرہ مختلف نوع تھیں۔

CamScanner

۲- امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر رفقاء کو ادھر ادھر ہاتھ بڑھانے سے کراہیت ہو تو ممانعت ہے اگر نہ ہو تو کراہیت نہیں - اور یہاں رفقاء افضل اشرف تھے وہ خود حضور کے سامنے تدسش کر کے رکھنے لگ گئے تھے -

٤١- :- أَكْلُ الزَّيْتِ :-

الزَّیت : زیتون کا تیل -

اس حدیث میں زیتون کی فضیلت کا بیان ہے -

عبدالرزاق : یہ مصنف عبدالرزاق والے ہیں -

"کان عبدالرزاق یضطرب فی روایۃ ھذا الحدیث"

اضطراب یہ ہے کہ کبھی وہ اس حدیث کو "زید بن اسلم عن ابیہ" سے مرسلاً روایت کرتے ہیں اور کبھی موصولاً ، اور موصول میں کبھی حضرت عمر کے واسطے سے جزماً نقل کرتے ہیں اور کبھی ظناً .

٤٢- :- اَلْأَكْلُ مَعَ الْمَمْلُوْكِ :-

حدیث : "إذا كفىٰ أحدكم خادمُه طعامَه ، حرَّه ودُخانَه فليأخذ بيده و فليقعده معه فإن أبى فليأخذ لقمة فليطعمه إياه"

ترجمہ : جب تم میں کسی کو بے نیاز کر دے اسکا خادم کھانا بنانے سے اور اسکی گرمی اور دھویں سے بے نیاز کر دے تو اس کو چاہیے کہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسکو کھانے میں اپنے ساتھ بٹھا لے پس اگر وہ انکار کرے تو ایک لقمہ لے کر اسکو دے دے -

مرجع ضمیر میں دو احتمال :-

أبیٰ : مرجع میں دو احتمال ہیں ١- مالک کی طرف راجع ہے - یعنی اگر پسند نہ کرے تو ایک دو لقمے ہی دے دے - جیسے کہ دوسری روایات میں تشکیل کا صیغہ ہے -
۲- خادم کی طرف راجع ہے - کہ مالک کی ہیبت میں بیٹھ کر کھانے میں جھجک ہو گی -

"فلیأخذ لقمۃ فلیطعمہ إیاھا"
یہ اس وقت ہے جب کہ کھانا قلیل ہو تو ایک دو لقمے دیدے۔ اور اگر کثیر ہو
تو اسکو بیٹھا کر کھلادے۔

٤٣-: فَضْلُ إِطْعَامِ الطَّعَامِ :-

اضربوا الهام : گردنیں اڑاؤ / مارو
الجنان : جمع جَنّۃ

روایت کی تفصیل :- تفصیل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلام حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے تو چہرہ دیکھ کر
فرمایا کہ یہ چہرہ کسی جھوٹے کا نہیں ہوسکتا۔ اور فرمایا کہ حضور یہ تعلیم دے رہے تھے "أفشوا السلام
وأطعموا الطعام ـــ الخ"۔

٤٤-: فَضْلُ العَشَاءِ :-

حدیث : "تَعَشَّوا ولو بکفٍّ من حَشَفٍ، فإن ترک العشاء مَهْرَمَۃ"
ترجمہ : رات کا کھانا کھاؤ، اگرچہ ردی کھجور کی مٹھی ہی کیوں نہ ہو، اس لیے کہ رات کا کھانا
چھوڑنا جلدی بڑھاپا لاتا ہے۔

۴۵ - :- التسمية على الطعام :-

عمر بن أبي سلمة : حضور کے ربیب تھے - ام سلمہ کے پہلے شوہر سے ہجرت سے دو سال قبل پیدا ہوئے -

"جفنة كثيرة الثريد والودك" : بڑا سا برتن جس میں بہت ساری ثرید اور گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے تھے -

"تبلل كفيه" ہاتھوں کی کشش ہی تھی کہ منہ اور ہاتھوں سے کھا لیا -

وفي الحديث قصة : حضرت عکراش کی یہ روایت امام ترمذی کے ذہن میں ہو گی لیکن یہ تفصیلی قصہ حذف کر دیا اس لیے یہ فرما دیا - ورنہ وہ قصہ تو امام ترمذی نقل کر چکے ہیں -

"أما إنه لو سمى لكفاكم"
علماء نے لکھا ہے کہ اگر جماعت کھانا کھا رہی ہو تو بعض نے کہا کہ ایک کا بسم اللہ پڑھنا کافی ہے اور بعض نے کہا سب کا پڑھنا سب کے لیے ضروری ہے -
دوسرا قول لو تو درست ہے - اور پہلا قول لو تو حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر بسم اللہ مجلس میں پڑھی جائے تو وہ اسی وقت مجلس میں موجودین کی طرف سے کافی ہے اعرابی بعد میں آیا تھا -

۴۶ - :- كراهية البيتوتة وفي يده غمر :-

حساس لحاس : شیطان کی حس بہت تیز ہے - اور وہ بہت چاٹنے والا ہے -
ريح غمر : چکنائی کی بو -

"فلا يلومن إلا نفسه" : کیونکہ تم نے چکنائی صاف نہیں کی اور حدیث میں ہاتھ دھونا تو تم کو پریشانی یا مصیبت لاحق ہو گئی -

أَبْوَابُ الْأَشْرِبَةِ

اسمیں پینے سے متعلق چیزوں کا بیان ہے اور پینے کے آداب کا بیان ہے۔ اور ابتداء شرب خمر سے کی ہے۔

١- بَابُ مَا جَاءَ فِي شَارِبِ الْخَمْرِ :-

شرب خمر کی احادیث کو سمجھنے کیلئے کچھ تفصیل درکار ہے۔

شیخین کے نزدیک خمر کی تین اقسام:

امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک خمر کی تین قسمیں ہیں:

١- **خمر حقیقی** : النيء من ماء العنب إذا غلا واشتد وقذف بالزبد۔
یعنی انگور کا کچا شیرہ جسمیں نشہ پیدا ہو جائے۔ اور لغت میں اسی کو "خمر" کہا جاتا ہے۔

حکم : اسکی حرمت قطعی ہے۔ اور اس کا مستحل کافر ہے، اور اسکا قطرہ بھی حرام ہے چاہے نشہ نہ کرے اور نجس ہے نجاست غلیظہ۔ اور اسکی بیع بھی حرام ہے۔ اور اسمیں حد بھی جاری ہوگی چاہے گھونٹ پینے سے نشہ نہ ہو۔

ائمہ ثلاثہ اور امام محمد نے سارے احکام تینوں قسموں پر لاگو کر دیئے ہیں۔

٢- **خمر مجازی** : اسکی آگے تین قسمیں آتی ہیں:
طلاء ، نقیع تمر ، نقیع زبیب۔

طلاء : انگور کا شیرہ کہ اسکو پکایا جائے یہاں تک کہ ایک ثلث سے زیادہ رہ جائے۔ اور اسمیں نشہ پیدا ہو جائے۔
اور اگر ایک ثلث سے کم رہ جائے تو اسمیں نشہ پیدا نہیں ہوتا اور وہ شیرہ کہلاتا ہے۔
اور اگر ایک ثلث سے زیادہ رہا یہاں تک کہ آدھا رہ گیا تو "منصف" ہے۔ اور اگر آدھے سے بھی زیادہ رہ جائے تو اس کو "باذق" کہتے ہیں مگر "منصف" اور "باذق" طلاء کی ذیلی اقسام ہیں۔

نقیع تمر : کھجور (رطب) پانی میں ڈالے اور اس سے نشہ پیدا ہو جائے۔ اسکو "سکر" بھی کہتے ہیں

نقیع زبیب: کشمش کو پانی میں ڈال کر رکھ لیا جائے اور اس سے اس میں نشہ پیدا ہو جاتا ہے۔

خمر مجازی کہنے کی وجہ: ان کو خمر مجازی اس لیے کہتے ہیں کہ احادیث میں ان پر خمر کا اطلاق مجازاً کیا گیا ہے۔

حکم: ان کی حرمت ظنی ہے کیونکہ اخبار آحاد سے ثابت ہے۔ لہٰذا اس کا منکر کافر نہیں ہوگا اور پینے سے اس وقت حد لگائی جائے گی جب نشہ پیدا ہو۔ اور باقی احکام وہی ہیں کہ نجس ہے اور ایک قطرہ پینا بھی حرام ہے۔ اور بیع بھی حرام ہے۔

۳۔ **خمر حکمی**: جو خمر ان اشربہ اربعہ کے علاوہ ہو۔

حکم: اس کا پینا ہو تو حد لگے گی ورنہ نہیں۔ یہ نجس نہیں ہے۔ اتنی مقدار اس کی پینا جس میں نشہ نہ ہو تو تقوی للعبادۃ کی غرض سے نہ کہ تلہی کی غرض سے ہو تو جائز ہے شیخین کے نزدیک۔ اس کی بیع حلال ہے الا یہ کہ ایسے شخص کو بیچا جائے جس کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ اس سے نشہ کرے گا۔

ائمہ ثلاثہ اور امام محمد کے نزدیک تینوں قسموں کا حکم:

ائمہ ثلاثہ اور امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک ان تینوں قسموں پر خمر حقیقی کے احکام جاری ہوں گے۔

حنفیہ کے نزدیک مفتیٰ بہ قول:

اشربہ اربعہ کے علاوہ میں حضرات متاخرین نے پینے کی حد تک (داخلی استعمال میں) امام محمد کے قول پر فتویٰ دیا کہ قلیل مقدار پینا بھی جائز نہیں اگرچہ تقوی للعبادۃ کے لیے ہی کیوں نہ ہو۔

- اور پینے کے علاوہ (خارجی استعمال) میں حضرات شیخین کے قول پر فتویٰ دیا ہے۔ بیع وغیرہ جائز ہے الا یہ کہ ایسے شخص کو بیچا جائے جس کے بارے میں علم ہو کہ نشہ میں استعمال کرے گا۔

افیون اور ہیروئن وغیرہ بیچنے کا حکم:

اسی سے افیون اور ہیروئن وغیرہ کا حکم بھی معلوم ہوگیا کہ پینا تو ناجائز ہے البتہ بیچنا جائز ہے کہ ہو سکتا ہے کہ مشتری دوا میں اس کو استعمال کرے۔ الا یہ کہ یقین ہو کہ وہ نشے میں استعمال کرے گا تو بیچنا جائز نہیں۔

الکحل اور اس کا حکم :

یہیں سے الکحل کا مسئلہ بھی نکلتا ہے ۔ الکحل میں یہ خاصیت ہوتی ہے کہ یہ چیزوں کو خراب ہونے سے بچاتا ہے ۔ یہ روشنائی، پرفیوم، ہومیوپیتھک دواؤں اور دیگر کئی چیزوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

حکم : ۱۔ اگر اسکو انگور اور کھجور وغیرہ سے بنایا گیا ہو تو اس کا استعمال داخلی و خارجی دونوں ناجائز ہیں ۔ مگر گنا یا آلو وغیرہ سے بنایا گیا ہو تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اسکی بھی اجازت نہیں ہے ۔ مگر حنفیہ کے نزدیک اس کا بیرونی استعمال جائز ہے، اور داخلی استعمال جائز نہیں، ہاں دواؤں میں بوقت ضرورت اس کو استعمال کیا جاسکتا ہے ۔

دلائل الشیخین : ۱۔ "خمر" کا لفظ قرآن کریم میں استعمال ہوا ہے اور اس سے لغوی معنی ہی مراد ہیں ۔ حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "الخمر من العنب والسکر من التمر" ۔

۲۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : "حرمت الخمر لعینها، والسکر من کل شراب" ۔

۳۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو نبیذ پی کر نشہ میں آنے کی وجہ سے کوڑے لگائے، تو اس نے کہا کہ میں تو آپ ہی کے مشکیزے سے نبیذ پی ہے، تو حضرت عمر نے فرمایا : "انما جلدناک لسکرک" ۔

۴۔ حضرت ابوموسیٰ اور معاذ رضی اللہ عنہما نے حضور سے مکئی اور شہد کی نبیذ سے متعلق دریافت فرمایا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا : "اشربا ولا تسکرا" ۔

دلائل الجمہور : ۱۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا : "کل مسکر خمر، وکل مسکر حرام" ۔

۲۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "کل شراب اسکر فهو حرام" ۔

۳۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے : "ما اسکر کثیرہ فقلیله حرام" ۔

۴۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا : "کل مسکر حرام، ما اسکر الفرق منه فملء الکف منه حرام" ۔

جمہور کے دلائل کا جواب : ۱۔ شیخین جمہور کے مذکورہ دلائل میں تاویل کرتے ہیں کیونکہ حضرت معاذ اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کو خود حضور نے نبیذ کی اجازت مرحمت فرمائی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی نبیذ پیا کرتے تھے، ان اصحاب کرام کی طرف گناہ کی نسبت کیسے کی جاسکتی ہے؟ لہذا تاویل کرنی پڑے گی ۔ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے یہ تاویلات ذکر فرمائی ہیں :-

حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کی طرف سے جمہور کے دلائل کا جواب

پہلی حدیث کی تاویل: مراد یہ ہے کہ ہر مسکر حکم میں شراب کی طرح ہے، کیونکہ حضور اقدس بیان کرنے تو نہیں آئے تھے بلکہ حکم بیان کرنے آئے تھے لہذا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی [illegible] چیز میں نشہ پیدا ہو جائے تو اس کا الحاق خمر کے ساتھ کیا جائیگا علت سکر کی وجہ سے۔ اور جو حکم خمر کا ہے وہی اس کا بھی ہوگا۔

دوسری اور چوتھی حدیث کی تاویل: یہ حدیث سدِّ ذرائع کی قبیل سے ہے کہ اگر کوئی شخص تلہی کی غرض سے قلیل پینا شروع کر دے تو یہ مفضی الی الکثیر ہوگی لہذا حرام ہے۔ ہاں! اگر تقوی للعبادۃ کی غرض سے مثلث کا قلیل پینے کو جائز ہے حرام نہیں کیونکہ وہ مفضی الی الکثیر نہیں ہوتی کیونکہ دل میں خوفِ خدا ہونے کی وجہ سے۔

تیسری حدیث کی تاویل: "قلیل" کلی مشکک ہے، لہذا ہر وہ کثیر جو کہ مسکر ہو اس کے قلیل دو طرح کا ہو سکتا ہے ایک وہ قلیل جو کہ غیر مسکر ہو۔ دوسرا وہ قلیل جو کہ مسکر ہو۔ اور یہاں قلیل مسکر مراد ہے جو کہ بوجہ سکر حرام ہے۔

تیسری حدیث کی تاویل حضرت سہارنپوری رحمہ اللہ کی طرف سے:

یہ جواب "القول بموجب العلۃ" کی قبیل سے ہے۔ جس کا حاصل اس کا یہ ہے کہ ہمارے یہاں مسکر حرام ہے، اور مسکر وہ آخری گھونٹ ہے جس سے نشہ آجائے، اور اس آخری مسکر گھونٹ کا جس طرح کثیر حرام ہے قلیل بھی حرام ہے۔ یہی مراد الحدیث ہے۔

"من شرب الخمر في الدنيا فمات وهو يدمنها لم يشربها في الآخرة" کے دو مطلب:

۱- جنت میں تو جائے گا مگر اور جنتیوں کی طرح جنت کی شراب اس کو نہیں ملے گا۔

۲- عدمِ شربِ خمر عدمِ دخولِ جنت سے کنایہ ہے۔

دوسرے مطلب پر اشکال: شارب خمر مومن فاسق ہے کافر نہیں۔ اور ہر مومن جنت میں جائیگا؟

جوابات: ۱- مراد وہ شاربِ خمر ہے جو کہ شربِ خمر پر مداومت بھی کرتا ہو اور مستحل بھی ہو۔

۲- مراد یہ ہے کہ جتنا عرصہ جہنم میں سزا بھگتنے کیلئے رہا اتنا عرصہ جنت میں نہیں جائیگا۔

۳- زجر و تشدید پر محمول ہے۔

(۱۸۵۷)

"من شرب الخمر لم تقبل له صلاة أربعين صباحا"

صباحا: صبح کی نماز کیلئے استعمال ہوتا ہے مگر یہاں مراد : "یوما" ہے۔

چالیس دن کی تخصیص کی وجہ:

جس نے شراب پی تو اسکی چالیس دن تک کی نمازیں قبول نہ ہوں گی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ علماء نے فرمایا کہ باطن میں حرام کا اثر چالیس دن تک رہتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی نیک کا اثر باطن میں پیدا کرنا ہو تو چالیس دن تک مداومت کرے۔ اور اس بات کو نفسیاتی ڈاکٹرز بھی تسلیم کرتے ہیں۔ اسی لیے احادیث میں "أربعین" کے عدد کا ذکر بہت ملتا ہے۔

تبلیغ اور خانقاہی چلّہ: اسی سے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ "وَوٰعَدْنَا مُوسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً" سے تبلیغی چلے اور خانقاہی چلے کے بارے میں استنباط کیا جا سکتا ہے۔

مولانا یعقوب صاحب رحمہ اللہ کا واقعہ:

۱- حضرت مولانا یعقوب صاحب رحمہ اللہ کہیں دعوت پر گئے تھے۔ کسی نے دعوت کی اور کھانا حرام مال کا تھا تو انکو ایک لقمہ کھا کر ہی احساس ہو گیا اور لقمہ تھوک دیا۔ مگر بعد میں فرماتے تھے کہ اس ایک کا اثر چالیس دن تک عبادات میں رہا۔

۲- ایک لڑکا بازار سے انڈے کھاتا تھا۔ ایک گھر والوں نے حرام کر دیا۔ اور مسئلہ ایک کیسے لکھا کہ اسکے بعد اساتذہ دار العلوم دیوبند کی دعوت کی۔ حضرت یعقوب صاحب رحمہ اللہ فرماتے: اس کے بارے کی دعوت کا بھی اثر ایسا رہا تھا کہ اس کے بعد عبادات میں عجیب الحاد و دہریت کا احساس ہوتی تھی۔

عدم قبولیت صلاۃ کا مطلب:

لم تقبل له صلاة: ۱- یہاں قبول سے مراد قبول اجابت ہے نہ کہ قبول اصابت۔ لہذا ذمہ تو فارغ ہو جائے گا مگر ثواب مرتب نہیں ہوگا۔ (ماخوذ من الکوکب الدری)

لم یتب الله علیه: یعنی اگر چوتھی دفعہ شراب پی تو اللہ اسکی توبہ قبول نہیں کریں گے۔

عدم قبول توبہ کے دو مطلب: ۱- زجر و توبیخ پر محمول ہے۔

۲- مراد یہ ہے کہ توبہ کی توفیق نہیں ملے گی۔

(۱۸۵۸) **"البتع":** نبیذ العسل۔

٤ - : نَبِيذُ الجَرِّ :-

الجَرّ : مٹکا - مراد وہ مٹکا ہے جس کو تارکول یا تیل وغیرہ سے لیپ دیا گیا ہو تاکہ اس کے مسامات بند ہو جائیں - اس کو اگلی حدیث میں "مُزَفَّت" کہا گیا ہے

٥ - : كَرَاهِيَةُ أَنْ يُنْتَبَذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيرِ وَالحَنْتَمِ :-

"أخبرناه بلغتكم وفسره لنا بلغتنا" :-
یعنی آپ عربی میں بتا دیں اور چونکہ عرب کے الفاظ مشکل ہوں گے تو اس کی تشریح بھی فرما دیں۔

الحَنْتَمَة : روغنی مٹکا القَرْعَة : کدو
النَّقِير : کھجور کا تنا جس کو کریدا جاتا ہے - زیادہ بہتر نسخہ "[illegible]" ہے۔
المُقَيَّر : جس پر قیر ملا گیا ہو - الأسقية : چمڑے کے مشکیزے

٦ - : الرُّخْصَةُ أَنْ يُنْتَبَذَ فِي الظُّرُوفِ :-

فلا إذن : کہ تمہارے ~~لئے~~ لئے ممانعت نہیں -

شراب کے برتنوں میں نبیذ بنانے کا حکم چھوڑنے کی وجہ :-

- اس نوع کی احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضورؐ نے ممانعت فرمائی تھی، وجوہ :

١- ان برتنوں کے مسامات بند ہونے کی وجہ سے نشہ جلدی پیدا ہو جاتا ہے تو امکان ہے کہ نشہ آور پی لو۔ جبکہ چمڑے کے مشکیزے نشہ آنے سے پھول جاتے ہیں تو معلوم ہو جائیگا۔

٢- یہ برتن شراب میں استعمال ہوتے تھے، تو ~~[illegible]~~ حرمت ختم کے بعد ان کو استعمال کرنا سے دوبارہ شراب یاد آئیگی -

٣- ان برتنوں میں شراب کے اثرات تھے - کہ جب پانی لگا کر اثرات ختم ہو گئے تو اجازت دے دی -

بعد میں حضور ﷺ نے اجازت مرحمت فرما دی تھی۔ جمہور کا یہی قول ہے

مالکیہ کا مذہب:-

بعض علماء جن میں مالکیہ بھی ہیں وہ اس بات کے قائل ہیں کہ ان برتنوں میں نبیذ کی ممانعت اب بھی باقی ہے۔

حدیث ابن عمرؓ کی توجیہ:- باقی (۱۸۶۷) میں سوال کے جواب میں حضرت ابن عمرؓ نے بس اتنا ہی بتلایا ہے کہ منع فرمایا تھا اب بعد میں اجازت دی یا نہیں اس کا ذکر نہیں فرمایا۔ اور ہو سکتا ہے کہ سائل کی حالت دیکھ کر نہیں بتلایا۔

۷ -: بَابُ مَا جَاءَ فِي السِّقَاءِ :-

"سِقَاءٍ يُوكَأُ أَعْلَاهُ، لَهُ عَزْلَاءُ"

مشکیزہ جس کا منہ بند کر دیا جاتا تھا اور اسکی ایک ٹونٹی ہوتی تھی۔

دفع تعارض:- "تَنْبِذُهُ غُدْوَةً وَيَشْرَبُهُ عِشَاءً"

ابوداؤد میں ہے کہ اگر آج بناتے تھے تو آج کل اور اگلے دن شام تک پیتے تھے یعنی تین دن۔ اور یہاں ایک دن کا ذکر ہے تو علماء نے اسکو موسم کے اختلاف پر محمول فرمایا ہے۔

۸ -: الْحُبُوبُ الَّتِي يُتَّخَذُ مِنْهَا الْخَمْرُ :-

محمل حدیث:- اب حضرات ائمہ ثلاثہ اور امام محمد اسکو حقیقت پر محمول کرتے ہیں۔ اور ہم کہتے ہیں کہ حقیقی خمر تو انگور ہی کی ہے۔ اور یہ تمام علتِ اسکار کی وجہ سے اسکے ساتھ ملحق کی گئی ہیں۔

"الخمر من هاتين الشجرتين: النخلة والعنبة" :-

یعنی کھجور کو بھی شراب میں شامل کیا ہے۔ لہذا یہ الحاق ہے کیونکہ قوی ہے اسی لئے ہم اسکو دوسری قسم میں شامل کرتے ہیں۔

۹-: خَلِيْطُ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ :

البسر : کچی پکی کھجور۔ **التمر** : پکی کھجور۔

جمہور کا مذہب :- جمہور کے نزدیک خلیطین حرام ہیں اب چاہے بسر اور تمر ہوں یا تمر اور زبیب ہوں وغیرہ۔

دلائل الجمہور :- ان کا استدلال احادیث باب سے ہے۔

(۱/۱۷۱)

حنفیہ کا مذہب : احناف کے نزدیک پانی میں اگر بسر اور تمر وغیرہ ڈال دی جائیں یا تمر اور زبیب یا کوئی اور چیزیں متعدد ڈالی جائیں تو اس کو پینا درست ہے۔

دلائل الحنفیہ : ۱- ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: "كنت آخذ من تمر وقبضة من زبيب، فألقيه في إناء وأمرسه (مل کر نرم کرتی) ثم أسقيه النبي صلى الله عليه وسلم"۔

۲- اور ابوداؤد ہی میں حضرت عائشہ رضی کی ایک روایت ہے: "أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ينبذ له زبيب فيلقى فيه تمر أو تمر فيلقى فيه زبيب"۔

احادیث باب کی توجیہات :- ممانعت والی روایات کے دو جوابات دیے گئے ہیں:

۱- ممانعت اس وجہ سے تھی کہ جب مسلمانوں کے حالات تنگ تھے تو حضور نے فرمایا کہ ہم ایسے عیش کے متحمل نہیں۔ پھر جب اللہ نے وسعت دی تو پھر اجازت دے دی کہ جتنی بھی چیزیں ملائیں۔ (طحاوی)

۲- نہی والی روایات منسوخ ہیں۔ ابتداءً ممانعت کی وجہ یہ تھی کہ ایک چیز نشہ جلدی پیدا کر دیتی ہے اور ان میں کی دوسری میں نشہ دیر سے پیدا ہوتا ہے تو معلوم نہ ہوگا کہ نشہ آور ہو گیا ہے۔ پھر بعد میں جب صحابہ راسخ ہو گئے اور نشہ سے بچنے لگے تو اجازت دے دی۔

۳- علامہ نووی رح / تکملہ میں بھی اس کو لیتے فرمایا کہ ممانعت والی روایات کراہت تنزیہی پر محمول ہیں۔

۱۰ -: كَرَاهِيَةُ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ :-

رَمَاهُ بِهِ : پانی سمیت وہ برتن اسکی شخص کو دے مارا۔

دِهْقَانٌ : حضرت حذیفہ فارس میں کسی جگہ گورنر تھے اور یہ شخص جو ... دیہات کی تھی۔

الحَرِيرُ : پتلا ریشم   **الدِّيبَاجُ** : موٹا ریشم

۱۱ -: النَّهْيُ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا :-

الأَكْلُ؟ : یعنی پانی پینے کی طرح کھڑے ہوکر کھانا کھانا بھی منع ہے؟

أَشَدُّ : کیونکہ کھانے میں اور زیادہ وقت لگتا ہے۔

"ضَالَّةُ المُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ" : مسلمان کی گمشدہ چیز جہنم کی آگ ہے یعنی اسکو اپنے پاس مت رکھو۔

(۱۸۷۵) کا اس باب سے تعلق نہیں ہے۔ نقل کرنے کی وجہ :

۱- محدثین فرماتے ہیں کہ قتادہ ابو مسلم سے جو روایات نقل کرتے ہیں وہ کبھی بلا واسطہ نقل کرتے ہیں اور کبھی واسطہ کے ساتھ بھی نقل کرتے ہیں۔
لہذا یہ نہ سمجھا جائے کہ (۱۸۷۴) والی روایت منقطع ہے۔

۲- بعض نے کہا کہ قتادہ تدلیس کرتے ہیں۔ لہذا اس روایت کو لا کر اشارہ کیا کہ امکان ہے کہ جس طرح اس روایت میں واسطہ ہے ہو سکتا ہے کہ گزشتہ روایت جو کہ باب سے متعلق ہے اس میں بھی واسطہ ہو لیکن قتادہ نے تدلیس کرکے ساقط کر دیا ہو۔

۱۲ -: الرُّخْصَةُ فِي الشُّرْبِ قَائِمًا :-

اس باب میں تین روایات ذکر فرمائی ہیں ۱- حدیث ابن عمر ۲- حدیث ابن عباس
۳- حدیث عبداللہ بن عمرو بن عاص۔

"کھڑے ہو کر کھانے پینے کی روایات میں تعارض کی توجیہات" :-

اب شراح کا طرز عمل ان روایات کے بارے میں مختلف رہا کہ بعض نے نہی والی روایات کو منسوخ اور رخصت اباحت کی روایات کو ناسخ قرار دیا ہے اور بعض نے اس کے برعکس کہا ہے۔

مگر جمہور نے تطبیق دی ہے کہ حضور علیہ السلام کی اصل عادت بیٹھ کر کھانے پینے کی ہی تھی اور جہاں کھڑے ہو کر کھانے پینے کا ذکر ہے تو وہ روایات یا تو عذر سے محمول ہیں یا بیان جواز کیلئے آپ نے فرمایا۔

بعض حضرات (امام طحاوی) فرماتے ہیں کہ کھڑے ہو کر پینا طبی طور سے نقصان دہ ہے اسی لیے منع فرمایا اور شرعاً اسکی اجازت ہے۔ اور بعض نے اسکی اس طرح تعبیر کی ہے کہ نہی تنزیہ پر محمول ہے اور جہاں کھڑے ہو کر کھانا ثابت ہے وہ اباحت پر محمول ہیں۔

اور حدیث ابن عمر رض کی ایک تاویل یہ بھی کی گئی ہے کہ یہاں چلتے پھرتے کھانے سے معمولی شے جن کو اہتمام کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھ کر نہیں کھایا جاتا۔ اور ممانعت ان کے بارے میں ہے جن کو اہتمام کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھ کر کھایا جاتا ہے۔

۱۳ :- التَّنَفُّسُ فِي الإِنَاءِ :-

أَمْرَأُ : خوشگوار اور زود ہضم دونوں معنی ہو سکتے ہیں۔

أَرْوَى : خوب سیراب کرنے والا ہے

"أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الإِنَاءِ ثَلَاثًا" کا مطلب :-

"أي: كان يتنفس في حالة الشرب من الإناء ثلاثا" یہ تقدیر نکالی جائے گی تاکہ نفخ والی روایات سے تعارض نہ ہو۔ (المفهم في الشراب)

حدیث نمبر (۱۸۷۷) "أن النبي صلى الله عليه وسلم شرب من زمزم وهو قائم" کی تشریح :-

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ زمزم اور وضو کا پانی کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے کیونکہ اس طرح زیادہ پیا جا سکتا اور زمزم میں یہ مطلوب ہے۔ جبکہ بعض حضرات جن میں علامہ شامی بھی ہیں فرماتے ہیں کہ زمزم اور عام پانی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اور جہاں کھڑے ہو کر پینے کا ذکر ہے وہاں بیٹھنے کی جگہ نہ تھی۔

١٤ - ٤ - الشُّرْبُ بِنَفَسَيْنِ :-

پانی کتنے سانس میں پینا چاہیے؟

پچھلے باب میں ذکر ہوا تین سانس میں پینے کا ۔ اور یہاں دو سانس میں پینے کا ذکر ہے یہ بھی جائز ہے۔ اور ایک سانس میں بھی پینا درست ہے کہ تھوڑا پانی ہو جیسے دوا وغیرہ ۔ اور کبھی زیادہ ہو تو تین سانسوں سے زیادہ میں بھی پی سکتے ہیں ۔ لہذا تین سانس میں پینا عام عادت کی سنت ہے ۔

رِشْدِيْنُ بْنُ كُرَيْب : امام دارمی نے ان کے اور ان کے بھائی محمد بن کریب کے بارے میں فرمایا **"مَا أَقْرَبَهُمَا"** یعنی یہ دونوں ایک جیسے ہیں ۔ لیکن رشدین ارجح ہیں ۔
امام بخاری نے محمد بن کریب کو ترجیح دی ہے، مگر امام ترمذی نے امام دارمی کے قول کو اختیار کیا ہے ۔

١٥ : كَرَاهِيَةِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ :-

النفخ في الشراب : پینے کی چیز میں پھونک مارنا ۔

برتن میں پھونک مارنے کا حکم : یہ مکروہ ہے ۔ اگر کوئی تنکا وغیرہ ہو تو کچھ پانی گرا دو مگر پھونک نہ مارو ۔

کراہیت کی وجہ : کراہت کی وجہ یہ ہے کہ تھوک وغیرہ جا سکتا ہے لہذا اس سے دوسرے لوگوں کو کراہت ہو گی اور منہ کی بدبو بھی ہوتی ہے جو کہ برتن میں آ جائے گی ۔
اس علت کو دیکھ کر علامہ عینی نے فرمایا کہ یہ کراہت اس وقت ہے جب کوئی اور بھی پینے میں شریک ہو ۔ اگر تنہا ہو تو درست ہے کہ کراہت نہیں ۔
مگر علامہ ابن حجر نے فرمایا کہ کراہت مطلق ہے ہو سکتا ہے کہ بعد میں کوئی اور پیے ۔

گرم کھانے میں پھونک مارنا : اس حدیث سے علماء نے استنباط کیا ہے کہ گرم کھانے کو ٹھنڈا کرنے کیلئے پھونک مارنا بھی ناپسندیدہ ہے ۔

القَذَاة : جمع : قذى : تنکا وغیرہ ۔

أَهْرِقْهَا : یہ اس وقت ہے جب کہ پانی سے تنکا نکالنے کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ مقصد حصولِ طہارت بھی نہ ہو۔ یہاں دراصل سائل نے سوال ہی ایسی حالت کے بارے میں کیا تھا کہ جب کوئی چارہ نہ ہو۔

"قال فإني لا أروى من نفس واحد" کا مطلب :
چونکہ شارع نے منع فرمایا تو وہ صحابی یہ سمجھے کہ سانس لینا بھی منع ہوگا کہ اس سے بھی ذرات اور بو اس میں جائیگی۔

فَأَبِنِ القَدَحَ إِذَنْ عَنْ فِيكَ : اس وقت برتن کو اپنے منہ سے جدا کر دو۔

١٧ :- اختناث الأسقية :-

اختناث الأسقية : مشکیزے کا نیچے والا حصہ موڑ کر اس سے پانی پینا منہ لگا کر۔

١٨ :- الرخصة في ذلك :-

قِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ : لٹکا ہوا مشکیزہ۔
فَقَطَعْتُهُ : مشکیزے کا منہ کاٹ کر اٹھوا لیا اپنے پاس برکت کیلئے رکھ لیا۔ یہ بالکل یہی واقعہ ام سلیم کے ساتھ بھی پیش آیا۔

اس روایت میں جواز کا بیان ہے لہٰذا کہ مشکیزے میں ممانعت کا بیان پایا گیا۔ تو جہاں ممانعت کی وجوہ سمجھیں :-

ممانعت کی تین وجوہ :-
١- بار بار مشکیزے کے منہ سے پانی پینے سے اس منہ کی بدبو آنے لگتی ہے۔
٢- ہوسکتا ہے کہ کوئی کیڑا اندر ہو اسکو پتا نہ ہو کہ پیٹ میں چلا جائے۔
٣- زیادہ مقدار میں پانی حلق میں جائیگا جو کہ صحت کیلئے مضر ہے۔

روایات میں تطبیق :

١- نہی بڑے مشکیزے کے بارے میں ہے اور اباحت چھوٹے مشکیزے کے بارے میں ہے۔

٢- نہی عام حالات میں ہے - اور اباحت ضرورت کی صورت میں ہے جیسے آپ کے پاس کوئی برتن نہ ہو جس میں پانی نکال کر پی سکیں - یا جلدی میں ہیں یا جگہ ایسی ہے کہ اطمینان سے ہاتھ میں پانی لے کر نہیں پی سکتے۔

٣- نہی محمول ہے عادت بنانے پر - اور اباحت والی روایات محمول ہیں اس پر کہ کبھی کبھار پی لیا۔

٤- نہی والی روایات کراہت تنزیہی پر محمول ہیں اور اباحت والی روایات بیان جواز پر محمول ہیں - اور علماء نے لکھی ہے کہ مشکیزے کا منہ نہیں توڑنا چاہیے کیونکہ جب شروع کرتا ہے تو اس سے وہ کراہت بھی اسکے زائل ہو جاتی ہے - اور توڑ کر نہ پھینکا بلکہ تعلق کر کے لٹکا دیا تاکہ برکت کو دیکھ کر کچھ تسلی ہو جائے۔

١٩- بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ الأَيْمَنِينَ أَحَقُّ بِالشُّرْبِ -١

یعنی دائیں طرف بیٹھے لوگ پینے کے زیادہ حقدار ہیں بائیں طرف بیٹھے ہوئے لوگوں کے مقابلے میں۔

"قَدْ شِيبَ بِمَاءٍ" : دودھ کے مزاج میں جو حرارت ہے اس کو زائل کرنے کیلئے پانی ملا دیا جاتا تھا - جیسے آج کل بھی گرمی میں لسی بناتے ہیں - اور بعض نے کہا کہ مقدار زیادہ کرنے کیلئے پانی ملا دیا کیونکہ غربت کا زمانہ تھا - مگر یہ اپنے ذاتی استعمال کیلئے تھا - بیچنے کیلئے نہیں۔

ترکیب - "الأَيْمَنُ فَالأَيْمَنُ" ، بالرفع أي: "الأَيْمَنُ أَحَقُّ" أو بالنصب: "أي أَعْطِ الأَيْمَنَ"

مسلم شریف کی روایت - مسلم میں یہی روایت حضرت ابو بکرؓ اور ابن عباسؓ کے بارے میں ہے تو جب حضرت ابن عباس نے دینے سے منع فرما دیا ~~[illegible]~~ اور کہا : "واللّٰه لا أُوثِرُ على نصيبي منك أحداً"۔

روایات میں تعارض - مشکوٰۃ میں آپ نے پڑھی ہے کہ شہد سے لے کر کچھ لوگ آئے اور حضور نے بائیں سے شروع کی تو فرمایا "كَبِّرْ كَبِّرْ" - اور یہاں مذکور ہے کہ دائیں جانب والے کو ترجیح دی جائے۔

اسی طرح دوسری روایات میں مسواک والی بھی ہے جسمیں بڑے کو ترجیح دی۔

دفعِ تعارض کی توجیہ: علماء نے فرمایا کہ بڑے کو ترجیح دینے والی بات اس وقت ہے جبکہ سب سامنے ہوں، دائیں بائیں کوئی نہ ہو۔ یا سب پیچھے موجود ہوں۔ یا مجمع ہو اور اس کے ان سب موجود ہونے کوئی کسی کو ترجیح کیلئے دے دے کیونکہ دائیں بیٹھ والے کو اوروں کے دائیں جانب ہونے کی وجہ سے ترجیح ملی تھی۔

اگر ایسی صورت نہ ہو بلکہ بعض دائیں ہوں اور بعض بائیں جانب تو پھر دائیں جانب سے شروع کریں۔

۲۰ :- ساقي القوم آخرهم شربا :-

اسمیں ایثار سکھلایا گیا ہے۔

فوائد الحدیث: علامہ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس سے یہ سبق مل رہا ہے کہ قوم کے مصالح کو اپنے ذاتی مصالح پر اور اوروں کو ترجیح دینی چاہیے۔

اور اسی طرح جب قوانین وضوابط بنائے جائیں تو عمومی مصلحت کا لحاظ رکھنا چاہیے۔ بعض لوگوں کی مصلحت کو دیکھ کر نہیں بنانے چاہییں۔

۲۱ :- أيُّ الشراب كان أحبَّ إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم :-

الحُلو البارد: یعنی میٹھا اور ٹھنڈا مشروب پسند تھا۔ اور حضور کیلئے پانی بھی "بیرِ غرس" سے آتا تھا۔ اور وصیت بھی فرمائی تھی کہ اس کے پانی سے مجھے غسل دیا جائے۔

پسند کی وجہ: بندہ جب ایسا پانی پیتا ہے تو دل سے شکر ادا کرتا ہے۔ اور حضور کی یہ پسند عام پانی میں بھی تھی اور دلکش مشروبات میں بھی۔

أبوابُ البِرِّ والصِّلَةِ

عن رسولِ اللہ - صلی اللہ علیہ وسلم -

البر: **لغۃً** نیکی - **مراد** یہاں وہ ہے جو حدیث میں ہے کہ "البرّ حسن الخلق"
لہٰذا اس باب میں ان احادیث کا بیان ہے جن کا تعلق حسنِ اخلاق اور سوءِ اخلاق سے ہے۔

الصلۃ: **لغۃً**: جوڑنا: **مراد**: رشتہ داروں اور والدین کے ساتھ صلہ رحمی کرنا -
لہٰذا اس میں صلہ رحمی اور قطع رحمی سے متعلق احادیث کا بھی بیان ہوگا -

صلہ رحمی کی تعریف:
حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ صلہ رحمی کو اجمالاً اس طرح سمجھا جا سکتا ہے -
"ایصالُ ما أمکن من الخیر، ودفعُ ما أمکن من الشرّ"
اب خیر چاہے مال، دعا یا مدد کسی کو پہنچاؤ یا کوئی تکلیف اور شر ان سے دور کرو -
اب عزیز و اقارب میں سب سے بڑا رشتہ والدین کا ہے کہ وہ ہمارے وجود کا ذریعہ ہیں اور پھر ان کے بعد درجہ بدرجہ دیگر رشتہ دار -

۱ :- بِرُّ الوالدین :-

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کی چند صورتیں:
والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کی مختلف شکلیں ہیں:
۱- والدین کی تعظیم دل میں ہو -
۲- والدین کی اطاعت ہو -
۳- والدین کی خدمت کرو - اور ان کی راحت رسانی کے طریقے تلاش کرو -

اصلاحی بات: بعض لوگ کہتے ہیں کہ والدین خود بتلائیں لیکن یہ ایسی ہی بات ہے جیسے کہ جب تم چھوٹے تھے تو کیا وہ تم سے پوچھ پوچھ تمہاری ضروریات پوری کرتے تھے؟ لہٰذا تم بھی اظہارِ ضرورت کا انتظار نہ کرو بلکہ خود مواقع تلاش کرو -
سچی بات یہ ہے کہ ہم طالبعلموں کی والدین کی خدمت کے حوالے سے بہت کوتاہی ہے - تو مہینے تم خدمت سے محروم ہوئے ہو - اور پھر جب چھٹی ہوتی ہے تو تم جماعت میں اور اللہ کے راستے میں لگ

جاتے ہو۔ حقیقت میں تمہارا سب سے اہم کام والدین کی خدمت ہے۔ جہاد اور اگر وہ تمہیں اجازت دیں تو ۱۵ ، ۱۶ دن لگا لو اپنی تربیت کی غرض سے۔ حضرت مفتی شفیع عثمانی صاحب یہ حسرت کیا کرتے تھے کہ میں اپنی والدہ کی خواہش پوری نہ کر سکا کہ ان کی آخر عمر میں یہ خواہش تھی کہ میں ان کی چارپائی کے پاس بیٹھا رہوں مگر میں یہ خواہش پوری نہ کر سکا۔ اب سوچتا ہوں کہ کوئی کام نہ کرتا اور صرف ان کی یہ خواہش پوری کر دیتا۔

حضرت اویس قرنی کو والدہ کی خدمت کی وجہ سے یہ مقام ملا کہ حضرت عمر کو حضور نے کہا کہ ان سے دعا کروانا۔

والدین وہ نعمت ہیں کہ جب چھن جاتی ہے تو بجز حسرت کے انسان کے پاس کچھ بھی نہیں رہتا۔

ہر نظر پر حج مقبول کا ثواب ہے۔

۴۔ ان کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہو۔ انکی زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔ حدیث میں آتا ہے کہ ایک شخص والدین کا نافرمان ہوتا ہے مگر وفات کے بعد اتنی دعائیں کرتا ہے کہ اللہ اسکو فرمانبردار لکھ دیتا ہے۔ اور والدین کے لئے ایصالِ ثواب کرو اور اسکی تین صورتیں ہیں۔ پہلے درجے میں دعا۔ اور دوسرے درجے میں صدقہ و خیرات اور صدقہ جاریہ اور تیسرے درجے میں تلاوت و عبادات کا ثواب پہنچائے۔

۵۔ والدین کے عہد اور وصیت کی تکمیل کرو۔

۶۔ والدین کے متعلقین اور رشتہ داروں کے ساتھ بھی حسنِ سلوک کرے کہ یہ بھی والدین کے ساتھ حسنِ سلوک میں داخل ہے۔ حضور علیہ السلام بکری ذبح کرتے تو حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کے یہاں گوشت بھجواتے۔

مَنْ أَبَرُّ؟ میں کس کے ساتھ حسنِ سلوک کروں؟

تین دفعہ ماں کا ذکر کرنے کی وجہ: حضور نے تین دفعہ ماں کا ذکر فرمایا اور چوتھی دفعہ باپ کا ذکر کیا۔ کیونکہ وہ تین گنا زیادہ مشقت برداشت کرتی ہے جن کا ذکر آیت میں ہے " وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا "

۱۔ حمل ۲۔ وضعِ حمل ۳۔ رضاعت۔ اور چوتھے درجے میں تربیت دونوں کرتے ہیں۔

والدین میں سے کس کو ترجیح دی جائے؟

علماء نے لکھا ہے کہ دونوں ہی کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا چاہیے۔ اگر کہیں تزاحم ہو جائے تو تعظیم میں والد کو ترجیح دے اور خدمت میں ماں کو ترجیح دے۔

۲ :- بابٌ (بلا ترجمة) :-

لو استزدته لزادني : اگر میں آپ سے مزید سوال کرتا تو آپ اور بتلاتے کہ اسکے بعد کونسا عمل افضل ہے۔

افضل الاعمال والی احادیث میں تعارض کی توجیہ :-

۱- مختلف جوابات کبھی سائل کے احوال سے مختلف ہوئے ہیں کہ اسکے لئے جس کی ضرورت تھی اسکی تلقین فرمائی اور کبھی حالات کی وجہ سے مختلف جوابات دیے کہ جہاد کی ضرورت ہوتی تو اسکی بیان فرمائے تھے۔

۲- مطلقاً فضیلت والے اعمال بیان کرنا مقصود ہے - اور اسم تفضیل اپنے معنی میں نہیں ہے۔

۳ :- الفضلُ فی رضا الوالدَین :-

"ابی امی" اور بعض روایات میں "ابی" کا لفظ ہے۔

"الوالد اوسط ابواب الجنة"

اب اگر سائل والد کی بات پوچھ رہا ہے تو معنی واضح ہے۔ اور اگر سائل ماں تھی تو یہاں والد کا حکم بتلا کر والدہ ماں کا حکم اس سے بطریق اولیٰ معلوم ہو گیا۔

والدین کے مطالبہ پر بیوی کو طلاق دینا کیسا ہے؟

اسمیں تفصیل ہے کہ اگر بیوی ایسی ہو کہ جس سے والدین کو تکلیف و اذیت پہنچتی ہو اور ازالہ اور اصلاح کی کوئی صورت نہیں تو طلاق کا مطالبہ والدین کر سکتے ہیں تو جائز ہے۔

اور اگر بیوی تکلیف بھی نہ دیتی ہو یا اصلاح کی کوئی صورت ممکن ہے تو طلاق دینا جائز نہیں ہے کہ یہ ظلم ہے۔ اور والدین کی خاطر کسی پر ظلم کرنا جائز نہیں ہے۔

"لا نعلم احدا رفعه غیر خالد" :-

شعبہ کے شاگردوں میں صرف خالد بن الحارث نے اس روایت کو مرفوعاً نقل کیا ہے۔

شعبہ کے باقی شاگردوں نے اس کو موقوفاً نقل کیا۔

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ خالد بن حارث ثقہ ہیں - لیکن اس کے باوجود امام ترمذی نے موقوف روایت کو "اصح" قرار دیا ہے ، وجہ اسکی احتیاط پر عمل ہے۔

٤ :- عُقوقُ الوالِدَین :-

وَجَدنی وَکانَ مُتَّکِئاً : ٹیک لگا کر بیٹھے تھے اور سیدھے بیٹھ گئے اگلی بات کی اہمیت بتلانے کیلئے۔
لَیتَہٗ سَکَتَ : اتنی بار کہا کہ حضور پر شفقت کی وجہ سے یہ سوچا ، یا اتنا زیادہ کہ سوچنے لگے کہ اب خاموش ہو جائیں ۔

"یسبُّ أبا الرجلِ فیسبُّ أباہُ" کا مطلب اور "سدِّ ذرائع" کا اصول :-

چونکہ ہم سبب بن رہے ہو لوگوں کو باہم گالی دینے - "وَلا تَسُبُّوا الَّذِینَ یَدعُونَ مِن دُونِ اللّٰہِ فَیَسُبُّوا اللّٰہَ" اس سے علماء نے ~~سدِّ ذرائع~~ "سدِّ ذرائع" کا اصول نکالا ہے کہ اگر کام فی نفسہٖ مباح ہو لیکن وہ حرام کا ذریعہ بنتا ہو تو اس سے بچنا بھی ضروری ہے۔
اور علامہ عینی نے لکھا ہے کہ اعتبار غالب کا ہے - اگر غالب گمان ہے کہ وہ مفضی الی الحرام ہے تو بچنا ضروری ہے۔
اسی طرح شیرہ وغیرہ بیچنا ایسے شخص کو جس کے بارے میں غالب گمان ہے کہ شراب بنائیگا تو یہ جائز نہیں ہے - اور اگر یقینی نہ ہو تو اس میں وہی قاعدہ ہے جو کہ مشروع میں آپ نے سمجھا ہے کہ اگر معصیت میں اس کا استعمال اسی حالت میں ہو سکے وہ تحریمی ہے اور اگر صورت میں تغیر کے بعد استعمال کیا جائے تو حکم وہ تنزیہی ہے -

٥ :- إکرامُ صَدیقِ الوالِدِ :-

"أهلَ وُدِّ أبیهِ" : یعنی والد سے محبت رکھنے والے

فوائدِ حدیث :- حاصل حدیث یہ ہے کہ والد سے محبت رکھنے والوں کے ساتھ والد کی وفات کے بعد حسن سلوک یہ والد کے ساتھ حسن سلوک ہے -
حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اسمیں والدین کے ساتھ اساتذہ اور مشائخ بھی داخل ہیں - ان کی وفات کے بعد ان کے گھر والوں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرنا چاہیے -
حضرت عائشہ عبد الرحمٰن بن عوف کے حالت ایسے فرماتی تھیں کہ میں تمہارے باپ کا احسان کبھی نہیں بھولوں گی کہ حضور کے بعد وہ ہمیں نہ بھولے - اور حضرت ابن عوف نے ازواج کا وظیفہ مقرر کر رکھا تھا اور اپنے انتظام پر عمرہ بھی کروائے تھے -

٦ - ۱ : برّ الخالة :-

"الخالة بمنزلة الأم" : خالہ ماں کی جگہ ہے۔

"في الحديث قصة طويلة" جو کہ صحیح بخاری میں ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عمرے کیلئے تشریف لائے اور واپس ہونے لگے تو حضرت حمزہ کی صاحبزادی حضور کو "یا عم، یا عم" کہہ کر پکارنے لگی کہ حضور اور حضرت حمزہ رضاعی بھائی تھے۔ اور حضرت فاطمہ سے کہا کہ اسکو ساتھ لے لو اور مدینہ تشریف لے آئے۔ اور یہاں آکر تین حضرات میں حضانت کے بارے میں اختلاف ہوا۔ حضرت زید بن حارثہ نے حضانت کا مطالبہ کیا کہ حضرت حمزہ میرے مواخاتی بھائی تھے۔ حضرت علی نے فرمایا کہ وہ میرے چچا تھے۔ اور حضرت جعفر نے فرمایا کہ اس بچی کی خالہ میرے نکاح میں ہے۔ تو حضور نے حضانت حضرت جعفر کے حق میں ڈگری کی اور فرمایا "الخالة بمنزلة الأم"۔ اور حضرت علی اور حضرت زید کی بھی تسلی بخش کلمات سے دلجوئی فرمائی۔

حسن سلوک سے کون سے گناہ معاف ہوتے ہیں؟

"فبرّها" یعنی اگر والدہ نہیں تو خالہ کے ساتھ ہی حسن سلوک کرو گناہ معاف ہو جائیگا۔

ا- اگر یہ گناہ صغیرہ تھا تو وہ حسن سلوک سے معاف ہو جاتا ہے اور "ذنبا عظیما" انہوں نے اپنی دانست میں کہا ہے۔ فی الواقع صغیرہ تھا۔

اور اگر گناہ کبیرہ ہو تو حسن سلوک سے کیسے معاف ہوگا؟

۱- ان صاحب کی یہ خصوصیت تھی حضور کے کہنے کی وجہ سے۔

۲- حضرت گنگوہی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان صاحب نے توبہ کر لی تھی مگر دل میں ایک کھٹک تھی تو اسکو دور کرنے کیلئے حضور نے فرمایا کہ خالہ کے ساتھ حسن سلوک کرو تو دل مطمئن ہو جائیگا۔ اور یہ طریقہ حضور نے اور بھی کئی موقع پہ اختیار فرمایا ہے۔ جیسے حیض میں جماع کرنے والے کو کہا کہ ایک دینار صدقہ کرے تاکہ توبہ کے لئے دل مطمئن کرنے کیلئے تھا۔

اور حضرت کعب نے غزوۂ تبوک سے پیچھے رہنے پر جب معافی کا اعلان ہوا تو فرمایا:

"إن من توبتي أن أنخلع من مالي"۔

حدیث میں ہے۔ "أتبع الحسنةَ السيئةَ تمحها"۔

اس کو بعض علماء نے اس طرح تعبیر فرمایا کہ گناہ تو توبہ سے معاف ہو جاتا ہے

ب مگر گناہ کی ظلمت نیک اعمال کرنے سے زائل ہو جاتی ہے۔

اسی وجہ سے قرآن میں "رب اغفر وارحم" یعنی گناہ کی بخشش کے بعد ظلمات کو دور کرکے رحم بھی فرما۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں: اگر کسی کا ساتھ کسی سالک کو کسی اور حقیقی مناسبت اور اس نے معاف بھی کر دیا تو معافی تو مل جائیگی مگر دل مکدر ہوگا، زائل نہیں ہوگا بلکہ مستقل حسن سلوک کرنے سے آہستہ آہستہ زائل ہوگا۔
اسی لیے صوفیاء فرماتے ہیں کہ گناہ ہو جاتا تو توبہ کر کے صدقہ دینا بھی کرو تاکہ ظلمت بھی دور ہو جائے۔

۷ :- دُعَاءُ الوالدَین :-

دَعْوَةُ الوالدِ علیٰ وَلَدِہٖ : والد کی بددعا اپنے بچے کیلئے۔
لہٰذا والدین کی بددعا سے بچنا چاہیے۔ بلکہ اپنی خدمت کریں کہ ہر ساعت دل سے دعا نکلے۔
اور حضرت ابن عباس کو حضور نے خدمت کی وجہ سے یہ فقہ دعا کی تھی "اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّینِ وَعَلِّمْہُ التَّاوِیل"۔
اور حضرت انس کو بھی حضور نے مال، اولاد اور عمر میں اضافے کی دعا بھی اس خوش ہو کر دی تھی۔
اور ایک صحابی کی ایک بیٹا ہاتھ دیکھ کر دینے کیلئے کہا اور وہ ایک انار بھی لے آئے اور دینے بھی لگے تو حضور نے خوش ہو کے مسکرا کے دعا دی اور فرمایا ہیں کہ تمہاری نسل میں اللہ نے اتنی برکت دی ہے کہ جس کو بھی ہاتھ لگاؤ گے تو سونا بن جائیگی۔

۸ :- حَقُّ الوالدَین :-

"فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ": مسلمان کی والد ہے بیٹے کی طرف اضافت کی ہے ورنہ "من ملک ذا رحم محرم منه عتق علیه" خود ہی آزاد ہو جائے گا۔

والد کا بدلہ چکانے کا مطلب :- باپ ذریعہ بنا ہے عدم سے وجود میں لانے کا تو اس کا بدلہ یہ ہے اس نے دیا کہ اس کو عجز و مملوکی سے قدرت و آزادی میں لے آیا۔ مگر ساری زندگی اولاد پہ ہے اس کی مہر و دوستی وشیں پہنچ کی ہے اس کا بدلہ نہیں ہوا۔

۹ :- قَطِیعۃُ الرَّحِمِ :-

أبي سلمۃ : یہ حضرت عبدالرحمن بن عوف کے صاحبزادے تھے مگر ان سے ان کا سماع ثابت نہیں ہے۔

خَیرُھُم وأَوصَلُھُم : قریش میں سب سے بہتر اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے ابو محمد یعنی عبدالرحمن بن عوف ہیں۔

خلقتُ الرحم وشققتُ لھا من اسمی : میں نے رشتے ناتے پیدا کئے ہیں اور اپنے نام یعنی "رحمٰن" سے اس کے لئے نام نکالا ہے۔

بَتَتُّہ : اپنی رحمت سے محروم کر دوں گا۔

اشکال ۱- ابو الرداد انصاری تھے اور عبدالرحمن بن عوف مہاجر تھے تو دونوں ایک خاندان کے نہ تھے۔ تو "خیرھم" یعنی قریش میں سب سے بہتر کیسے فرمایا؟

جواب ۱- آباؤ اجداد میں جا کر کہیں رشتہ داری نکلتی ہوگی۔ اس طرح "ابو الرداد" بھی قریشی ہوگا۔

۲- صحیح یہ ہے کہ "ابو الرَّدَّاد" کا لفظ یہاں صحیح ہے "ابو الدرداء" تصحیف ہے۔ علامہ الکاشمیری اور علامہ حسن بن شاہجی یہی نقل کیا ہے۔ اور ابو الرداد قریشی تھے۔

حاصل حدیث :- حاصل یہ ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف نے شریف سنی تو بات بھی ہوئی اور حدیث سنائی کہ میں تو صلہ رحمی اس فضیلت کو حاصل کرنے کی وجہ سے کرتا ہوں۔

صلہ رحمی کرنے والا اللہ کے نام کی لاج رکھنے والا ہے : محشی نے فرمایا کہ اگر کوئی آدمی صلہ رحمی کرتا ہے تو حقیقت میں وہ "رحمٰن" کی لاج رکھتا ہے۔ اور جو اللہ کے نام کی لاج رکھے تو اس کا اللہ کے یہاں کیا مقام ہوگا؟

صلہ رحمی میں نیک و بد سب برابر ہیں :-

اور یہی "الرحمٰن" سے "الرحم" نکلا ہے "الرحیم" سے نہیں۔ کیونکہ "الرحمٰن" میں زیادہ مبالغہ ہے۔ کہ وہ مومن و کافر دونوں پر رحم کرتا ہے اسی لیے رحمٰن ہے۔ لہٰذا اگر رشتہ دار کافر ہو تب بھی صلہ رحمی کرنی چاہیے اور اگر گنہگار ہو تب بھی حسن سلوک کرو۔ حضور علیہ السلام نے اپنے کافر رشتہ داروں کے ساتھ بھی صلہ رحمی کی ہے۔

۱۰ :- صِلَةُ الرَّحِم :-

"لیس الواصلُ بالمکافئ" :- کامل صلہ رحمی کرنے والا وہ نہیں جو بدلہ چکائے۔ یعنی نفی نفیِ کمال ہے۔

"لا یدخُلُ الجنۃَ قاطع" :- اگر یہ شخص مستحلِ قطع رحم ہے تو ہمیشہ کیلئے داخل نہ ہوگا اور اگر یہ شخص مسلم ہے تو دخول اولی مراد ہوگا۔

۱۱ :- حُبُّ الوَلَد :-

"زعمتِ المرأۃُ الصالحۃُ" : نیک خاتون خولہ بنت حکیم کا یہ خیال ہے
"وھو مُحتضنٌ أحدَ ابنَيْ ابنتِہ" : اپنی صاحبزادی کے دونوں بچوں میں سے کسی کو گود میں لیا ہوا تھا۔
"إنکم لتُبخّلون وتُجبّنون وتُجھّلون، وإنکم لمِن ریحانِ اللہ" :-
بچے کو مخاطب کر کے کہا: تم لوگ بخل، بزدلی اور جہالت کا سبب بنتے ہو۔ لیکن تم اللہ تعالیٰ کا پھول ہو۔

خولۃ بنت حکیم : یہ وہ خاتون ہیں جو کہ حضرت عثمان بن مظعون کے نکاح میں تھیں۔ ان کی وفات کے بعد حضور کو نکاح کی پیشکش کی "وامرأۃً مؤمنۃً إن وھبت نفسھا للنبيّ"۔

حدیث کا مطلب : اولاد کی وجہ سے انسان جہاد میں نہیں جاتا اور علم حاصل کرنے کا موقع نہیں ملتا معاش میں لگنے کی وجہ سے۔ یا شہر میں آنے کا موقع نہیں ملتا اور علم حاصل نہیں کر پاتا۔

"ریحان اللہ" ہونے کے دو مطلب:-

"إنكم لمن ريحان الله": ١- تم اللہ کی رحمت ہو کہ تم کو چھوڑ بھی نہیں سکتے۔

٢- تم اللہ کے پھول ہو۔ جس طرح پھولوں کو سونگھا جاتا ہے تم کو بھی۔ حضرات حسنین کے بارے میں ارشاد ہے کہ حضور علیہ السلام "کان یشمّھما ویضمّھما"

١٢- :- رحمة الولد :-

"مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ": جو رحم نہیں کھاتا اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔

ترکیب میں دو احتمال:- "مَنْ" موصولہ بھی ہو سکتا ہے اور شرطیہ بھی۔

رحمت رقتِ قلب کی علامت ہے: بچوں کو چومنا رقتِ قلب کی علامت ہے — اور رقتِ قلب ایمان کی علامت ہے — جو بچوں پر رحم نہیں کھاتا اسکے دل میں سختی ہے — اور ایمان میں سختی نہیں ہوتی —

١٣- :- النفقة على البنات :-

"فأحسن صحبتهن": ان کے ساتھ حسنِ سلوک کرے۔ اور ان کے بارے میں اللہ سے ڈرے۔

ایک بیٹی کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم: حافظ ابن حجر نے بہت سی روایات ایسی ذکر کی ہیں جن میں ایک بیٹی کے ساتھ حسنِ سلوک پر بھی جنت کی بشارت کا ذکر ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: قلنا: وثنتين، قال: وثنتين، قلنا: وواحدة، قال: وواحدة،

حدیث میں حسنِ سلوک سے مراد: حسنِ سلوک میں وہ تمام ذمہ داریاں داخل ہیں یہاں اس سے مراد ہے کہ انکی اچھی تربیت کرنا اور اچھا سلوک کرنا مراد ہے۔

کب تک حسنِ سلوک کیا جائے؟

بعض علماء نے فرمایا: یہ فضیلت شادی تک حسن سلوک کیلئے ہے۔ لیکن دوسرے علماء نے فرمایا کہ یہ حسن سلوک تمام عمر ضروری ہے۔ شادی کے بعد بیٹی دوسرے دن کے گھر میں چلی جاتی ہے تو اس وقت دلجوئی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔

فضیلت کی وجہ ۔ فطری بات ہے کہ بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیاں باپ کا زیادہ خیال رکھتی ہیں اور محبت رکھتی ہیں۔ یہ تو حکم ہے ورنہ اصلاً لگ گوشہ کون اپنے سے ہم اکٹھے رہنے والی ہو۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ آتی تھیں تو حضور کھڑے ہو جاتے اور ان کا بوسہ لیتے۔ اور اپنی جگہ پر بٹھایا کرتے تھے۔

بیٹوں اور بیٹیوں کی حق تلفی ۔ یہ تو حسن سلوک کی انتہائی تاکید ہوئی ہے۔ اب سوچیں کہ حق تلفی کا گناہ کتنا بڑا ہوگا اور ان کو میراث سے محروم کرنا کتنا برا ہے۔ زندگی میں اولاد کو اگر دیا جائے تو وہاں "للذکر مثل حظ الأنثیین" کا اصول لاگو نہیں ہے بلکہ برابر۔ اسمیں برابری کرنی چاہیے۔ اسمیں فرق کرنا خلاف عدل ہے۔

میراث اور مہر معاف کروانا ۔ اور میراث اور مہر معاف کروا دینا کوئی معتبر نہیں ہے۔ پہلے ان کے ہاتھ میں رکھو پھر دیکھو کہ وہ معاف کرتی ہیں یا نہیں۔
میراث دینا حسن سلوک نہیں بلکہ حق ادا کرنا ہے۔ حسن سلوک تو اس سے آگے بڑھ کر ہے کہ ان کیلئے کوئی تحفہ وغیرہ لے جاؤ۔

حسن سلوک میں اعتدال ۔ لیکن دیکھیں حسن سلوک کا مطلب یہ نہیں کہ آپ اپنا پورا پیسہ اٹھا کر اس کے پیچھے جا کر لگ جاؤ۔ بلکہ ہر آدمی کو یہ سوچنا چاہیے کہ میں کتنی دلجوئی کر سکتا ہوں اور کس کے پاس کتنا جاؤں کہ اسکو تکلیف نہ ہو اور راحت دوستی سے میسر ہو جائے اور کہاں کھانا چاہیے۔

"یک من علم را ده من عقل باید" لہذا علم کے ساتھ عقل سے بھی کام لو۔ اور عقل عقل والوں کے ساتھ رہنے سے حاصل ہوتی ہے۔

"وقد زادوا في هذا الإسناد رجلا":-

حدیث نمبر (١٩١٠) "عن سهيل بن سعيد الأعشى عن أبي سعيد الخدري" کے بارے میں امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ منقطع ہے، محدثین نے انہیں ایک راوی کا اضافہ کیا ہے۔ اب وہ کون ہے؟ اور اضافہ کس جگہ ہے؟ تو حدیث نمبر (١٩٠٩) "عن سهيل، عن أيوب بن بشير، عن سعيد الأعشى، عن أبي سعيد الخدري"۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ راوی ایوب بن بشیر ہیں جو کہ سہیل اور سعید الاعشی کے درمیان ہیں۔ مگر ابو داؤد کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایوب بن بشیر راوی سعید الاعشی اور ابو سعید خدری کے درمیان ہیں۔ اور یہی صحیح ہے۔ اور حدیث نمبر (١٩٠٩) میں یا تو وہم ہے یا قلب پر محمول ہے۔

"من ابتلي بشيء من البنات" کے تین مطالب۔

پہلا مطلب: جو شخص آزمائش میں مبتلا کیا جائے ان بچیوں میں سے کسی ذریعے۔

ابتلاء کا مطلب بعض نے کہا کہ بچی خود ہی آزمائش ہے اس پر کوئی صبر کرے اور جس کے ہاں بچی آئی اور احسن سلوک کیا۔

دوسرا مطلب: جسکا امتحان لیا گیا یعنی دیکھے کہ وہ حسنِ سلوک کرتا ہے یا بد سلوکی؟

تیسرا مطلب: ان بچیوں کی وجہ سے اگر اسکو کسی آزمائش سے گزرنا پڑا اور اس پر اس نے صبر کیا مثلاً بچی دے دی تو اب داماد کے نخرے اٹھانے پڑتے ہیں۔ ورنہ وہ بچی کو تکلیف پہنچائے گا۔ تو ان کا گھر بچانے کیلئے انسان کو اپنی ناک رگڑنی پڑتی ہے۔

"فلم تجد عندي شيئا غير تمرة": بعض روایات میں آتا ہے کہ تین کھجوریں تھیں۔ ایک ایک بچی کو دی اور دوسری بچی کو۔ اور تیسری کھانے لگی تو بچیوں نے اپنی کھجور کھا کر وہ کھجور مانگی تو اس نے وہ بھی آدھی آدھی ان کو دے دی۔

"من عال جاريتين": جس نے دو بچیوں کی پرورش کی۔

حدیث کا مطلب: اور بخاری کی روایت میں ہے کہ "وفرج بينهما" یعنی دونوں انگلیوں میں فاصلہ رکھا کہ میں ذرا جلدی جنت میں جاؤں گا اور وہ بعد میں آئے گا۔
اور جہاں تو یہ کا ذکر نہیں ہے تو وہاں مراد یہ ہے کہ جنت میں حضور کا قرب نصیب ہوگا۔ ساتھ داخل ہونا مراد نہیں۔ کیونکہ حضور تو سب سے پہلے داخل ہوں گے۔

۱۴ -: رحمۃ الیتیم :-

"الا ان یحمل ذنبا لا یغفر" : یعنی شرک کریں یا حقوق العباد میں کسی کی حق تلفی کی ہو۔ ؛

محبت کی وجہ :

"انا وکافل الیتیم فی الجنۃ کھاتین" : جو حقیقت نصیب ہوئی ہے وہ اس وجہ سے کہ آپ نے حضور والا کام کیا ہے کہ حضور نے اگر انسان کو جہالت سے نکالا۔ اس نے بھی اس یتیم کی پرورش کر کے اس کو جہالت سے نکالا۔

اور یاد رکھو ! یتیم کی تربیت آسان کام نہیں ہے۔ تمہارے بچے تو تمہارے مزاج میں رنگے ہوئے ہیں۔ وہ اس پٹری پر چلتے ہوئے ہیں۔ مگر دوسرے کے بچے کو لا کر اس کو اپنے مزاج و منہاج میں ڈھالنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ بہت مجاہدہ والا کام ہے۔ اسی لیے اتنی فضیلت ہے۔

۱۵ -: رحمۃ الصبیان :-

"جاء شیخ یرید النبی علیہ السلام، فابطأ القوم عنہ ان یوسعوا لہ" :-

بڑی عمر کے صاحب آئے اور حضور کے پاس آنا چاہتے تھے تو لوگوں نے ان کیلئے کشادگی پیدا کرنے میں / راستہ دینے میں تاخیر کی تو حضور کو یہ بات پسند نہ آئی۔

"لیس منا" کا مطلب : لیس من سنتنا ، ولیس من طریقتنا ؛

دائرہ اسلام سے خارج ہونا مراد نہیں ہے۔ مگر حضرت سفیان ثوری اس تاویل کو ناپسند کرتے تھے کہ اس تاویل سے اس ارشاد کی تم نے ساری جان نکال دی۔

"ویعرف شرف کبیرنا" : ہمارے بڑے کے مقام اور مرتبے کو نہیں پہچانتا۔

"کان سفیان الثوری ینکر ھذا التفسیر" : یعنی "لیس مثلنا" سے تفسیر کرنے کو بھی ناپسند کرتے تھے۔ تاکہ زجر و مبالغہ باقی رہے۔

۱۶- :- رُحَمَةُ النَّاسِ :-

"كَتَبَ بِهِ إِلَيَّ مَنْصُورٌ وَقَرَأْتُهُ عَلَيْهِ" :-

یعنی ان کو اجازت دونوں طرح سے حاصل ہے۔ کتابۃً بھی اور سماعۃً بھی جیسے مکاتبہ کو حق تو شرادۃ ہوں۔

"لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ" :-

رحمت چھین کر نہیں نکالی جاتی مگر بدبخت سے - یعنی بدبخت شخص ہی رحمت سے محروم ہوتا ہے۔

دو مطلب :-

۱- مخلوقِ خدا پر رحم کرنا رقتِ قلبی کی علامت ہے اور رقتِ قلبی علامتِ ایمان ہے - لہٰذا رحمت نہ ہونا ایمان نہ ہونے کی علامت ہے اور ایمان نہ ہونے سے بڑی بدبختی کیا ہوگی -

۲- وہ شخص بدبخت ہی ہوگا جس کے دل سے اللہ رحمت کو کھینچ لے اور وہ مخلوقِ خدا پر رحم نہیں کھاتا -

"الرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ" :

رحم اور رحمٰن ان دونوں کی اصل ایک ہے اس لیے جڑی ہوئی ہیں۔

یہ حدیث مسلسل بالاولیۃ ہے - اور تسلسل میں صرف اول حدیث ہے۔

"ارْحَمُوا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ" :-

دو احتمال ہیں ۱- جواب امر ہو ۲- مستقل جملہ ہو -

"مَنْ" میں تعمیم :-

"مَنْ" عام ہے کہ رحم کا مستحق صرف نیک آدمی نہیں بلکہ جو بھی زمین میں ہے اس پر رحم کیا جاتا ہے - انسان ہو یا جانور -

"من في السماء" میں دو احتمال :-

"من في السماء" میں بھی دو احتمال ہیں ۱- باری تعالیٰ مراد ہوں
۲- آسمانی فرشتے مراد ہیں کہ وہ استغفار کریں گے -

"شُجْنَةٌ" : شین بالفتح والکسر والضم تینوں طرح پڑھا گیا ہے۔

معنی :- دو درختوں کی شاخیں آپس میں ملی ہوئی ہوں تو اسکو شُجنۃ کہتے ہیں۔

حجر کا مطلب: یعنی جس طرح رافضی سب سے زیادہ نفرت کرتے ہیں اسی طرح تمہیں بھی سب کے ساتھ حجر والا معاملہ کرنا ہے چاہے نیک ہو یا برا۔ انسان ہو یا جانور۔

۱۷- : النَّصِيحَةُ :-

الدین النصیحۃ: دین تو سب اسی خیر خواہی میں ہے۔

بعض روایات کی وضاحت: بعض روایات میں "ولرسولہ" بھی آیا ہے۔

للہ: اللہ تعالیٰ کے بارے میں جو عقیدہ رکھنا چاہیے وہ درست رکھے۔ باری تعالیٰ کی عبادت میں شرک کسی کو نہ کرے۔

لکتابہ: اللہ کی کتاب کی تلاوت کرے اور اس کے احکام پر عمل کرے۔

لائمۃ المسلمین: حکم اللہ کی اطاعت ان کے مباح امور میں کرے۔ ان کی نافرمانی نہ کرے۔

عامتہم: عامۃ الناس کے لیے جو چیز آپ بہتر سمجھیں اس کی طرف ان کی راہنمائی کرے۔

حضرت جریر کا قصہ: حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ نے غلام کو بھیجا کہ گھوڑا خرید کر لاؤ۔ تو وہ (300) درہم کا گھوڑا خرید کے مالک کو بھی لے آیا کہ پیسے مالک وہاں سے لے لے۔ تو حضرت جریر نے اس کو کہا کہ اگر میں تمہیں (400) دوں تو تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں۔ اس نے کہا نہیں۔ پھر بڑھاتے رہے یہاں تک کہ (800) میں خریدا۔ اور فرمایا کہ یہ گھوڑا 800 درہم کا ہے۔ اور میں نے حضور سے ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی پر بیعت کی ہے۔ اللہ اکبر۔

ہم تو کوشش کرتے ہیں کہ ماموں بنا دیں۔

١٨ - : شفقة المسلم على المسلم :-

"المسلم أخو المسلم، لا يخونه ۔۔۔ الخ"

جملوں میں ربط :- مسلمان مسلمان کا بھائی ہے لہٰذا اس کا تقاضا یہ ہے کہ خیانت نہ کرے وغیرہ۔

لا یکذبہ : جھوٹ نہیں بولتا - اور اس کی تکذیب نہیں کرتا - من الکذب والتکذیب۔

عرضہ : یہ بدل ہے - "کل مسلم" سے -

ھھنا : دل کی طرف اشارہ فرمایا -

دل کا محل تقویٰ ہونے کے دو مطلب :-

التقوی ھھنا : اس کے دو مطلب ہیں -

١- جو شخص مومن ہے اس کو حقیر نہیں سمجھنا چاہیے - کہ معلوم نہیں کہ اس کا تقویٰ کس مقام پر ہے - کیونکہ تقویٰ دل کا فعل ہے اور آپ اس پر مطلع نہیں ہو سکتے۔

٢- تقویٰ کا محل قلب ہے - اور جس شخص کے دل میں تقویٰ ہے وہ اپنے کسی بھائی کو حقیر نہیں سمجھتا -

تکملہ میں مذکور تیسرا مطلب :-

حضرت شیخ الاسلام صاحب دامت برکاتہم نے "تکملہ" میں اس کا ایک اور مطلب بیان فرمایا ہے :

اعمالِ ظاہرہ سے تقویٰ حاصل نہیں ہوگا بلکہ یہ دل کا فعل ہے لہٰذا یہ اللہ کی خشیت، خوف اور عظمت سے حاصل ہوگا -

"المؤمن للمؤمن کالبنیان، یشد بعضہ بعضاً" :-

مومن مومن کیلئے عمارت کی طرح ہے، کہ اس کا بعض دوسرے بعض کو مضبوط کرتا ہے۔ یعنی مسلمان دوسرے مسلمان کا سہارا بھی دیتا ہے اور اس کو مضبوط کرتا ہے اسکی کمزوری دور کرتا ہے۔

"إن أحدکم مرآۃ أخیہ، فإن رأی بہ أذًی فلیمطہ عنہ" :-

تم میں سے کوئی اپنے بھائی کا آئینہ ہے - اگر اسمیں کوئی تکلیف دیکھے تو اس کو اس سے ہٹا دے -

مومن کو آئینہ سے تشبیہ دینے کی پانچ حکمتیں:

اسکی کئی حکمتیں ہیں:

۱۔ مومن کا دل اپنے دوسرے مومن بھائی کیلئے ایسے صاف ہوتا ہے جیسا کہ آئینہ صاف ہوتا ہے۔

۲۔ جس طرح آئینہ تمہارا عیب تمہیں بتلاتا ہے۔ کسی اور کو نہیں بتلاتا۔ اسی طرح اگر آپ کو کسی مسلمان بھائی میں عیب دکھے تو صرف اسی کو بتلاؤ کہ یہ اصلاح ہے۔ دوسروں کے سامنے نہ بتلاؤ کہ ایسی تحقیر ہے۔

اصلاحی بات: میرا تجربہ یہ رہا ہے کہ جب ہم مقتدی بن جاتے ہیں تو ہمیں امام اور انسان کا خیال نہیں رہتا۔ اور ان کو ذلیل و حقیر میں ہم کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ مثلاً کسی شخص کا موبائل نماز میں بج جائے تو ہم سرعام وعیدیں سنانے لگ جاتے ہیں۔ ایسے موقع پر آپ تحمل سے کام لو۔ اچھی لی جاؤ۔ کسی اور موقع پر جب کسی کا موبائل نہ بجے تو ان کو سمجھاؤ۔ یا نماز سے قبل اعلان کر دو کہ موبائل بند کر لو۔ حضور علیہ السلام کسی میں غلطی دیکھتے تو عمومی خطاب فرماتے تھے۔ اولیاء کا کام اصلاح ہی ہوتا ہے۔

۳۔ جس طرح انسان کو اپنی خامیاں آئینہ کے سامنے آنے سے معلوم ہوتی ہیں اسی طرح انسان کو اپنی اخلاقی خامیاں دوسرے بھائی کے بتلانے سے معلوم ہوتی ہیں۔

۴۔ آئینہ جب آپ کو آپکی خامی بتلاتا ہے تو تم ناراض نہیں ہوتے۔ اسی طرح اگر کوئی آپ کا بھائی آپکی خامی پر آپ کو مطلع کرے تو آپ ناراض نہ ہوں۔ بلکہ ان کو خیرخواہ سمجھیں۔

۵۔ آئینہ جتنا عیب ہو اتنا ہی بتلاتا ہے، مبالغہ سے کام نہیں لیتا۔ لہذا اگر آپ کسی کو اسکی برائی پر مطلع کریں تو جتنی ہو اتنی ہی بتاؤ، مبالغہ سے کام نہ لو۔

۱۹ -۱ السَّترُ علی المسلمین -۱

الحدیث: "من نفّس عن مسلم کربۃ من کرب الدنیا، نفّس اللہ عنہ کربۃ من کرب یوم القیامۃ۔ ومن یسّر علی معسر فی الدنیا یسّر اللہ علیہ فی الدنیا والآخرۃ، ومن ستر علی مسلم ستر اللہ علیہ فی الدنیا والآخرۃ، واللہ فی عون العبد ما کان العبد فی عون أخیہ"

الترجمۃ: جو شخص کسی مسلمان سے دنیا کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کی تکلیفوں میں سے کسی تکلیف کو دور کر دیگا۔ اور جو شخص کسی تنگدست کے ساتھ سہولت کا معاملہ کرے تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اسکے ساتھ سہولت کا معاملہ کرے گا۔ اور جو شخص کسی مومن کی پردہ پوشی کرے تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اسکی پردہ پوشی کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ بندہ کی مدد میں لگا رہتا ہے جب تک کہ بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔

CamScanner

پردہ پوشی کا حکم کس وقت ہے؟

یہ پردہ پوشی اس وقت ہے جبکہ جس شخص سے معصیت ہو رہی ہو وہ انفرادی ہو اور اس کا اثر دوسروں کی طرف متعدی نہ ہو۔ اگر اثر متعدی ہو یا وہ اس معصیت کو سرعام کر رہا ہو (مجاہر ہو) یا وہ اس قبیح فعل پر اصرار کر رہا ہو تو اسکی پردہ پوشی کا حکم نہیں۔ لہٰذا آپ اسکی اطلاع ایسے لوگوں کو دے سکتے ہیں جو اسکی اصلاح پر قادر ہوں۔

مثلاً کسی کو اگر دیکھا [illegible] تو نرمی سے سمجھا دو۔ اور اگر وہ طالب علم ہو تو کسی ایسے استاذ کو بتادو جو اخراج نہ کرے۔ تاکہ وہ اس کو سمجھا دے۔ اگر پھر بھی باز نہ آئے تو پھر نگران اور مہتمم کو بتادو۔ کیونکہ اب یہ جرم متعدی ہو گا۔

۲۰- الذَّبُّ عَنِ المُسْلِم :-

"مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ رَدَّ اللهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ يَوْمَ القِيَامَةِ" :-

جو شخص اپنے بھائی کی عزت کا دفاع کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے چہرے کی جہنم کی آگ سے حفاظت فرمائیں گے۔

یعنی اگر اسکی پیٹھ پیچھے کوئی اسکی غیبت کرے تو اس کا دفاع کرے۔

۲۲- مُواسَاةُ الأخِ :-

"هَلُمَّ أُقَاسِمْكَ مَالِي نِصْفَيْنِ" ۔

اس حدیث سے مقصود حضراتِ انصار کے ایثار کا بیان ہے۔

"مَعَهُ شَيْءٌ مِنْ أَقِطٍ وَسَمْنٍ قَدِ اسْتَفْضَلَهُ" : واپس آئے تو ان کے ساتھ کچھ پنیر اور گھی تھا جو انہوں نے بچا لیا تھا۔

وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ : پیلے رنگ کی خوشبو کا نشان ہے۔ اور پیلی خوشبو وہاں عام طور سے عورتیں استعمال کرتی تھیں۔

وزن نواۃ من ذہب : ایک گٹھلی کے برابر سونا۔

فائدہ :- اس میں دیکھیں۔ حضور علیہ السلام نے یہ نہ فرمایا کہ مجھے کیوں نہ بتلایا یا مشورہ کیوں نہیں کیا؟

وزن نواۃ کی تعریف :- ایک درہم : تین گرام۔ اور نواۃ کا وزن : دس گرام ہوگیا۔ یہ امام احمد کے قول کے مطابق ہے۔ اور امام اسحاق کے قول کے مطابق وزن نواۃ پانچ درہم تھا یعنی (15) گرام۔

۲۱- : کَرَاهِيَةُ الْهِجْرَةِ :

یعنی یہ باب قطع تعلقی کی ناپسندیدگی کے بیان میں ہے۔

"فَيَصُدُّ هٰذَا وَيَصُدُّ هٰذَا" :- یہ اس سے رکتی ہے اور وہ اس سے رکتا ہے۔

قطع تعلقی کی اجازت صرف تین دن تک ہے :- ہجران کا مطلب یہ ہے کہ کسی سے تعلق اور بات چیت ختم کر دینا۔ جو ہجران حکم دو وجہ وہ ہے جس میں ترک سلام بھی اور ترک کلام بھی ہو۔ اور مکروہ تین دن تک ہے۔ کیونکہ بشریت کے تقاضے سے غصہ آجاتا ہے لہذا غصہ تین دن تک نکال لو۔ اور اس کے بعد اجازت نہیں۔

تین دن کے اندر سلام کا جواب دینا :- اور تین دن میں بھی آپ کلام و سلام چھوڑ دو اس کی اجازت ہے۔ مگر ان تین دنوں میں بھی اگر وہ سلام کرے تو جواب دینا واجب ہے۔

تین دن بعد بات چیت شروع کر دو مگر ضروری نہیں کہ پہلے والا انبساط بھی باقی رہے۔ رفتہ رفتہ اگر چلتے رہے اور اس کا تعلق اچھا رہا تو وہ انبساط بھی آپ آجائے گا۔

تین دن سے زیادہ قطع تعلقی کی اجازت : علامہ علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص سے دینی یا دنیوی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو تین دن سے زیادہ بھی قطع تعلقی کی اجازت ہے۔

نفسانی محبت اور اللہ کیلئے محبت میں فرق :- مثلاً ہمارے معاشرے میں ایک بیماری عام ہے کہ مجھے فلاں سے اللہ کیلئے محبت ہے۔ اللہ سے محبت کی علامت یہ ہے کہ اگر کوئی اور بھی اس سے محبت کرے تو آپ کو اچھا لگے۔

اور اگر کوئی دس بار بھی توبہ کرے اور آپ کو رقابت محسوس ہونے لگے تو یہ نفسانی غضب ہے۔ لہٰذا ایسے شخص سے قطع تعلقی کر لو۔ اور چالیس دن تک ایسا جب کرو تو ان شاء اللہ یہ بیماری آپ کی دور ہو جائیگی اور گناہ سے نکل آؤگے۔

یہ ہجران شرعی کا حکم ہے۔ اس قطع تعلقی سے بچوگے تو دین کا نقصان ہوگا۔

اسی طرح اگر کوئی شخص معصیت میں مبتلا ہو اور آپ اس کی معصیت کی برائی اس کے سامنے ظاہر کرنے کیلئے اگر اس سے تین دن سے زیادہ قطع تعلقی بھی ہو تو جائز ہے۔ یہ تیسری صورت ہوگئی۔

اور چوتھی صورت یہ ہے کہ اگر تادیب مقصود ہو تو تین دن سے زیادہ بھی قطع تعلقی جائز ہے۔ جیسے غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے والوں سے چالیس دن قطع تعلقی فرمائی۔ اور ازواج سے ایک مہینہ قطع تعلقی کی۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عبداللہ بن زبیر سے تادیباً قطع تعلقی کی تھی۔

چار صورتوں میں تین دن سے زیادہ قطع تعلقی کی اجازت ہے۔ لہٰذا کل چار صورتوں میں تین دن سے زیادہ قطع تعلقی کی اجازت ہے۔ ۱۔ دینی نقصان کا اندیشہ ہو۔ ۲۔ دنیوی نقصان کا اندیشہ ہو ۳۔ معصیت کی برائی کا اظہار مقصود ہو۔ ۴۔ تادیب مقصود ہو۔

۲۳۔ الغیبۃ :-

"ذکرک أخاک بما یکرہ" ۱۔ تمہارا ذکر کرنا اپنے بھائی کا ایسی چیز کے ساتھ جس کو وہ ناپسند کرے۔

"وإن لم یکن فیہ ما تقول فقد بہتّہ" ۱۔ اگر وہ بات اس میں نہ ہو تو وہ بہتان ہے۔

"ما" کے عموم کا فائدہ۔ "ما" عموم کا فائدہ یہ ہے کہ اگر اس کے لباس، جسم یا اس کی شکل کسی بھی چیز کے بارے میں کوئی ایسی بات کی کہ اس کو ناپسند ہو۔ یہاں تک کہ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھی کہ اس کے بچوں اور بیوی کی برائی کرنا بھی اسی میں شامل ہے۔

"ذکر" میں تعمیم ہے۔ اور "ذکر" بھی عام ہے چاہے زبان سے ہو یا اشارے سے ہو یا کسی اور طرح سے نقل اتار کر۔

غیبت کی پہچان کا ضابطہ۔ ملا علی قاری نے ضابطہ لکھا ہے :- "أنّ کل ما أفہمت بہ غیرک نقصان مسلم فہی الغیبۃ المحرّمۃ"

کن صورتوں میں غیبت جائز ہے؟

حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ اگر کوئی غرض صحیح ہو اور اس برائی کو ذکر کیے بغیر اس غرض صحیح کو حاصل کرنا ممکن نہ ہو تو وہ غیبت حرام میں داخل نہیں ہے۔
مثلاً مظلوم اگر اپنی مظلومیت کا اظہار کرنا چاہ رہا ہے تو ظالم کا اظہار کرے گا۔ یا
اگر آپ کے پاس کسی کا رشتہ آیا اور آپ اسکے بارے میں کسی سے معلوم کر رہے ہیں اور وہ اسکی کمی کوتاہی بتا دے تو یہ غیبت حرام میں داخل نہیں ہے۔ اور اگر کوئی کمی نہ ہو تو یہ کہہ دو میرے علم میں اسکی برائی نہیں ہے یعنی محتاط الفاظ استعمال کرے۔

غیبت سے معافی کا طریقہ - اگر آپ نے کسی کی غیبت کی اور اسکو اس کا علم ہو گیا تو اس سے بھی معافی مانگنی ضروری ہے۔
اور اگر اسکو علم نہیں ہوا تو بس اللہ رب العزت سے معافی مانگ لے۔

غائبانہ ذکر خیر سے بھی احتیاط برتی جائے - افسوس کی بات ہے کہ یہ غیبت ہمارے اہل علم کا مشغلہ ہے۔ کہ پہلے اچھائیوں سے ذکر شروع ہوتا ہے اور پھر آجاتا ہے "لیکن"۔
اس لیے علماء نے لکھا ہے کہ جو غائب ہو اس کا اچھا تذکرہ بھی کم کرو۔

۲۴ - الحسد - ۱

حدیث - لاتقاطعوا ولاتدابروا ولاتباغضوا ولاتحاسدوا، وکونوا عباد اللہ اخوانا ـــــ ـــــ الخ۔

ترجمہ - ایک دوسرے سے قطع تعلقی نہ کرو۔ اور ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرو۔ ـــــ الخ۔
اور اللہ کے بندے بن جاؤ بھائی بھائی بن جاؤ / اے اللہ کے بندوں بھائی بھائی بن جاؤ۔

"تقاطع" اور "تدابر" میں فرق -

یہ دونوں قریب قریب قطع تعلقی کے معنی میں ہیں۔ فرق معمولی ہے کہ اگر دور ہی سے نہ ملے تو یہ تقاطع ہے اور اگر قریب آکر منہ موڑ لے تو یہ "تدابر" ہے۔

حسد کی تعریف و درجات - "حسد" یہ ہے کہ دوسرے کو جو نعمت حاصل ہے وہ اس سے زائل ہو جائے۔ اور مجھے ملے یا نہ ملے یہ حسد کا اعلیٰ درجہ ہے۔ اور اگر اس سے زائل نہ ہو اور خود کو حاصل ہونے کی تمنا کرے

تو یہ ادنیٰ درجہ ہے -

شیطان کی حکایت: امام غزالی نے حکایت نقل کی ہے کہ شیطان دو بورے لے کر جا رہا تھا - لوگوں نے پوچھا کہ ان میں کیا ہے؟ کہا:
ایک میں "کبر" ہے اور دوسرے میں "حسد" ہے - لوگوں نے پوچھا کہاں لے جا رہے ہو؟ - کہا:
علماء کی مجلس میں کہ اس کے سب سے بڑے خریدار وہی ہیں -

حسد کی قباحت: "حسد" سے باقی ساری برائیاں پیدا ہوتی ہیں - اور حاسد گویا اللہ کی تقسیم پر اعتراض
کرتا ہے -

حسد کا علاج: اگر کسی سے متعلق "حسد" کی کیفیت پیدا ہو تو زبر دستی دل پر پتھر رکھ کر اسکے
لئے دعائے خیر کرے اور اس سے مسکرا کر ملے - تو رفتہ رفتہ باطن سے حسد دور ہو جائیگا -

" کونوا عباد اللہ اخوانا " کی ترکیب میں دو احتمال:

۱- "عباد اللہ" پہلی خبر کان - اور "اخوانا" دوسری خبر کان -
۲- "عباد اللہ" منادی ہے - اور "اخوانا" کان کی خبر -

پہلا احتمال راجح ہے کیونکہ حسد کرنے والا اللہ کی تقسیم پر اعتراض کر کے گویا
خدا بن رہا ہے تو کہا جا رہا ہے کہ بندے بنو اور بھائی بھائی بن کر رہو -

لا حسد الا فی اثنتین:

حسد جائز نہیں ہے مگر دو لوگوں کے بارے میں - - - - الخ

حدیث کے دو مطلب: ۱- یہ علی سبیل الفرض ہے یعنی اگر حسد جائز ہوتا تو ان دو چیزوں
میں ہوتا - مگر چونکہ جائز نہیں البتہ لہٰذا ان دو کے بارے میں بھی حسد نہ کرو -
۲- "حسد" یہاں "غبطہ" یعنی رشک کے معنی میں ہے -

حسد اور غبطہ میں فرق: دونوں میں فرق یہ ہے کہ "حسد" میں زوال نعمت کی تمنا ہوتی ہے -
اور "غبطہ" میں حصول نعمت کی تمنا ہوتی ہے -

CS CamScanner

٢٥ :- التباغض :-

حدیث :- "إن الشيطان قد أيس أن يعبده المصلون، ولكن في التحريش بينهم" ۔

ترجمہ :- شیطان اس بات سے تو مایوس ہو گیا ہے کہ جزیرہ عرب میں مسلمان اسکی عبادت کریں گے لیکن وہ ایک دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنے میں لگا رہے گا۔

دو مطلب :-

۱ :- جزیرہ عرب میں بسنے والے تمام مسلمان صحابہ اور تب سے پیش تو شاید کبھی ایسا نہیں ہوگا۔

۲ :- علامہ علی قاری نے اس کو ترجیح دی ہے کہ ایسا نہیں ہوگا کہ مسلمان نماز بھی پڑھیں اور شرک میں بھی مبتلا ہوں جیسے کہ یہود و نصاریٰ ہیں۔

یعنی ہم عبادات میں شرک کو داخل کر لیں ایسا نہیں ہوگا۔

کینہ اور بغض میں فرق :-

"تباغض" ماخوذ ہے "بغض" سے۔ علامہ عثمانی نے لکھا ہے کہ اگر آپ کے دل میں کسی پر غصہ ہو اور درد ہو اور لگانے کا موقع بھی نہ ہو تو یہ "حقد" / کینہ ہے۔

اب اس کینے کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں کہ

۱ :- جب علاوہ آپ نے اسکو نقصان پہنچا دیا۔ یا غیبت کر دی اگر موقع لگے۔

۲ :- آپ اس کو نقصان پہنچانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں تو یہ ہے "بغض"۔

بغض سے توبہ کا طریقہ :- اب چونکہ آپ نے "بغض" میں نقصان پہنچانے کی منصوبہ بندی کی ہے اور نقصان پہنچایا نہیں ہے تو لہٰذا یہ "حق اللہ" سے متعلق ہے۔ "حق العباد" سے متعلق نہیں ہے۔ بس اللہ سے توبہ کرنا کافی ہے۔

قلبی تنگی اور اس کا علاج :- اور کبھی دل میں صرف تنگی ہوتی ہے۔ اسمیں کوئی حرج تو نہیں مگر اس سے بھی بچنا چاہیے کہ یہ تنگی رفتہ رفتہ بغض میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ لہٰذا تنگی مٹانی بھی جسکو کر مٹاؤ۔

دل کی صفائی کا انعام :- مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ تین دن ایک شخص کے بارے میں حضور علیہ السلام نے جنت کی بشارت دی۔ تو میں ان کے یہاں مہمان ٹھہر گیا تاکہ ان کے اعمال میں کو دیکھوں۔ مگر ایک دن، دو دن، تین دن گزر گئے اور وہ فرائض و واجبات کے سوا کچھ نہ زیادہ کرتے تھے۔ تو تیسرے دن ان سے دریافت کر لیا کہ قیام کی غرض یہ تھی۔ تو انہوں نے فرمایا کہ میرے اعمال تو یہی ہیں جو آپ نے دیکھ لئے ہیں۔ ہاں! ایک چیز ہے کہ میں اپنے دل کو کینے سے صاف رکھتا ہوں۔ تو حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رض نے فرمایا کہ یہی وہ چیز ہے جس پر آپ کو حضور نے جنت کی بشارت سنائی ہے۔

سونے سے پہلے دل کو صاف کرلو :-

حضور ﷺ نے لکھا ہے کہ جب رات کو سو تو سب کو معاف کر کے سو۔ کسی کی بغض بھی یا کینہ آپ کے دل میں نہ ہو۔ جب کے دل میں کسی کا کینہ ہو اسکی مغفرت شب قدر میں بھی نہیں ہوگی۔ یہ دل تو اللہ تعالیٰ نے اپنی یاد کیلئے بنایا ہے۔ اگر اسمیں کینہ اور بغض والا ہوئے تو کیسے علم کا نور آئیگا۔

۲۶ - ۱ إصلاحُ ذاتِ البَین :-

الکذبُ لیُصلح بین الناس :-

آپس کی اتحاد و اتفاق کی شریعت کے نزدیک اتنی اہمیت ہے کہ اسکے لئے جھوٹ بولنا جائز ہے۔ مثلاً ایک کو جاکر کہو کہ فلاں تو آپ کی بہت تعریف کر رہا تھا اور آپ کے بارے میں اچھی باتیں کر رہا تھا۔

الکذب فی الحرب : جنگ میں جھوٹ بولنا بھی جائز ہے۔ الحرب خدعة.

اور آج جدید سے زمانہ جنگ میڈیا سے لڑی جاتی ہے۔ جس کا پروپیگنڈہ زیادہ ہوتا ہے وہ فاتح سمجھا جاتا ہے۔

اور میڈیا کا یہ حصہ کوئی معمولی حصہ نہیں ہے۔ لہٰذا جنگ کے دوران اسکو بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

یحدثُ الرجل امرأتہ لیرضیھا :-

بیوی بالکل پسند نہیں مگر آپ اس کو کہو تم بہت خوبصورت لگ رہی ہو۔ میں فلاں جگہ گیا تھا مگر میرا دل بس تمہارے پاس تمہی میں لگ رہا۔

اگر آپ نے گھر میں رہنا ہے تو مصلحت سے کام لینا پڑے گا۔ پہلے گھر والوں کا مزاج سمجھو اور پھر اس کے مطابق ان کے ساتھ معاملہ کرو۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب کا مشورہ :- حضرت مولانا زکریا صاحب رحمۃ اللہ کو کسی نے لکھا کہ تبلیغ میں جاؤں تو علماء نہیں چھوڑتے کہ گھر والوں کا حق ادا کر دو۔ اور گھر پر رہیں تو تبلیغی حضرات نہیں چھوڑتے۔ تو حضرت نے فرمایا کہ جب گھر والوں کا نان نفقہ ہو تو تبلیغ میں جاؤ لیکن گھر والوں کو لکھتے رہو کہ کام میں لگے یاد آرہی ہو۔ اور اگر نفقہ نہ ہو تو علماء کی مان لو۔

زندگی رابطوں سے گزاری جاتی ہے :- زندگی محبت سے گزاری جاتی ہے۔ ضابطوں سے زندگی نہیں گزرتی بلکہ رابطوں سے گزرتی ہے۔ رعب اور دبدبہ آپ جوانی میں تو چلا لو گے مگر بڑھاپا آئیگا تو دیکھنا کوئی نہیں پوچھے گا۔

مقصد اس اجازت کا صرف دل کو جوڑنا ہے ۔

حدیث میں صریح جھوٹ کی اجازت ہے یا توریہ کی ؟

پہلا موقف :- اختلاف ہے علماء میں سے بعض فرماتے ہیں صریح جھوٹ کی اجازت نہیں بلکہ توریہ کی ہے ۔
دلیل : حدیث باب ۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تین جھوٹ ۔

دوسرا موقف :- بعض نے فرمایا کہ اگر تعریض اور توریہ سے کام چل جائے تو صریح جھوٹ نہ بولے ۔ اور اگر توریہ سے کام نہ چلے تو صریح جھوٹ کی اجازت ہے ۔ اور حضرت تھانوی رحمۃ اللہ نے اسی کو ترجیح دی ہے ۔
جیسے ہجرت کے موقع پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرمایا تھا کہ "هذا یهدینی" ۔

علامہ ابن الجوزی رحمہ اللہ کسی مجلس میں تھے جس میں سنی اور شیعہ دونوں تھے اور ان سے سوال ہوا کہ حضرت ابوبکر افضل ہیں یا حضرت علی ؟ تو انہوں نے فرمایا : "أفضل الصحابة من كانت بنته في بيته" ۔

حضرت مفتی شفیع عثمانی صاحب رحمہ اللہ ایک مجلس میں تھے جہاں دیوبندی اور بریلوی دونوں تھے تو کسی نے پوچھا کہ حضور عالم الغیب تھے یا نہیں ؟ ۔ تو حضرت نے فرمایا : ارے حضور کو اتنی غیب کی باتیں بتا رکھی تھیں کہ اس قدر کسی کو بھی پتہ نہیں تھیں ۔
اور حضرت ابراہیم کے تین جھوٹ بھی توریہ تھے صریح جھوٹ نہیں تھے ۔ لہٰذا اگر توریہ سے کام چل جائے تو صریح جھوٹ نہ بولے ۔

حُمید : یہ حضرت عبدالرحمن بن عوف کے صاحبزادے ہیں ۔ اور ان کی والدہ "ام کلثوم" ہیں جو کہ عقبہ بن ابی معیط کی صاحبزادی ہیں جس نے حضور پر اوجھڑی لا کر ڈالی تھی ۔

"فیقول خیراً أو ینمی خیراً" :- اچھی بات کہے یا اچھی بات کی نسبت کرے ۔ کہ فلاں شخص تمہارے بارے یہ اچھی اچھی باتیں کہتا ہے تو ایسا شخص جھوٹا نہیں ہے ۔

٢٧- :- الخِيانةُ والغِشُّ :-

"أبي صِرْمَةَ" : "صِرْمَة" تنوین کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔ ان کا نام : مالک بن قیس ہے -

"مَن ضارَّ ضارَّ اللهُ بِه" : جو کسی کو نقصان پہنچائے گا تو اللہ تعالیٰ اسکو نقصان پہنچائے گا -
"مَن شاقَّ شاقَّ اللهُ بِه" : جو کسی سے دشمنی رکھے گا تو اللہ اس سے دشمنی رکھے گا - یا جو کسی کو مشقت میں ڈالے
اللہ تعالیٰ اسکو مشقت میں ڈالے گا - "المشاقّة" کے دو معنی آتے ہیں ١- عداوت ٢- مشقت میں ڈالنا -

"الفرق بين المضارّة والمشاقّة" :-
ضرر مالی نقصان اور مشاقّہ جسمانی نقصان کیلئے استعمال ہوسکتا ہے -

"عن مرّة - وهو الطيّبُ -" : ان کے نام کی کثرت وابستگی کو ظاہر کرنے کیلئے انہیں "طیّب" بھی کہہ دیا -

"ملعونٌ من ضارَّ مؤمنًا أو مكر به" :- اللہ کی رحمت سے دور ہے وہ شخص جو کسی کو نقصان پہنچاتا یا دھوکہ دے -

ضرر اور مکر میں فرق :- ضرر ظاہر ہوتا ہے - اور مکر پوشیدہ ہوتا ہے -

٢٨ :- حقُّ الجِوار :-

"أَهَلْ تُم" : ہمزہ استفہام یہاں پر محذوف ہے -

"ما زال جبريل يوصيني بالجار" : پڑوسی کے بارے میں مسلسل تاکید کرتا رہے کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ اس کو وارث
بنا دیں گے -

فائدہ :- اب دیکھیں یہ یہودی پڑوسی تھا - لہذا یہ نہ دیکھو کہ وہ عیسائی ہے یا فاسق
ہے سب کے ساتھ پڑوسی ہونے کی وجہ سے اچھا سلوک کرو اور اگر نیک ہو تو کتنا
حق ہوگا؟

عمرۃ: یہ عمرۃ بنت عبدالرحمٰن ہیں۔ جنہوں نے عورتوں میں سب سے زیادہ حضرت عائشہ سے استفادہ کیا ہے۔ اور مردوں میں حضرت عروہ نے۔ اور دونوں کے نام میں "عین" ہے۔

پڑوسیوں کے حقوق کی چند مثالیں: حافظ ابن حجر نے حضرت معاذ بن جبل کی ایک روایت نقل کی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑوسیوں کے حقوق نقل کیے ہیں۔ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ اگر کوئی پھل لاؤ تو پڑوسیوں کو بھی بھیجو۔ اور اگر وسعت نہ ہو تو چھپا کر لاؤ۔ اور بچوں کو بھی باہر نہ جانے دو کہ پڑوسیوں کو تکلیف ہو گی۔

حضرت مولانا مظہر حسین صاحب نے پوری زندگی اپنا مکان پختہ نہیں بنایا کہ جس محلے میں رہتا ہوں وہاں سب کے مکان کچے ہیں۔

حضرت مفتی عبدالسلام صاحب دامت برکاتہم کو ہم نے دیکھا کہ وہ پھل وغیرہ لاتے تو تھیلے اور رومال میں لپیٹ کر لاتے تھے کہ دوسرے دن کی نظر بھی نہ لگے اور جو دیکھے اور خرید نہ سکے تو اس کو تکلیف بھی نہ ہو۔

خیر الأصحاب: بہترین دوست اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہے جو اپنے دوست کیلئے بہتر ہو۔

۲۹- ۱- الإحسان إلى الخادم:

إخوانكم: أي هو لكم إخوانكم۔ یعنی مبتدا محذوف ہے۔

جعلهم الله فتية تحت أيديكم: اللہ نے ان کو تمہارے ماتحت تمہارا خادم بنایا ہے۔

لا تكلفوه ما يغلبه: اسکو ایسے کام کا مکلف نہ بناؤ جو کام اس پر غالب آ جائے یعنی وہ خود نہ کر سکے۔ اگر ایسے کام کا مکلف بناؤ تو اسکی مدد کرو اس کام میں۔

فائدہ: یہ روایت ہے تو غلام کے بارے میں مگر اس سے استنباط کیا جا سکتا ہے کہ استاذ بھی طلبہ کو ایسے کام کا مکلف نہ بنائے جس میں انکو بہت زیادہ مشقت ہو۔

"لا یدخل الجنۃ سیّئ الملکۃ": جنت میں داخل نہیں ہوگا وہ شخص جو اپنے غلاموں کے ساتھ برا سلوک کرتا ہے۔
یعنی ابتداءً داخل نہیں ہوگا۔ سزا بھگتنے کے بعد داخل ہو جائے گا۔

۳۰: النّھی عن ضرب الخدّام وشتمھم:

نبیّ التوبۃ: یہ حضور علیہ السلام کے اسماء گرامی میں سے ایک اسم ہے۔

حدیث: "من قذف مملوکا بریئا مما قال لہ أقام اللہ علیہ الحدّ یوم القیامۃ إلّا أن یکون کما قال"۔

ترجمہ: جس نے اپنے غلام پر تہمت لگائی اس حال میں کہ وہ غلام اس سے بری ہے تو اللہ تعالیٰ آخرت میں اس پر حد لگائیں گے کیونکہ دنیا میں تو غلام ہونے کی وجہ سے حد جاری نہیں ہوگی۔ الا یہ کہ وہ غلام ایسا ہی ہو جیسا کہ اس نے کہا۔

"للہ أقدر علیک منک علیہ": اللہ تعالیٰ تم پر اس سے زیادہ قادر ہیں جتنا تم اس پر قادر ہو۔ یعنی تم اسکو سزا دے رہے ہو اگر اللہ ~~...~~ تمہیں سزا دیں تو تمہیں کون بچائے گا۔

روایت میں اضافہ: ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے فوراً ہی غلام کو آزاد کر دیا۔ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر تم آزاد نہ کرتے تو آگ کی لپٹ تمہیں چھو لیتی۔

اصول: اس میں اصول یہ ملا کہ اپنے ماتحتوں پر سختی کرتے وقت اور ان کو سزا دیتے وقت اس بات کا تصور کرلیں کہ اللہ بھی تم پر قادر ہے اور اس سے تمہیں کون بچائے گا؟

ترکیب: "للہ أقدر علیک منک علیہ": "للہ" مبتدا۔ "أقدر" خبر۔
"علیک" اور "منک" دونوں متعلق ہیں "أقدر" سے۔ "منک" کی "ک" ضمیر ذوالحال ہے
اور "علیہ" "قادرًا" سے متعلق ہوکر حال۔ أی: حال کونک قادرًا علیہ۔

۳۱- : أدبُ الخادمِ :-

مذکر اللہ : یعنی اللہ کا نام لے کر تم سے درخواست کرے کہ مجھے نہ مارو تو اسکو نہ مارو۔

۳۲- : بابٌ :-

کلّ یوم سبعین مرّۃ : یعنی اگر خادم سے ستر دفعہ بھی غلطی ہو جائے دن میں تو معاف کر دو۔

سکوت فرمانے کی وجہ :- خاموشی ہونے کی دو وجہیں ہیں :

۱- معاف کرنا نیکی کا کام ہے اور نیکی کے بارے میں نہیں پوچھا جاتا کہ کتنی مرتبہ کر دوں تو حضور کو سوال لایعنی سا لگا تھا۔ اور یہی راجح ہے۔

۲- وحی کے انتظار میں سکوت فرمایا۔

ستر کا عدد تکثیر کیلئے ہے :-

سبعین مرّۃ : ستر کا عدد تحدید کیلئے نہیں تکثیر کیلئے ہے کہ جتنی زیادہ مرتبہ ہو سکے معاف کر دو۔ کہ اللہ تعالیٰ بھی اگر تمہاری ہر دفعہ میں پکڑ کرے تو تمہارا کیا ہوگا؟

۳۳- : أدبُ الولدِ :-

"لأن یؤدّب الرجلُ ولدہٗ خیرٌ من أن یتصدّق بصاع" :-

تم میں سے کوئی شخص اپنے بچے کو ادب سکھا دے تو یہ بہتر ہے ایک صاع صدقہ کرنے سے۔

تربیت کے صدقہ سے بہتر ہونے کی چار وجوہات :-

۱- بہتر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تربیت میں کی گئی کوشش ثمر آور ہوتی ہے جبکہ صدقہ کے بارے میں پتہ نہیں کہ صحیح مصرف میں لگا ہو یا نہیں۔

۲- اپنے اولاد سے محبت طویل المیعاد ہے اور صدقہ میں یہ فائدہ نہیں۔

۳- اولاد کی تربیت نہ کرنے سے گرفت ہوگی۔ اور نفلی صدقہ نہ کرنے سے کوئی گرفت نہیں ہوگی۔

۴- اولاد کی تربیت کرنا صدقہ جاریہ ہے۔ اور نفلی صدقہ کا جاریہ ہونا کوئی ضروری نہیں۔

تربیت کا تقابل صدقہ سے کرنے کی وجہ:-

صدقہ ہی کا ذکر کرنے کا اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ اگر تمہارے پاس دو اختیار ہوں ایک یہ ہے کہ سارا مال اولاد پر خرچ کرو۔ اور دوسرا یہ کہ صدقہ میں خرچ کرو تو ایسے موقع پر اولاد پر خرچ کو فوقیت دو۔ اگر دونوں اختیار رکھ سکو۔

اصلاحی بات:- کیونکہ یہاں پر لوگوں کو رفاہی کاموں میں خرچ کا شوق ہوتا ہے اور اپنے بچوں کا پتہ نہیں ہوتا۔ اور بعض کو قوم کے بچوں کی فکر ہوتی ہے اور اپنی اولاد کی فکر نہیں ہوتی۔

آج ماں باپ کو بچوں کی پرواہ نہیں ہے۔ آج کے دور میں اگر اولاد دنیا سے چلی جاتی ہے تب بھی یہ ہم پر ہی آزمائش ہے۔ اور زندہ ہو اور نافرمان ہو جائے تب بھی یہ ہم پر ہی آزمائش ہے۔ بچوں کی نگرانی کرنی چاہیے۔ کس کی صحبت میں بیٹھ رہے ہیں۔ کس کے ساتھ گھوم پھر رہے ہیں۔ اور جب ان کو لگے ایسے محبت سے پیش آؤ کہ وہ خود آکر بتائے کہ ابو! آج اسکول میں یہ بات پیش آئی۔ اور فلاں ساتھی یہ کہہ رہا تھا۔ اور پھر ان باتوں سے آپ کو اس کا اٹھنا بیٹھنا معلوم ہو جائے گا اور جو بات اس میں قابلِ اصلاح دکھائی دے تو اسکو پیار محبت سے سمجھا دو۔

عن جدہ : سعید بن عاص۔

"**مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدًا مِنْ نَحْلٍ أَفْضَلَ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ**" :-

کہ والد نے حسنِ ادب سے بڑھ کر اس کو کوئی عطیہ نہیں دیا۔
یعنی سب سے بہتر تحفہ اور عطیہ بچے کیلئے اسکی اچھی تربیت ہے۔

بہترین تربیت:- اور سب سے اچھی تربیت آپ بچے کی آپ اپنی نظروں کے سامنے ہی کر سکتے ہیں۔ سنِ رُشد یعنی 18 سال سے قبل آپ اسکو اپنے سے جدا نہ کرو۔ جس عمر پر بچے کو بھیجنے کا کہا ہے تو میں کہتا ہوں کہ اس سے پہلے نہ بھیجو۔ فاصلے سے بھیجو۔

مسند پر کلام:-

"**أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ**" :- ان کا پورا نسب یہ ہے: "ایوب بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص"۔ سعید بن العاص حضور علیہ السلام کی وفات کے وقت ۹ سال کے تھے۔ اور عمرو بن سعید کی ولادت حضرت عثمان کے دور میں ہوئی ہے۔ اب "جدہ" کی ضمیر کا مرجع اگر ایوب ہو تو روایت میں انقطاع واقع ہے اور اگر موسیٰ مرجع ہو تب بھی روایت منقطع ہے کیونکہ سعید کا سماع حضور علیہ السلام سے ثابت نہیں ہے۔

اولاد کی تربیت سے غافل نہیں ہونا چاہیے گرچہ وہ عمر کے کسی بھی مرحلہ میں ہو۔

میرے 8، 10 سال ایسے گزر رہے ہیں کہ میں اور میرے والد صاحب دونوں ساتھ میں پڑھاتے تھے۔ پہلے میرا گھنٹہ ہوتا اور پھر والد صاحب کا۔ تو والد صاحب اپنی حاضری لگاتے تو میری حاضری بھی چیک کرتے تھے کہ کتنی تاخیر سے آیا ہوں؟ اور پھر بعض موقع ایسے کہ تنبیہ فرماتے تھے کہ تاخیر سے نہ آیا کرو۔ کم تنخواہ کٹ جاتی ہے مگر ان طلبہ کی جو حق تلفی ہوتی ہے اس کا کیا کرو گے۔

قصہ: حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب استاذ تھے حضرت مفتی شفیع عثمانی صاحب کے۔ ایک مرتبہ ان کا بیمار ہو گئے تو انکے گھر آئے تھے اور فرمایا کہ میں تمہارے گھر اس لئے زیادہ آتا ہوں کہ مجھے شیخ الاسلام اور علوم سیکھنے والے تو دنیا میں بہت ملیں گے مگر مجھے بیٹا کہنے والا تمہارے سوا اس دنیا میں کوئی نہیں ملے گا۔ حضرت مفتی شفیع صاحب کی والدہ ان کی خالہ زاد لگتی تھیں۔

٣٤- قبول الهديّة والمكافأة عليها :-

كان يقبل الهديّة ويثيب عليها : ہدیہ قبول فرماتے تھے اور اس کا بدلہ بھی دیتے تھے — لہٰذا اگر کوئی تحفہ دے تو مناسب موقع پر مکافات کرو۔ اور اگر کچھ نہ ہو تو کم از کم دعا ہی کرو "فإن لم تجدوا فادعوا له حتى تعلموا أنكم كافأتموه" یہ حضرت عبداللہ بن عمر کی روایت میں ہے۔ اور ہمارے پاس اس روایت کے سوا اور کوئی چارہ نہیں کہ ہم اپنے والدین اور اساتذہ کیلئے دعائیں کریں کیونکہ ہم بدلہ تو چکا نہیں سکتے۔

٣٥- : الشُّكرُ لِمَنْ أحسنَ إليكَ :-

حدیث : من لا يشكر الناس لا يشكر الله

حدیث کا دو مطلب : اس کے دو مطلب ہیں :-

١- جس شخص کی عادت لوگوں کے احسان کی ناشکری کی ہو وہ اللہ رب العزت کی نعمتوں کی بھی ناشکری کرے گا، اور یہ تجربہ کی بات ہے۔ وجہ یہ ہے کہ انسان کا احسان ظاہر ہے اور اللہ کا ~~احسان~~ احسان مخفی ہے۔ تو جو ظاہری محسن کا شکر ادا نہ کرے اس سے ~~باطنی~~ مخفی محسن کا شکر ادا کرنے کی امید کیسے لگائی جا سکتی ہے۔

۲۔ جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا تو وہ اگر اللہ کا شکر ادا کرے بھی تو اللہ اس کا شکر قبول نہیں فرماتے ۔ کہ جس کو میں نے ذریعہ بنایا تم نے اس کا شکر ادا نہیں کیا ۔

ہدیہ قبول کرنے کا ادب:- حضور علیہ السلام ہدیہ اس طرح قبول فرماتے تھے جیسے کہ ہدیے کے آپ علیہ السلام محتاج ہوں ۔ اور ہمارے استاذ حضرت مولانا محمود اشرف صاحب رحمہ اللہ کو کوئی ہدیہ دیتا تو اتنی حوصلہ افزائی فرماتے اور کہتے ہیں کہ مجھے تو اس کی اتنی ضرورت تھی ۔

ایک دفعہ حضرت کو میں نے ایک سوٹ دیا تو فرمایا کہ مولوی صاحب میں آج تمہارا سوٹ پہنا اور اس کو پہن کر بخاری شریف پڑھائی ۔ اور یہ سب کام حوصلہ افزائی کیلئے ہوتے تھے ۔

ہدیہ اتنا لو جس کی مکافات کر سکو:- یاد رکھو کہ ہدیہ اتنا قبول کرو جس کی مکافات کر سکو ۔ اگر ایسا ہدیہ ہو جس کے زیر بار تم آجاؤ اس کو ہرگز قبول نہ کرو ۔

حضور علیہ السلام نے بھی ہر ایک کا ہدیہ قبول نہیں فرمایا ۔ ایک بدو سونے کی ڈلی ہدیہ میں لایا تو حضور نے پھینک دی ۔ اور آخری زمانے میں حضور نے فرمایا کہ میں اب قریشی قبیلے کے علاوہ کسی کا ہدیہ قبول نہیں کروں گا ۔

۳۶۔ :- صنائع المعروف :-

"تبسمك في وجه أخيك لك صدقة ۔ ۔ ۔ الخ"

حاصل حدیث:- یعنی صدقہ صرف پیسے خرچ کرنے میں منحصر نہیں ہے ، یہ مذکورہ تمام کام بھی صدقہ ہیں ۔ یعنی یہ تمام کام نیک کام ہیں ۔

"إرشادك الرجل في أرض الضلال" : تمہارا راستہ دکھانا کسی کو بھولی ہوئی جگہ میں یہ بھی صدقہ ہے ۔

"بصرك للرجل الرديء البصر" : تمہارا کسی ایسے شخص کو راستہ دکھانا جس کی نظر کمزور ہے یہ بھی صدقہ ہے ۔ **"بصر"** : بسكون الصاد مصدر ، وبفتحهما اسم ، وهنا وقع الاسم موقع المصدر ، وإنا الصادهه بالفتح .

"إفراغك من دلوك في دلو أخيك" : اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈال دینا بھی صدقہ ہے ۔

۳۷ :- اَلْمِنْحَةُ :-

اَلْمِنْحَةُ : عارضی طور پر کوئی چیز کسی کو فائدہ اٹھانے کیلئے دینا۔

"مَنْ مَنَحَ مَنِيحَةَ لَبَنٍ أَوْ وَرِقٍ ..... الخ"

جس نے دودھ والا جانور یا چاندی کسی کو فائدہ اٹھانے کیلئے دی ہے

چاندی کے منیحہ سے مراد : کسی کو عارضی طور پر بطور قرض کوئی رقم دینا۔ کیونکہ چاندی سے عارضی نفع بھی نہیں خرچ کرکے ہی ہو گا ۔ کیونکہ جب خرچ کرکے فائدہ اٹھایا جاتا ہے تو یہ قرض ہے

قرض کتنا دینا چاہیے؟ مگر حضرت محمود اشرف صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ اتنا قرض دو کہ اگر واپس نہ ملے تو تمہیں کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ آج کا زمانے میں حضرت الشیخ الحریر صاحب فرماتے ہیں کہ "قرض حسنہ" کا مطلب ہے "قرض دے کر بھول جانا" اور حدیث میں ہے "أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى" یعنی وہ افضل صدقہ ہے جس کے بعد بھی مالداری باقی رہے۔

اگر نہیں دے سکتے تو دعا کرو کہ اللہ اسکی ضرورت پوری کر دے۔

"زُقَاقًا" کے دو معنی :-

هَدَى زُقَاقًا : کسی کو راستہ دکھلا دیا۔ اس صورت میں "زقاق" راستہ کے معنی میں ہے

هَدَّى زُقَاقًا : کسی کو کھجور کے درختوں کی قطار ہدیہ کر دیا۔ اس صورت میں "زُقَاقًا" درختوں کی قطار کے معنی میں ہے اور دو طرح درست ہے۔

۳۸ :- إِمَاطَةُ الْأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ :-

غُصْنُ شَوْكٍ : کانٹے والی ٹہنی اور شاخ۔

فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ : اللہ نے اس کے اس کام کی قدر فرمائی۔

۳۹- : المجالس بالأمانة ١-

یعنی مجلس کی گفتگو امانت ہوتی ہے۔

مجلس کی دو قسمیں : اب مجلس میں دو قسم کی گفتگو ہوتی ہے۔ ١- عمومی گفتگو ٢- خصوصی گفتگو۔
عمومی گفتگو بتلا سکتے ہیں۔ خصوصی گفتگو امانت ہے۔
اب خاص گفتگو ہونے کا پتہ یا تو متکلم کی لہجہ سے لگتا ہے۔ یا دلائل سے معلوم ہو جاتا ہے۔

مجلس کی بات باہر بتلانا کب جائز ہے؟ : ہاں اگر خصوصی گفتگو ہو اور اس سے کسی کو ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہو تو بتلا سکتے ہیں۔
حدیث ہے : "المجالس بالأمانة إلا ثلاثة مجالس : سفك دم حرام، أو فرج حرام، أو اقتطاع مال بغير حق" (ابو داؤد اور بیہقی)

دلائل کی مثال حدیث باب ہے۔ جو کہ درج ذیل ہے :-
"إذا حدث الرجل الحديث ثم التفت فهي أمانة"۔

التفات کے دو مطلب : اسکے دو مطلب ہیں۔
١- گفتگو کے دوران وہ ادھر ادھر دیکھ رہا ہے کہ کوئی سن تو نہیں۔
٢- گفتگو سے فارغ ہو کر دیکھتا ہے کہ بات کسی نے سنی تو نہیں۔

۴۰- : السخاء :-

حدیث : "إنه ليس لي من شيء إلا ما أدخل على الزبير"
ترجمہ : میرے پاس اپنا کوئی مال نہیں ہوتا الا یہ کہ وہ مال جو کہ زبیر گھر میں خرچ کیلئے مجھے دیتے ہیں :

الإیکاء : تھیلی کی ڈوری باندھنے کو کہتے ہیں۔
لا توكي فيوكى عليك : باندھ کر نہ رکھو ورنہ تم پر بندھن لگا دیا جائیگا۔

شوہر کے مال سے صدقہ کرنے کے بارے میں اصول:

شوہر کے مال خرچ کرنے کے بارے میں اصول یہ ہے کہ شوہر نے مال دیا ہو اور صراحتاً منع کیا ہے کہ گھر کے علاوہ کہیں اور جگہ خرچ نہ کرنا تو کہیں اور خرچ کرنا جائز نہیں ہے۔
اگر اس نے صراحتاً اجازت دے دی یا دلالتاً اجازت ہو جیسے آپ نے خرچ کیا اور شوہر کو بتلایا اور وہ اس سے خوش ہوا تو دینے میں کوئی حرج نہیں۔

حضرت زبیر کی طرف سے دلالتاً اجازت: یہاں حضرت زبیر کی طرف سے اجازت صراحتاً نہیں تھی مگر حضور ان کا مزاج سمجھتے تھے کہ وہ نیکی کے کاموں میں خرچ کو پسند کرتے ہیں۔

عورت کا اپنا ذاتی مال خرچ کرنا: اور اگر مال عورت کا اپنا ذاتی ہو تو اجازت کی کوئی ضرورت نہیں۔

عورت اور بچوں کا جیب خرچ مقرر کر دے۔
حضرت تھانوی نے بہشتی زیور میں لکھا کہ عورت خود تو کمائی نہیں اور اس کا دل بھی چاہتا ہو گا کہ میں اپنے والدین پر خرچ کروں وغیرہ لہٰذا شوہر گھر کے خرچ کے علاوہ اس کا جیب خرچ ماہانہ مقرر کر دے جس میں اس کو اختیار ہو کہ جہاں چاہے خرچ کرے۔
اسی طرح بچوں کو بھی جیب خرچ دو اور پھر ان کو فلسطین وغیرہ کے فنڈ کی ترغیب دو۔ تو اس طرح عادت صدقہ کرنے کی پڑے گی۔
مال کی مثال کنویں کی طرح ہے کہ اگر خرچ کرتے رہو تو اور آتا رہے گا۔ اگر خرچ بند کر دو تو آنا بھی رک جائے گا۔

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی سخاوت: حضرت زبیر بن عوام کاروباری تو تھے ہی، سخی بھی تھے۔ لوگ ان کے پاس امانتیں رکھواتے تھے۔ تو یہ کہتے کہ امانت رکھوانے میں تمہارا بھی نقصان ہے اور میرا بھی۔ لہٰذا قرضہ دو اس میں ہم دونوں کا فائدہ ہے اور تمہارا بھی۔ پھر قرضہ لے کر خوب اللہ کی راہ میں خرچ کرتے اور کاروبار میں بھی لگاتے۔
اور وفات سے قبل اپنے بیٹے عبد اللہ کو بلا کر کہا کہ جو بھی قرضہ کا مطالبہ کرنے آئے تو فوراً دلیل دے دینا۔ اور اگر کبھی مسئلہ ہو تو اللہ سے دعا کرنا کہ "اے زبیر کے رب! زبیر کے قرضوں کی ادائیگی کا انتظام فرما"۔
اسی لیے حضور علیہ السلام نے حضرت اسماء کو خرچ کرنے کا حکم دیا۔

سند پر کلام: باب کی پہلی حدیث ایوب سختیانی ابن ابی ملیکہ سے اور وہ حضرت اسماء سے روایت کرتے ہیں۔ اور ایوب کے علاوہ ابن ابی ملیکہ کے دوسرے شاگرد ابن ابی ملیکہ اور حضرت اسماء کے درمیان "عباد بن عبد اللہ" کا واسطہ نقل کرتے ہیں مگر ایوب کے کسی شاگرد نے یہ واسطہ نقل نہیں کیا۔ پس ایوب سختیانی کی سند درست ہے کیونکہ ابن ابی ملیکہ کا سماع حضرت اسماء سے ثابت ہے۔ اور جس سند میں عباد کا واسطہ ہے وہ مزید فی متصل الاسانید کی قبیل سے ہے۔

الجاهل السخي أحب إلى الله من عابد بخيل: سخاوت کرنے والا جاہل بخل کرنے والے عبادت گزار سے زیادہ اللہ کو محبوب ہے۔

جاہل اور عابد سے مراد: یہاں جاہل کے مقابلے میں عابد لے کر آئے ہیں عالم نہیں، اس لیے علماء نے فرمایا کہ "جاہل" سے مراد وہ شخص ہے جو عالم نہیں ہو اور عبادت بھی زیادہ نہیں کرتا۔ اور "عابد" سے مراد وہ شخص ہے جو عالم بھی ہے اور عبادت گزار بھی ہے۔

سند پر کلام: باب کی دوسری حدیث "يحيى بن سعيد عن الأعرج عن أبي هريرة" کے طریق سے یحییٰ انصاری کے شاگرد سعید بن محمد وراق روایت کرتے ہیں۔ جبکہ یحییٰ انصاری کے دیگر شاگرد "يحيى بن سعيد عن عائشة" کی سند بیان کرتے ہیں جس میں درمیان کے واسطے گرے ہوئے ہیں، لہٰذا یہ سند مرسل یعنی منقطع ہے اور سعید بن محمد وراق کی یہ سند صحیح اور متصل ہے۔

۴۱ :- البخل :-

واجبات کی دو قسمیں: ایک ہے واجب شرعی اور ایک ہے واجب عرفی۔

۱- **واجب شرعی:** جو کہ از روئے شرع آپ پر واجب ہے، جیسے بیوی بچوں کا نفقہ اور زکوٰۃ وغیرہ۔

۲- **واجب عرفی:** جہاں عرف میں تنگی کرنے کو ناپسند کیا جاتا ہے۔

بخل کا مصداق: اصل بخل کا مصداق وہ واجب شرعی میں خرچ نہ کرنا ہے، جیسے زکوٰۃ یا بیوی بچوں کے نفقہ میں کوتاہی کرنا کہ اس سے کم ہو جائے گا۔ اور واجب عرفی میں کوتاہی کرنا جیسے کوئی مہمان آئے تو اسے نہ دو کہ ادھر شائی کم ہو جائیگی۔ یہ حقیقی بخل تو نہیں ہے لیکن چونکہ یہ مفضی الی البخل ہے اسی لئے مذموم ہے۔

سخی کون ہے؟ اگر کوئی شخص واجب شرعی بھی ادا کرے اور واجب عرفی بھی ادا کرے تو وہ بخیل

تو انہیں لگے سمجھی بھی نہیں ۔ سنی اس وقت کہلائے گا جبکہ وہ واجبات کو ادا کرے اور بعض نوافل وغیرہ
کرے تو یہ سنی ہے ۔

حدیث: "خصلتان لا تجتمعان في مؤمن: البخل وسوء الخلق"۔

مطلب: یعنی مومن بخیل بھی ہو اور بداخلاق بھی ہو ایسا نہیں ہو سکتا، ہاں ایک ہو سکتی ہے۔

اصل مومن کون؟ اصل مومن وہ ہے جس سے کسی دوسرے کو فائدہ پہنچے۔ اب یا تو مال سے فائدہ پہنچے یا ذات سے فائدہ پہنچے۔ اگر کسی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا تو وہ شخص مومن کہلانے کے لائق نہیں۔

ترکیب میں تین احتمالات: ۱- "خصلتان": مبتدأ، موصوف، "لا تجتمعان في مؤمن": صفت، "البخل وسوء الخلق": خبر۔
۲- "البخل وسوء الخلق": مبتدأ مؤخر، "خصلتان لا تجتمعان في مؤمن": مرکب توصیفی خبر مقدم۔
۳- حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اسے راجح کہا ہے: "خصلتان" مبتدأ، بیان جملہ۔ "البخل وسوء الخلق" بدل۔ "لا تجتمعان في مؤمن" خبر۔

حدیث: "لا یدخل الجنة خبٌّ ولا بخیلٌ ولا منّانٌ":

خبٌّ: دھوکے باز ؛ **منّانٌ:** احسان جتلانے والا یا قطع رحمی کرنے والا

جنت میں نہ جانے کے تین مطلب؟ عدمِ دخول کا مطلب: ۱- تغلیظ فرمایا ہے۔
۲- یہ اعمال مفضی الی الکفر ہیں اور کافر جنت میں داخل نہیں ہوگا۔
۳- دخولِ اولی نصیب (میسر) نہیں ہوگا۔

حدیث: "المؤمن غِرٌّ کریمٌ، والفاجر خبٌّ لئیمٌ".

ترجمہ: مومن بھولا بھالا شریف ہوتا ہے اور کافر دھوکے باز کمینہ ہوتا ہے۔

تعارض احادیث: "المؤمن غرّ کریم" سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن سیدھا سادہ ہوتا ہے اور دھوکہ کھا لیتا ہے۔ جبکہ "اتقوا فراسة المؤمن" اور "لا یلدغ المؤمن من جحر مرتین" سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن ذہین ہوتا ہے اور دھوکہ نہیں کھاتا۔

تطبیق: ۱- مومن بھولا بھالا سادہ ہوتا ہے اور وہ لوگوں سے حسن ظن رکھتا ہے اور اس کے نتیجے میں کبھی دھوکہ کھا جاتا ہے۔ بیوقوفی کی وجہ سے دھوکہ نہیں کھاتا۔ اور حدیث میں نفی بیوقوفی کی ہے کہ اسکی وجہ سے دھوکہ نہیں کھاتا۔

۲۔ "لاریدغ" کا مطلب اور آخرت سے بے گمان ہیں دھوکے میں نہیں رکھتا اور "غیرکمہم" کا مطلب اور دنیا سے ہے۔

۳۔ "لا ریدغ" یہ انشاء ہے۔ اور "غرکمہم" یہ اخبار ہے، کہ مومن کو اللہ تعالیٰ دھوکا نہیں دیتا مگر وہ کبھی کبھار دھوکہ کھا جاتا ہے۔

۴۲۔ :- النَّفَقَةُ عَلَى الأَهْلِ :-

۱۔ "نفقة الرجل على أهله صدقة"

حدیث کا مطلب: یعنی عام طور پر تو سمجھا جاتا ہے کہ گھر والوں کو دینا صدقہ نہیں مگر بیوی کا نفقہ تو ذمہ داری ہے مگر اس پر بھی صدقہ کا ثواب اللہ تعالیٰ عطا فرماتے ہیں۔

حدیث: "أفضل الدينار دينار ينفقه الرجل على عياله، ودينار ينفقه الرجل على دابته في سبيل الله، ودينار ينفقه الرجل على أصحابه في سبيل الله."

حاصل حدیث: سب سے افضل مال پر خرچ کرنا — جو اللہ کے راستے میں یعنی جہاد میں اپنے جانور پر اور اپنے ساتھیوں پر خرچ کرے۔

فی سبیل اللہ: کا اولین مصداق تو اس حدیث میں جہاد کے لئے ہوتا ہے۔ مگر استیناس اس سے کیا جا سکتا ہے کہ تبلیغ اور طلب علم میں اگر کوئی نکلے اور اپنی سواری اور ساتھیوں پر خرچ کرتا ہے تو بھی یہ اجر ان شاء اللہ ملے گا۔

بدأ بالعیال: اس سے عیال پر خرچ کرنے کی فضیلت معلوم ہوتی ہے۔

۴۳۔ :- الضِّيَافَةُ :-

فليكرم ضيفه جائزته: پس وہ اپنے مہمان کے جائزے کا خیال رکھے۔

ترکیب: "جائزۃ" بدل ہے "ضیفہ" سے۔ یعنی فليكرم جائزة ضيفه

"جائزہ" کی مراد میں تین اقوال :

"جائزے" کی مراد میں تین قول مشہور ہیں :

۱- پہلے دن کی مہمان نوازی جس میں کچھ تکلف کرے اور بقیہ دو دن معمول کے مطابق ۔

۲- وہ تحفہ یا زادِ راہ جو مہمان کو رخصت کرتے وقت دیا جاتا ہے ۔ اس کو "جیزۃ" بھی کہتے ہیں

۳- مہمان دو طرح کے ہوتے ہیں ایک وہ جو کہ آپ کے یہاں ٹھہرتا ہے تو اسکی مہمانی تین دن ہے ۔ اور دوسرا وہ ہے جو کہ ٹھہرتا نہیں بلکہ گزر کر آگے نکلتا ہے تو اس مہمان کیلئے ایک دن کا زادِ راہ دینا یہ جائزہ ہے ۔ حافظ ابن حجر نے تیسرے معنی کو ترجیح دی ہے مگر ہمارے باب میں پہلا معنی زیادہ مناسب ہے ۔

جمہور : ضیافت سنتِ مؤکدہ ہے ۔

اللیث : مطلقاً واجب ہے ۔

امام احمد : شہر والوں کیلئے مہمان نوازی کرنا سنت ہے اور دیہات والوں کیلئے واجب ہے ۔ کیونکہ دیہات میں کچھ کھانے پینے کا ملنا مشکل ہے بنسبت شہر کے ۔

قائلین وجوب کے دلائل : ۱- ابوداؤد میں ہے کہ ابوکریمہ حضور علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں : "لیلۃ الضیف حق علی کل مسلم" ۔

۲- ایک اور حدیث میں ہے : "أیما رجل أضاف قوماً فأصبح الضیف محروماً فإن نصرہ حق علی کل مسلم حتی یأخذ بقری لیلۃ من زرعہ ومالہ" ۔

۳- بخاری میں ہے حضرت عقبہ کی روایت کہ ہم نے کہا ہم ... آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر وہ اکرام کریں تو ٹھیک ہے "وإن لم یفعلوا فخذوا منھم حق الضیف" ۔

جمہور کی طرف سے جوابات : ۱- یہ حالتِ اضطرار پر محمول ہے کہ جب جان پر بنی ہو تو مہمانی واجب ہے ۔

۲- ابتداءِ اسلام میں مسلمانوں کی کمی کی وجہ سے مہمان نوازی لازم تھی ۔ اب وہ منسوخ ۔

۳- اس کا تعلق ان ذمیوں سے ہے جن کا معاہدہ ہے جس میں یہ بات بھی شامل ہوتی تھی کہ جب بھی مسلمان گزرے وہیں تو ان کی مہمان نوازی کریں ۔ اگر نہ کریں تو مسلمانوں کو لینے کا حق ہے ۔

۳- مطلب یہ ہے کہ اگر مہمان نوازی نہ کریں تو تم ان کو زبان سے برا بھلا کہو ۔ یعنی "یجوز لکم أن تأخذوا من أعراضھم" ۔

جمہور کی دلیل : وہ تمام روایات جو کہ باب میں آئی ہیں سنتِ مؤکدہ ہونے پر دلیل ہیں ۔

حدیث : "ولا يحل له أن يثوي عنده حتى يحرجه"

ترجمہ : مہمان کیلئے یہ جائز نہیں کہ اتنا ٹھہرے کہ میزبان کو حرج میں ڈال دے۔
ایک روایت میں " حتی یؤثمہ " کہ اسکو گناہ سے مجبور کرے مثلاً کہ وہ غیبت کرے گا یا ہم دار کھلانے کا دھوکہ۔

میزبان کی حالت کا خیال رکھنا چاہیے : مگر یہ ایک دن اور تین دن والی یہ سب حالات کے اوپر مبنی ہے۔ مثلاً اگر کسی کا گھر بہت کم ہی ہے ایک سے تو ٹھہرنے میں حرج ہے کہ وہ ایک دن ہی گزارنا ہو۔ اور اگر کسی کا اس وسیع ہو تو تین دن ٹھہر جاؤ۔ لہٰذا دیکھو خیال کرو کہ کس حالت کے مناسب وقت میں جاؤ اور کتنے وقت کیلئے جاؤ۔

مہمان نوازی پر گھر والوں کو مجبور کرنا درست نہیں : دوسری بات یہ ہے کہ اگر آپ کے گھر کوئی مہمان آئے تو آپ مہمان نوازی کریں مگر اپنے بیوی بچوں کو آپ مہمان نوازی پر مجبور نہیں کر سکتے۔ لہٰذا اگر گھر والے راضی نہیں ہیں تو آپ از خود کھانا دینے کا انتظام کریں۔ ایسی صورت میں گھر والوں کی ناراضگی پر آپ ان کو مجبور نہیں کر سکتے۔

٤٤- السعي على الأرملة واليتيم :-

حدیث : "الساعي على الأرملة والمسكين كالمجاهد في سبيل الله أو كالذي يصوم النهار ويقوم الليل".

ترجمہ : جو شخص بیوہ یا مسکین کیلئے محنت کرے وہ ایسا ہے جو کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرے۔ یا اس شخص کی طرح ہے جو کہ دن میں روزہ رکھے اور رات بھر قیام کرے۔

٤٥- طلاقة الوجه وحسن البشر :-

طلاقۃ الوجہ : خندہ پیشانی سے ملو۔

"أن تفرغ من دلوك في إناء أخيك" : یعنی اپنے برتن سے اسکے برتن میں پانی ڈال دو۔ کہ میں بعد میں بھر لوں گا۔

خود ایثار کرو دوسروں کو ایثار پر مجبور نہ کرو : اسمیں ایثار کی تعلیم دی ہے۔ اب اگر کسی لائن میں آپ لگے ہو اور اسمیں دس بندے آگے ہوں تو آپ کے استاذ آگئے تو ایثار کرو مگر تم خود اپنی جگہ چھوڑ کر خود لائن کے آخر میں جاؤ۔ اپنے آگے کھڑے نہ کرو۔ کہ اسمیں تمہارے پیچھے والوں کی حق تلفی ہے۔

لہٰذا آپ اپنے اوپر اس قسم قبیح دیں ہیں مگر آپ دوسروں کو انکار پر مجبور نہیں کر سکتے ۔

۴۶ - : الصِّدقُ والکذبُ : -

تعریف الصِّدق : سچ کی کوشش کرتا رہتا ہے ۔

حاصل حدیث : اسمیں ایک بات تو یہ آئی کہ ایک نیکی دوسری نیکی کی طرف انسان کو لے کر جاتی ہے اسی طرح گناہ بھی ایک دوسرے کی طرف لے جاتا ہے ۔ اسی لئے انسان کو نیکی کرنی چاہیے تاکہ اللہ مزید نیکی کی توفیق دے اور اگر کبھی گناہ ہو جائے تو توبہ کرے اور اسکے بعد مزید نیکی کرے تاکہ اس گناہ کی ظلمتوں سے بھی محفوظ ہو جائے ۔

"صدیق" اور "کذاب" لکھے جانے کے دو مطلب :

۱- اسکے نامۂ اعمال میں "صدیق" اور "کذاب" لکھ دیا جاتا ہے ۔ اس کا حشر اسی حالت میں ہوگا ۔
۲- دنیا میں لوگوں کے دل میں یہ بات ڈال دی جاتی ہے کہ یہ شخص سچا یا جھوٹا ہے ۔ جیسے ارشاد ہے "ان الذین آمنوا وعملوا الصلحٰت سیجعل لھم الرحمٰن ودّا" ۔

"اذا کذب العبد تباعد عنہ الملک میلا" : اس سے اخذ ہوا کہ جب آدمی کی جھوٹ بولتا ہے تو اسکی بدبو کی وجہ سے فرشتہ اس سے ایک میل دور چلے جاتے ہیں ۔ اور فرشتے دور ہوں تو شیطان آس پاس آجاتے ہیں گے اور گناہوں میں مشغول رہیں گے ۔

۴۷ - : الفُحش : -

حدیث : "مَا کَانَ الفُحْشُ فِي شَيْءٍ اِلَّا شَانَہٗ" ۔

ترجمہ : فحش گوئی کسی چیز میں بھی ہوتی ہے مگر اسکو عیب دار کر دیتا ہے ۔

فائدہ : سخت کلامی سے انسان کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اور حسنِ اخلاق سے فائدہ پہنچتا ہے ۔

"لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاحشا ولا متفحشا"

آپ علیہ السلام نہ فطرتاً فحش گو تھے اور نہ تکلفاً فحش گوئی کرتے تھے۔

۴۸ :- اللّعنۃ :-

حدیث: "لا تلاعنوا بلعنۃ اللہ ولا بغضبہ ولا بالنار"

ترجمہ: ایک دوسرے پر اللہ کی لعنت نہ بھیجا کرو اور اللہ کے غضب یا جہنم کی بد دعا نہ دیا کرو۔

فائدہ: یہ لعنت کی ممانعت اس وقت ہے جبکہ کسی شخص معین پر لعنت کی جائے۔ اگر غیر معین اشخاص پر کسی وصف خاص کی وجہ سے لعنت ہو تو جائز ہے۔ جیسے "لعنۃ اللہ علی الکافرین والیہود" مثلاً۔

حدیث: "لیس المؤمن بالطعان ولا اللعان ولا الفاحش ولا البذیء"

ترجمہ: مومن طعنہ دینے والا نہیں ہوتا۔ لعنت دینے والا، فحش گو اور بیہودہ گو نہیں ہوتا۔

فائدہ: "فانہ من لعن شیئا لیس لہ باھل رجعت" : لعنت اسی پر لوٹتی ہے یعنی اللہ کی رحمت سے محروم وہی اسی کی قسمت ہوتی ہے۔

۴۹ :- تعلیم النسب :-

حدیث: "تعلموا من انسابکم ما تصلون بہ ارحامکم، فان صلۃ الرحم محبۃ فی الاھل، مثراۃ فی المال، منسأۃ فی الاثر"

ترجمہ: اپنے نسب میں سے اتنی معلومات کر لو / سیکھ لو جس کے ذریعے سے تم صلہ رحمی کر سکو۔ بے شک صلہ رحمی رشتہ داروں میں محبت کا ذریعہ ہے، مال میں کثرت اور فراوانی کا ذریعہ ہے۔ موت میں تاخیر کا ذریعہ ہے یعنی درازی عمر کا۔

درازی عمر کا مطلب: درازی عمر کے دو مطلب ہیں:

حقیقی معنی: ۱- واقعتاً عمر میں اضافہ ہو جاتا ہے —

مجاز کی صورت میں تین احتمالات :

۲ - مجاز مراد ہے کہ اللہ اس کی عمر میں برکت عطا فرما دیتے ہیں کہ جو کام لوگ سالوں میں یا عمر دراز میں کرتے ہیں وہ چھوٹی عمر میں ہی کر جاتا ہے -
یا یہ معنی ہیں کہ اللہ اسکو نیک صالح اولاد عطا فرماتے ہیں جو کہ اسکی نیکی کو جاری رکھتی ہیں -
یا یہ معنی ہیں کہ اللہ ذکر خیر بعد والوں میں باقی رکھتے ہیں اور وہ اسکی اچھائی کا تذکرہ کرتے ہیں -
تو مجاز کی صورت میں یہ تینوں مراد لئے جا سکتے ہیں

حقیقی معنی مراد لینے کی صورت میں اشکال : عمر جب مقدر ہے تو درازئ عمر کا کیا مطلب ہے ؟

تمہید : تقدیر کی دو قسمیں : تقدیر کی دو قسمیں ہیں -

تقدیر مبرم : اللہ تعالی کے علم ما کان اور ما یکون کو کہتے ہیں -

تقدیر معلق : وہ تقدیر کا صحیفہ جو کہ فرشتوں کے سپرد کر دیا جاتا ہے یا لوح محفوظ میں لکھ دیا جائے -

جواب : تبدیلی تقدیر مبرم میں تو نہیں ہوتی البتہ تقدیر معلق میں تبدیلیاں ہوتی ہیں -
اور ان تبدیلیوں کے مختلف اسباب ہیں جن میں سے ایک صلہ رحمی بھی ہے کہ اسکے سبب اللہ تعالی عمر میں درازی عطا فرما دیتے ہیں -

۵۰ - : دَعْوَةُ الأَخِ لأَخِيهِ بِظَهْرِ الغَيْبِ : -

دعا کی قبولیت کی وجہ : کسی کی پشت کے پیچھے اسکے لئے دعا کرنا سب سے جلدی دعا قبول ہونے کا ذریعہ ہے -
وجہ اسکی یہ ہے کہ اسمیں اخلاص ہوتا ہے کسی کی خوشنودی مقصود نہیں ہوتی -

۵۱ - : السَّبُّ : -

حدیث : "المستبان ما قالا فعلى البادئ منهما ما لم يعتد المظلوم"

ترجمہ : جو دو شخص ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ رہے ہیں وہ جو کچھ کہہ رہے ہیں اسکی ذمہ داری آغاز کرنے والے پر ہے جب تک کہ مظلوم حد سے تجاوز نہ کرے -

حدیث: "لاتسبّوا الأمواتَ فتؤذوا الأحياءَ"

ترجمہ: اموات کو برا بھلا مت کہو اس سے تم احیاء کو تکلیف پہنچاؤ گے۔

اموات سے مراد: یہاں اموات سے مراد "اموات مسلمین" ہیں۔ اموات کفار و فساق کا برائی سے ذکر کرنا اور ان کی برائی بیان کرنا اگر اس مقصد سے ہو کہ دوسروں کو ڈرایا جائے کہ یہ لوگ کتنے برے لوگ ہیں تو درست ہے۔

ایک قید کا اضافہ: لیکن اگر کافر کی برائی سے اس کے مسلمان رشتہ داروں کو تکلیف ہوتی ہو تو اس کو بھی برا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔

قید کی دلیل: اس قید کی دلیل حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے: حضرت عباس اور ایک انصاری صحابی میں کچھ ان بن ہوگئی تو انصاری صحابی نے ان کے آباء و اجداد کو برا بھلا کہا تو حضرت عباس نے ان کو تھپڑ مار دیا۔ معاملہ حضور علیہ السلام کے پاس پہنچا تو حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "لاتسبّوا أمواتنا فتؤذوا أحياءنا"۔

حدیث: "سبابُ المسلمِ فسوقٌ، وقتالُه كفرٌ"۔

ترجمہ: مسلمان کو برا بھلا کہنا فاسقوں کا کام ہے اور مسلمان سے قتال کرنا کافروں کا کام ہے۔

"قتالُه كفرٌ": اس کے دو مطلب ہیں:
۱- کافروں کا کام ہے۔
۲- کفر تک پہنچانے والا ہے۔

سباب اور قتال میں فرق کرنے کی وجہ: "سب" اور "قتال" میں فرق کی وجہ یہ ہے کہ "سباب" "قتال" کے مقابلے میں ہلکا گناہ ہے۔ اس فرق کو ظاہر کرنے کیلئے "سباب" کو "فسوق" سے اور "قتال" کو "کفر" سے تعبیر فرمایا۔

۵۲- : قولُ المعروفِ :-

غُرَفًا : بالاخانے

تہجد میں اپنے آپ کو اللہ سے قبول کروا لو : دیکھیں آپ گرمیوں میں تو عشاء کے وقت تہجد پڑھ لیتے ہیں مگر اب راتیں لمبی ہونا شروع ہوگئی ہیں - اور تمہارا آخری سال ہے لہذا رات کو جلدی سو جاؤ اور صبح آدھے گھنٹہ پہلے اٹھ جاؤ اور اللہ سے خوب مانگو اور دین کی خدمت کیلئے اپنے آپ کو قبول کروا لو -

بے نیازی سے اللہ نہیں دیتے :- اگر اب بھی خوابِ غفلت سے نہیں نکلو گے تو دیکھو اللہ عطا کر دے مگر اللہ تعالیٰ اس بے نیازی کے ساتھ عطا فرماتے نہیں ہیں -

تہجد کیلئے صبح سونے کی اجازت ہے : رات کو تہجد اگر پڑھو تو فجر کے بعد سونے کی اجازت ہے - اگر تہجد اور فجر کے بعد نہ سونا دونوں کر سکو تو اچھا ہے مگر تم صبح [illegible] ہو تو تہجد پڑھ لینا بہتر ہے اور تہجد پڑھنے کے بعد مطالعہ کر لو - میرا تجربہ یہ ہے کہ دن میں جو کام آپ گھنٹہ لگا کر کرتے ہو وہ 15 منٹ میں اس وقت ہو جائے گا -

[illegible] : الارم لگاؤ ، ایک دو دن نہ اٹھے تو تیسرے دن آنکھ کھلے گی جب بالکل [illegible] تو عمل ہی رہ جائے - جلدی سو جاؤ ، الارم لگاؤ اور کوشش کرتے رہو ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ توفیقِ عمل فرما دیں گے -

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ اس شاگرد کو سبق میں ہی نہیں بیٹھنے دیتے جو تہجد نہ پڑھتا ہو -

۵۳- : فَضلُ المَملُوكِ الصَّالِح :-

حدیث : "نِعِمَّا لأحدهم أن يُطيعَ اللّٰهَ ويؤدّيَ حقَّ سيّدهِ" يعني المملوكَ.

ترکیب میں دو احتمال :-

۱- "ما" شی کے معنی میں ہوکر تمییز ہے "نعم" کی ضمیر مستتر سے - اس صورت میں "احد" سے مراد مملوک ہوگا - ترجمہ : کیا ہی اچھی بات ہے غلام کیلئے کہ وہ اللہ کی اطاعت بھی کرے اور اپنے مولیٰ کا حق بھی ادا کرے -

۲- دوسرا احتمال یہ ہے کہ "ما" سے "مملوک" مراد ہو ، اور "احد" تمییز ہو اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا : "کیا ہی اچھا غلام ہے کسی مستحق کا کہ جو اللہ کی اطاعت بھی کر رہا ہے اور مولیٰ کا حق بھی ادا کر رہا ہے"

"یعنی المملوک" کا مطلب :

یعنی بقولہ "لاحدھم" : المملوک .

"صدق اللہ و رسولہ" : کعب رضی اللہ عنہ پچھلی کتابوں کے بڑے عالم تھے تو اس وجہ سے تصدیق کر رہے ہیں یا تحریر کی بنیاد پر تصدیق فرمائی ہے۔

"ثلاثۃ علی کثبان المسک" : تین لوگ مشک کے ٹیلوں پر ہوں گے۔

"رجل أم قوما وھم بہ راضون" : مراد یہ ہے کہ امام میں کوئی کوتاہی ہو تو وہ مقتدی ناراض ہو جائیں گے - اس سے بچے۔ اگر امام میں کوئی کوتاہی نہ ہو تو بلاوجہ ناراضگی کوئی عذر نہیں ہے - کہتے ہیں کہ امام پورے محلے کی پیروی کرتا ہے - اور وہ سب کو خوش نہیں کر سکتا - لہٰذا اسے چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داری پوری کرے اور اسے "فیما بینکم و بین اللہ مخلص" ہو تو کسی کی ناراضگی کی کوئی پرواہ نہ کرے۔

"رجل ینادی بالصلوات الخمس فی کل یوم ولیلۃ" : حدیث میں مؤذن کے بارے میں آیا ہے "اکثرھم اعناقا" - اور ہمارے یہاں اذان دینے کو معیوب سمجھا جاتا ہے - حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اگر یہ خلافت کی ذمہ داری مجھ پر نہ ہوتی تو میں اذان خود دیتا —

۵۴۔ :- معاشرۃ الناس :-

"اتق اللہ حیثما کنت" : خلوت اور جلوت، غمی اور خوشی تمام حالات میں اللہ سے ڈرو۔

"أتبع السیئۃ الحسنۃ تمحھا" : سیئہ میں دو احتمال ہیں :

۱- صغیرہ مراد ہوں تو صغیرہ نیکی سے معاف ہو جاتے ہیں۔

۲- کبیرہ مراد ہوں تو مطلب یہ ہے کہ توبہ تو ضروری ہے اسکی معافی کیلئے مگر توبہ کے بعد بھی اس گناہ کے اثرات باقی رہتے ہیں تو نیکی کرنے سے اثرات بھی زائل

ہو جب ملیں گے

کبیرہ معاف لینے کی صورت میں ایک اور مطلب ہے: اور بعض نے کہا کہ کبیرہ معاف تو توبہ سے ہوتا ہے مگر اتنی نیکی تو ہم کریں اور غیب کو آئے، لہٰذا توبہ کے بعد بھی نیکی کرو تو جو کمی توبہ میں رہ گئی ہے وہ نیکی پوری کر دے گی۔

حدیث: "خالق الناس بخلقٍ حسنٍ".

حسنِ خلق کی تعریف: ۱۔ اچھے اخلاق کا مطلب: "معاملتک بالخلق ما یرضی به الخالق".
یہ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے لکھی ہے

۲۔ بعض حضرات نے یہ لکھا: "السلوک علی ما یرضی عنه الله تعالیٰ والخلق جمیعاً".

۵۵۔ ظنّ السُّوْء:

حدیث: "إیاکم والظن، فإن الظن أکذب الحدیث".

ترجمہ: تم بدگمانی سے بچو۔ بے شک بدگمانی بدترین جھوٹ ہے۔

ظن سے مراد: یہاں "ظن" سے "سوءِ ظن" مراد ہے۔ اور سوءِ ظن کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ ہے کہ بندوں کے ساتھ ہو اور دوسرا یہ ہے کہ اللہ کے ساتھ ہو۔

پہلی صورت: کوئی مسلمان بظاہر نیک ہے اور آپ بلادلیل اس کے بارے میں برا گمان رکھتے ہیں تو یہ سوءِ ظن ہے۔
ہر ظن برا نہیں ہے۔ قرآن میں ہے: "إن بعض الظن إثم"۔

دوسری صورت: اور دوسری قسم سوءِ ظن کی یہ صورت لکھی ہے کہ اللہ کے بارے میں برا گمان رکھے۔

بدگمانی کرنے والے کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی: جھوٹ کو تو انسان برا سمجھتا ہے اور توبہ کر لیتا ہے مگر بدگمانی میں آپ نے غیر دلیل کو دلیل سمجھ لیا ہے جو کہ فی الواقع دلیل نہیں ہے، لہٰذا توبہ کی بھی توفیق نہیں ملے گی۔

نطق ظناً و تکلم بہ: زبانی گفتگو کرے یا دل میں سوچے اور کہے۔ مراد ظن کی پانچویں قسم ہے، باقی چار قسمیں درست اور حق ہے۔

۵۶ -: المُزَاحُ :-

یعنی کسی سے خوش طبعی کی بات کرنا۔

مزاح کرنا مسنون ہے: کبھی کبھار رفقاء کو خوش کرنے کیلئے اور انکی خوش طبعی کیلئے کوئی اچھی بات کہہ دے جو کہ شرعی حدود میں ہو تو جائز ہے بلکہ مستحسن ہے اور مسنون ہے۔

مزاح کی حدود: حدود یہ ہیں :-

۱- جھوٹ نہ بولے۔

۲- کسی کو تکلیف وایذاء نہ دے۔

۳- استہزاء نہ ہو — یعنی تمام مہذبانہ پہلو سے بچ کر مزاح کرے۔

مزاح جائز ہے مگر عادت نہ بنائے: البتہ علماء نے لکھا کہ شرعی حدود میں رہ کر مزاح درست ہے مگر اس کو عادت نہیں بنانا چاہیے۔ کیونکہ مزاح کو عادت بنانے سے شرعی حدود کی رعایت کرنے میں مشکل ہوگی۔ اور خفت کی علامت ہے اور اس سے دل میں سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور انسان کا رعب بھی باقی نہیں رہتا بلکہ وہ "اُلعوبہ" بن کر رہ جاتا ہے۔

احادیث میں تعارض کا دفعیہ: یہاں اجازت دی ہے اور مزاح ثابت ہے اور آگے حدیث نمبر (۱۹۹۲) میں آرہا ہے "لا تُمارِ أخاكَ ولا تُمازِحْهُ" تو وہاں پر تطبیق یہ ہے کہ ایسا مزاح نہ کرے جس میں شرعی حدود کی پامالی ہو۔

یا أبا عُمَیر، ما فعل النُّغَیر؟ : نُغَیر ان کا پرندہ تھا جو مر گیا تھا اس کا ان کو غم تھا حضور ان سے مزاح فرماتے۔

یا أبا عُمَیر : یہ ابو عمیر کنیت ان کی پہلے نہ تھی بلکہ "نُغَیر" کے دن سے حضور نے یہ کنیت رکھوا دی تھی۔

"اِنَّكَ تُدَاعِبُنَا" : صحابہ نے پوچھی کہ آپ بھی ہم سے مذاق کی باتیں کرتے ہیں -

حضور علیہ السلام کے مذاق پر صحابہ کی حیرت کی وجہ:

حیرت کی وجہ مختلف بیان کی گئی ہے :-

۱- حدیث نمبر (1992) میں ہے " لا تمازحہ " کی ممانعت تھی - اس لئے حیرانگی ہوئی -

۲- سوال کی وجہ یہ تھی کہ یہ آپ ہی کی خصوصیت ہے یا ہم بھی کر سکتے ہیں تو حضور نے بتلایا کہ تم بھی کر سکتے ہو بس جھوٹ نہ بولو -

۳- حضور علیہ السلام کے مقام رفیع کو پیش نظر رکھ کر صحابہ نے سوال کیا کہ آپ تو ہر وقت ملاءِ اعلیٰ کے مشاہدہ میں مصروف رہتے ہیں تو کیا آپ بھی مذاق کرتے ہیں -

یَا ذَا الْأُذُنَيْنِ : بات تو درست ہے اور البتہ اس وجہ سے فرمایا ہو کہ ان کے کان بہت تیز تھے -

هَلْ تَلِدُ الْإِبِلَ إِلَّا النُّوقُ : اونٹ بھی تو اونٹنیاں ہی جنتی ہیں -

۵۷- : اَلْمِرَاءُ :-

اَلْمِرَاءُ : جھگڑا -

حدیث : "مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ ، بُنِيَ لَهُ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ"

ترجمہ : جو شخص جھوٹ چھوڑ دے اس حال میں کہ وہ باطل ہے اس کیلئے جنت کے کنارے میں گھر بنایا جائے گا -

"وَهُوَ بَاطِلٌ" : دو مطلب ہیں :

۱- "کذب" کی تفسیر ہے - یعنی جھوٹ کو چھوڑ دے جبکہ جھوٹ تو ویسے ہی غلط چیز ہے -

۲- احتراز ہے ان صورتوں سے جن میں جھوٹ بولنا جائز ہے - تو مراد : جھوٹ بولے اس حال میں کہ وہ باطل ہے بعد غلط مقصد کیلئے بول رہا ہے -

حدیث: "من ترك المراء وهو محق بني له في وسطها"

ترجمہ: حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑدے اس کیلئے جنت کے درمیان میں گھر ہے۔

قیمتی نصیحت: دیکھو، عدالتوں کے جھگڑے بھی فیصلے سامنے رکھ کر چھوڑ دیا کرو۔ اگر لڑوگے تو بھی کچھ حاصل نہیں ہے، 20، 22 سال بعد جج کہیگا کہ مجرم کو باعزت بری کیا جاتا ہے — اگر تمہارا حق کسی نے مارا ہے تو معاف کردو۔

حدیث: "كفىٰ بك إثماً أن لا تزال مخاصماً"

ترجمہ: گناہ کیلئے یہ بات کافی ہے کہ تم ہر وقت جھگڑتے ہی رہو۔

حضرت مفتی محمود اشرف صاحب رحمہ اللہ کا سنہرا ملفوظ:

حضرت مولانا محمود اشرف صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے:

"دنیا میں سارے کام آپکی مرضی کے مطابق نہیں ہو سکتے - کچھ مطابق ہوں گے اور کچھ خلاف ہوں گے - جو موافق ہوں ان پر اللہ کا شکر کرو۔ اور جو آپکی مرضی کے خلاف ہوں تو صبر کرلو۔ جھگڑتے ہی نہ رہو۔ سارے کام اگر تمہاری مرضی کے مطابق ہوں تو تم بندے تو نہ رہے بلکہ تم تو خدا بن گئے" —

جھگڑا چھوڑدینے میں ہی عافیت ہے: یہ ملفوظ پلے باندھ کر رکھ لو - ساری زندگی کام آئیگا - اور لڑائی جھگڑا ختم کرنے کا بہترین اصول ہے — دیکھو! یہ ساتھی جو ہیں نا ان پر لڑنے سے جان نہیں چھوٹتی - اگر چھیڑوگے تو یہ اور تنگ کرتے ہیں - لہٰذا جھگڑوں میں نہ پڑا کرو، برداشت کیا کرو۔

ازدواجی زندگی ضابطوں پر نہیں رابطوں پر چلتی ہے:

ازدواجی زندگی میں بھی اس ملفوظ کو یاد رکھو، اور اسی طرح زندگی گزرے گی ضابطوں سے نہیں - اگر ضابطوں کی بات کروگے تو جتنا عورت تمہیں ضابطوں کی وجہ سے تنگ کرسکتی ہے اتنا تم نہیں کرسکتے -

لَا تُمَارِهِ: اس سے مراد ایسی مزاح ہے جس سے دوسرے کو تکلیف پہنچے -

لَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ: اس سے مراد وہ وعدہ ہے جس کو کرتے وقت ہی پورا نہ کرنے کی نیت تھی - تو یہ علامتِ نفاق ہے — اگر نیت تھی مگر کسی عذر کی وجہ سے وعدہ پورا نہ کرسکا تو کوئی حرج نہیں

اس لئے حضور علیہ السلام جب وعدہ فرماتے تھے تو "ان شاء اللہ" کہہ دیتے تھے ۔ لعل عسیٰ فرما دیتے ۔

۵۸ :- المُدَارَاۃ :-

المداراۃ : نرمی سے پیش آنا ، خوش اخلاقی سے پیش آنا ۔

بئس ابن العشیرۃ / اخو العشیرۃ : قوم کا کیسا برا بھائی یا بیٹا ہے ۔

حدیث : "ان من شر الناس من ترکہ الناس او ودعہ الناس اتقاء فحشہ"

ترجمہ : لوگوں میں بدترین شخص وہ ہے جس کو لوگ چھوڑ دیں اس کی بدگوئی کے ڈر کی وجہ سے کہ گالی دے گا یا برا بھلا کہے گا ۔

مدارات کا حکم سب کے ساتھ ہے :-

مدارات کا حکم مسلمان ، کافر ، اور نیک اور بد سب کے لئے ہے ۔ لیکن بلکہ شرط یہ ہو کہ اس کو دینی نفع پہنچانا ہے یا مقصد یہ ہو کہ اس کے شر سے ہم بچ سکوں ۔ لہذا سب کے ساتھ خوش اخلاقی اور نرمی سے پیش آنا چاہیے ۔

مدارات سے ملتی جلتی چیز مداہنت ہے ۔

مدارات اور مداہنت میں فرق :-

مدارات : "بذل الدنیا لصلاح الدنیا او الدین" کہ دینی یا دنیاوی بہتری کیلئے دنیا کو قربان کرنا ۔

مداہنت : "بذل الدین لصلاح الدنیا" دنیا کی بہتری کیلئے دین قربان کر ڈالے ۔

مدارات کی مثال :- مدارات کی مثال حدیث باب ہے ۔ یہ شخص منافق تھا بدبخت تھا کہ لوگ گئے ۔ بخاری میں ہے کہ حضور نے حضرت عائشہ کے سوال پر فرمایا "متی عہدتنی فحاشا" تو یہاں حضور نے دنیا قربان کی یعنی خوش اخلاقی سے پیش آئے تاکہ اس کے شر سے بچ سکیں ۔

مداہنت کی مثال :- مداہنت کی مثال یہ ہے کہ دنیا کے حصول کیلئے کسی برائی کو غلط نہ کہنا ۔ مثلاً امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے بھی منصب پر ہوتا ہے اس فریضہ کو ادا نہیں کرتے کہ عہدہ نہیں ملے گا وغیرہ ۔

CamScanner

یا نماز کا وقت ہوگیا اور آپ جا رہے ہیں ساتھ والے کی خوشی کیلئے۔

اشکال: حدیث میں اس شخص کے آنے سے پہلے حضور ﷺ نے فرمایا "بئس أخو العشيرة" تو کیا یہ غیبت ہے؟

جواب:
۱۔ یہ شخص مجاہر تھا۔ اور مجاہر کے بارے میں کوئی بات کرنا غیبت نہیں ہے۔
۲۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس کے شر سے مطلع کرنا مقصود تھا۔ اور شر سے مطلع کرنے کیلئے بیان کرنا غیبت نہیں ہے۔

حدیث: "إنّ من شرّ الناس من تركه الناس اتّقاء فحشه"۔

اس جملے کے دو مطلب ہیں:

۱۔ میں نے سختی سے بات اس لئے نہیں کی کہ اگر سختی سے بات کروں تو لوگ مجھ سے ملنا چھوڑ دیں گے اور بدترین آدمی وہ ہے جس کی سخت کلامی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا چھوڑ دیں۔

۲۔ وہ شخص بدترین آدمی ہے۔ اور میں نے جو مدارات اور نرمی سے بات کی ہے وہ اس کے شر سے بچنے کیلئے کی ہے۔ اور بدترین شخص وہ ہے جس کے شر سے بچنے کیلئے لوگ اس سے ملنا چھوڑ دیں۔

اخلاق کیسے ہونے چاہییں؟

آدمی کے اخلاق ایسے ہونے چاہییں کہ ہر آدمی اس سے انسیت محسوس کرے۔ مومن کی صفات بیان فرمائی ہیں "سهل لين" اور ایسا نہ ہو کہ اس سے ملوں گا تو جھگڑے گا یا سخت کلامی کرے گا تو یہ مومن کی صفت نہیں۔

بڑوں کا رعب فحش کلامی میں داخل نہیں: دیکھو، ایک ہوتا ہے بڑوں کا رعب، وہ الگ چیز ہے۔ اور ایک یہ کہ لوگ فحش کلامی کی وجہ سے ملنا چھوڑ دیں تو ممنوع ہے۔

۵۹ - - : الاقتصاد في الحبّ والبغضِ :-

هَوْنًا مَّا : ہلکی ہلکی — أي قليلاً

فائدہ : اگر محبت میں افراط کرو گے تو دشمنی ہونے پر وہ تمہیں بلیک میل کر لے گا۔ اور دشمنی میں افراط کرو گے اور کافر کافر، مشرک منافق کے نعرے لگاؤ گے تو جب بعد میں "دوست" بنانا چاہو گے تو کس منہ سے کہو گے۔

لہذا محبت میں بھی اعتدال ہو اور دشمنی میں بھی اعتدال ہو۔ سبحان اللہ۔

۶۰ - : الکِبْرُ :-

"مثقال حبة من خردل من كبر" : رائی کے دانے کے برابر بھی کبر ہو۔

کبر کی دو قسمیں : کبر کی دو قسمیں ہیں:

۱- خالق کے اعتبار سے : کہ ایمان لانے سے ہی انکار کر دے۔

۲- مخلوق کے اعتبار سے : کہ اپنے کو بہتر اور دوسرے کو حقیر سمجھے۔

یہ بہتر ہونا چاہے مال کی وجہ سے ہو، یا علم، نسب یا کسی اور وجہ سے — دونوں ہی ممنوع ہیں۔

دونوں قسموں کا حکم :- پہلی قسم والا تو کافر ہے اور وہ جنت میں داخل ہوگا ہی نہیں — اور دوسرے قسم والا گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے — لہذا سزا بھگت کر جنت میں جائے گا۔ ابتداءً جہنم میں داخل ہوگا۔

"إنه يعجبني أن يكون ثوبي حسناً ونعلي حسناً" :- کسی نے پوچھا کہ مجھے اچھا لگتا ہے کہ میں اچھے کپڑے اور جوتے پہنوں۔ تو حضور نے فرمایا: جمال کو اللہ پسند کرتا ہے اور کبر تو یہ ہے کہ حق کا انکار کرے اور لوگوں کو حقیر سمجھے۔

بَطَرُ الحقّ : یہ خالق کے اعتبار سے کبر کی طرف اشارہ ہے۔

غَمْطُ الناس : یہ مخلوق کے اعتبار سے کبر کی طرف اشارہ ہے۔

تکبر کا علاج: کبر کا علاج علماء نے لکھا ہے اپنی حقیقت پر انسان غور کرے۔ اور دیکھو یہ طالبعلمی کے زمانے میں ترقی فی العلم بڑی اچھی ہے تو آپ کو احساس ہوتا رہتا ہے۔ لیکن جب تخصص کرو گے تو جہل کا اندازہ ہوگا۔

اور صحیح بات یہ ہے کہ وقت ہی انسان کی سب ہوا نکال دیتا ہے۔ آگے چل کر جب ذمہ داری سر آئیں گی تو عقل ٹھکانے آجائیگی۔ اگر پھر بھی نہ نکلے تو اپنی حقیقت پر غور کرے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کسی نے کہا کہ آپ مجھے بتائیں کہ میں کون ہوں؟ تو انہوں نے فرمایا:

"أولك نطفة قذرة، وآخرك جيفة منتنة، وبين ذلك تحمل العذرة."

یہ ہے تمہاری حقیقت۔

"لا يزال الرجل يذهب بنفسه حتى يكتب في الجبارين"۔

ترجمہ: آدمی مسلسل اپنے آپ کو اوپر اٹھاتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ جباروں میں لکھ دیا جاتا ہے

يعني التيه: مراد اکڑ کر ہے۔

الشملة: معمولی چادر اوڑھ لیتا ہوں۔

"من فعل هذا فليس فيه من الكبر شيء"۔

جو شخص یہ کام کرے اسمیں کبر نہیں ہوتا۔

فائدہ: لہذا کبر کا علاج بتلادیا کہ اپنا کام خود اپنے ہاتھ سے کرے۔ ہر چیز خود استعمال کرو، تکلفات میں نہ پڑو۔ اللہ والے اپنی مخصوص علامات نہیں بناتے۔ حضرت تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر کام میں وقار ہو تو بھی آپ کو رفتہ رفتہ کبر کی طرف لے جاتا ہے۔

۶۱ :- حُسنُ الخُلُق :-

"اِنَّ اللّٰہ تعالیٰ یُبغِضُ الفاحشَ البذیَّ"

ترجمہ : بے شک اللہ تعالیٰ مبغوض رکھتے ہیں اس شخص کو جو فحش گو ہو اور بدگو ہو۔

سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اکثر ما یدخل الناس الجنۃ، قال: "تقوی اللہ و حسن الخلق"

خوف خدا اور حسن خلق۔

دیکھو خوفِ خدا انسان کا اللہ کے ساتھ معاملہ درست کرتا ہے۔ اور حسن خلق انسان کا مخلوق کے ساتھ معاملہ درست کرتا ہے۔ لہذا یہ دونوں جنت کا راستہ بن جاتا ہے۔

وسئل عن اکثر ما یدخل الناس النار، قال: "الفم والفرج"

زبان گناہوں کا سبب ہے :- آپ دیکھیں گے کہ سب سے زیادہ گناہوں کا تعلق زبان سے ہے۔ "من حفظ ما بین لحییه وما بین رجلیه" حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنی زبان پکڑ کر بیٹھے تھے اور فرماتے "اِنَّ ھٰذا اوردنی الموارد" - زبان کی حفاظت پر ہی جنت کی ضمانت دی گئی ہے۔

چپ رہنا سیکھو :- لوگ بولنے کو تعلیم نہیں دیتے ہیں اور بولنے کا طریقہ سیکھتے ہیں تم خاموش رہنے کا طریقہ سیکھ لو۔

خاموش مجلس کی برکات :- حضرت مولانا محمود الحسن صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمہ اللہ کی مجلس میں بعد العصر مجلس ہوتی تھی اور اکثر حضرات خاموش بیٹھے رہتے اور تسبیح پڑھتے رہتے اور اس مجلس کی آٹھ گھنٹے تعلیم کی تعلیم سے زیادہ ہوتا تھا۔

الفرج : کہ اس کی وجہ سے انسان ظلم اٹھاتا ہے اور قدم قدم پر بھٹکتا ہے اور آخرت تک ہی جب برباد ہوتا ہے۔

بَذلُ المعروف - : احسان پہنچانا، یعنی اب کوئی بھی شکل کو فائدہ پہنچانے کی۔

۶۲ :- الإحسانُ والعفو :-

لا يقريني ولا يستفزني احسان نوازی یا کرم — دونوں الفاظ مترادف ہیں —

رآني رثّ الثياب : آپ نے دیکھا کہ میں بوسیدہ سے کپڑے پہنے ہوئے ہوں —
"فَلْيُرَ عليك" : اللہ کی اس نعمت کا اثر تم پر نظر آنا چاہیے
في رواية : "إنّ الله يحبّ أن يرى أثر نعمته على عبده" —

اظہارِ نعمت میں اعتدال :- اللہ تعالیٰ نے جب نعمت دی ہے تو بھکاریوں والا لباس پہن کر نہ رکھے — لیکن اسمیں بھی اعتدال رکھے —
"إياكم والتنعم ، فإنّ عباد الله ليسوا بمتنعمين"
بیہقی میں ہے :- "نهى عن الشهرتين ، رقّة الثياب وغلظها ، ولينها وخشونتها ، وطولها وقصرها"
یعنی نہ انتہائی عالی شان کپڑا اوڑھا پہنا جائے اور نہ بہت نرم اور نہ بہت کھردرا ، نہ بہت لمبا اور نہ بہت چھوٹا — اعتدال میں رہے

ایک بزرگ کا قصہ :- ~~[illegible]~~ ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے لکھی ہے کہ ایک بزرگ کو عمدہ پوشاک میں کسی شخص نے دیکھا تو کہا واہ ، حالات بدل گئے ہیں —
تو بزرگ نے قمیص کا بٹن کھول کر دکھایا کہ اندر بوسیدہ پوشاک بھی پہنی ہوئی ہے ، اور فرمایا کہ یہ بوسیدہ کپڑا میں اپنے نفس کیلئے پہنتا ہے کہ تکبر میں مبتلا نہ ہو — اور یہ عمدہ پوشاک تم جیسوں کیلئے پہنی ہے کہ تم مسکین اور غریب سمجھ کر مجھے زکوٰۃ خیرات نہ دو —

"لا تكونوا إمّعة" : "أنا مع الناس" کہنے والے نہ ہو —
"وَطّنوا أنفسكم" : اپنے آپ کو عادی کر دو اور آمادہ کرو اس بات پر کہ ـــــ الخ —

"لا تكونوا إمّعة" : اس جملے کے **دو مطلب** ہیں
۱— وہ شخص جس کی کوئی اپنی رائے نہ ہو — ہر ایک کی ہاں میں ہاں ملائے —

٢- "أنا مع الناس كما يكونون معي" یعنی لوگ جیسا معاملہ مجھ سے کرتے ہیں میں بھی ان کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کروں گا۔ یہی مطلب راجح معلوم ہوتا ہے۔

ظلم نہ کرنے کے دو مطلب ہے

١- اگر لوگ برا کریں تو اتنی ہی برائی کرو جتنی انہوں نے کی۔ اس سے زیادہ کرو گے تو ظلم ہوگا۔ "وإن أساؤوا فلا تظلموا" "وإن عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به"

٢- دوسرا مطلب یہ ہے کہ اگر برائی کرے تو تم ان سے برائی نہ کرو۔ بلکہ بہتر لوگ ظلم کا احسان پیدا کرو۔ "فاعف عنهم واصفح" - "ولئن صبرتم لهو خير للصابرين"۔

٦٣- :- زيارة الإخوان :-

"طبت وطاب ممشاك، وتبوأت من الجنة منزلا"

تم خوش رہو اور تمہارا چلنا مبارک ہو۔ اور تم نے جنت میں اپنا گھر بنا لیا۔

٦٤- :- الحياء :-

حدیث: "الحياء من الإيمان، والإيمان في الجنة - والبذاء من الجفاء والجفاء في النار"

ترجمہ: حیاء ایمان کے شعبوں میں سے اہم شعبہ ہے۔ اور ایمان جنت میں لے جانے والا ہے۔ بدگوئی بے گنواری یا الکھڑپن کی علامت ہے۔ اور گنوار پن جہنم میں لے جانے والا ہے۔

حیاء کی تعریف: الحياء: "خلق يبعث على اجتناب القبيح، ويمنع من التقصير في حق ذي الحق".

حیاء ایک بزرگ کی نظر میں: کسی بزرگ نے کہا: اللہ کی نعمتوں اور اپنی کوتاہیوں پر نظر کرنے سے جو کیفیت پیدا ہوتی ہے دل میں وہ حیاء ہے۔

البذاء: بد سلیقہ ہونا، اکھڑ پن ہونا۔ گنوار پن ہونا۔ اور عموماً دیہاتیوں میں ہوتا ہے۔

٦٥ :- التأنّي والعجلة :-

حدیث : "السمتُ الحسنُ والتؤدةُ والاقتصادُ جزءٌ من أربعةٍ وعشرين جزءاً من النبوة" ۔

ترجمہ : اچھی عادت / سیرت ، اور اطمینان سے کام کرنا ۔ اور میانہ روی سے کام لینا یہ نبوت کے چوبیس حصّوں میں سے ایک حصّہ ہے ۔

نبوت کا جز ہونے کا مطلب : اب اللہ جانے کہ نبوت کے چوبیس جز کس اعتبار سے ہیں ۔ اس کی کیفیت ہمیں نہیں پتہ ۔ البتہ نبوت سے ان تین چیزوں کی جوڑنے سے اس بات کی طرف اشارہ ہے ۔ کہ یہ انبیاء علیہم السلام کے اوصاف ہیں ۔ اور بعض نے کہا کہ انبیاء ان اوصاف کی طرف دعوت دیتے آئے ہیں ۔

أشج عبد القیس : عبد القیس کے وفد کے سردار ، ان کا نام تھا منذر بن عائذ ۔

حدیث کا پس منظر : ۔ جب وفد آیا تو سب لوگ سواریاں چھوڑ کر جلدی جلدی حضور کی خدمت میں پہنچ گئے اور یہ اطمینان سے سواریاں باندھ ، عمدہ کپڑے پہنے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے ۔
اور دوسرا واقعہ یہ ہوا کہ حضور نے فرمایا کہ اپنے اور اپنی قوم کی طرف سے بیعت کیلئے ہاتھ بڑھاؤ ۔ تو انہوں نے کہا کہ یارسول اللہ ! میں اپنی طرف سے تو بیعت کر سکتا ہوں مگر اپنی قوم کی طرف سے کیسے بیعت کر سکتا ہوں ۔ آپ مجھے کچھ وقت دیں تاکہ ہم واپس جاکر انہیں دعوت دیں ۔

ان دونوں واقعوں کی وجہ سے حضور علیہ السلام نے فرمایا : "إنّ فيك لخصلتين يحبّهما الله : الحلمُ والأناةُ"

الحلم : صبر و بردباری ، عقل ۔
الأناة : اطمینان سے کام کرنا ۔

"الأناة من الله والعجلة من الشيطان" :-

اطمینان اللہ تعالیٰ کی عطا ہوتی ہے اور جلدبازی میں شیطانی وسوسوں سے ابھرتا ہے

۶۶ :- اَلرِّفْقُ :-

حدیث: من أعطي حظّه من الرفق فقد أعطي حظّه من الخير، ومن حرم حظّه من الرفق فقد حرم حظّه من الخير۔

ترجمہ: جس شخص کو نرمی میں سے اس کا حصّہ دیا گیا تو اسے خیر میں سے اس کا حصّہ دیا گیا۔ اور جس شخص کو نرمی سے اس کے حصّے سے محروم کیا گیا اسے خیر سے اس کے حصّے سے محروم کر دیا گیا۔

مطلب: جتنی نرمی تم میں ہے تو اتنی خیر تمہیں حاصل ہے۔ اور جتنی نرمی کی کمی ہے تم خیر کے اتنے حصّے سے محروم رہ گئے ہو۔

۶۷ :- دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ :-

حدیث: "اتّق دعوة المظلوم، فإنّه ليس بينها وبين الله حجاب"

ترجمہ: مظلوم کی بد دعا سے بچو، کہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔ یعنی جلدی قبول ہوتی ہے۔

۶۸ :- خُلُقُ النَّبِيِّ - صلی اللہ علیہ وسلم - :-

عشر سنین: نو سال اور کچھ مہینے تھے تو کسور کو حذف کر کے دس سال کہا ہے۔

فما قال لي أفّ قطّ: یعنی کبھی ڈانٹا نہیں۔

خز: ریشم اور اون سے بنا ہوا جب نے والا کپڑا۔

ترجمہ لا شممت مسكاً قطّ: کوئی خوشبو نہیں سونگھی۔

حضرت ام سلیم کا عمل: حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے یہاں آرام فرما رہے تھے تو وہ پسینہ جمع کرنے لگی تھیں تو حضور نے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ "یا رسول اللہ" ہم اس کو اپنی خوشبو میں ملاتے ہیں۔

حضور علیہ السلام کے علم لگانے کی وجہ:

جب حضور علیہ السلام کے پسینے میں خوشبو تھی تو آپ علم کیوں استعمال فرماتے تھے؟ اسکی مختلف توجیہات بیان کی گئی ہیں:

۱- خوشبو میں مزید اضافہ کرنے کیلئے استعمال فرماتے تھے۔

۲- یہ خوشبو دوسروں کو تو محسوس ہوتی تھی مگر حضور کو نہیں آتی تھی۔ اسی لئے حضور خوشبو استعمال فرماتے تھے۔

۳- پسینہ سے ہر وقت خوشبو ہوتی تھی۔ اللہ جل شانہ نے آپ کا جسم ہی ایسا بنایا تھا۔

۴- خوشبو لگانے کو سنت قرار دینے کیلئے استعمال فرماتے تھے۔

۵- خوشبو کو سعادت بخشنے کیلئے حضور استعمال فرماتے۔ (استاذ محترم کی رائے)

ولا صخابا في الأسواق: بازار میں چیخنے والے نہیں تھے۔ یعنی اپنے کام کیلئے جاتے تھے مگر شور و شغب نہیں کرتے تھے۔

عفو اور صفح میں فرق:

ولكن يعفو ويصفح: عفو کہتے ہیں ظاہری طور سے معاف کرنا۔ "صفح" کہتے ہیں دلی طور سے معاف کرنا۔ اور بعض نے اس کے برعکس فرمایا ہے۔

۶۹- حُسْنُ العَهْد :-

حُسْنُ العَهْد: تعلقات کی پاسداری۔

فائدہ: دیکھو! تعلق قائم کرنا تو آسان ہے مگر اس تعلق کے حقوق کا خیال رکھنا اور اس کی پاسداری کرنا بہت مشکل کام ہے۔

حدیث: "ما غِرْتُ على أحدٍ من أزواج النبي صلى الله عليه وسلم ما غِرْتُ على خديجة"

پہلا "ما" نافیہ ہے۔ اور دوسرے "ما" میں دو احتمال ہیں، ایک یہ کہ "ما" موصولہ ہو یعنی "مثل الذي غرت على خديجة" یا "ما" مصدریہ ہو یعنی "مثل غيرتي على خديجة".

ترجمہ: یعنی حضور کی ازواج میں مجھے کسی پر اتنی غیرت نہیں آتی تھی جتنی غیرت مجھے خدیجہ رضی اللہ عنہا پر آتی تھی۔

"وما بي أن أكون أدركتها": دو مطلب ہیں: ۱- میں ان کی فضیلت کو نہیں پہنچ سکتی۔

۲- حالانکہ میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو نہیں پایا۔ اور عموماً سوکنوں سے غیرت اس وقت ہوتی ہے جب کہ وہ حیات ہوں۔

قَد إن كان لَيذبحُ : إنْ مخففة عن المثقلة

فيتتبع بها صدائق خديجة : حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کو ڈھونڈ کر انہیں بھی ہدیہ میں گوشت دیتے تھے۔

٧٠ :- مَعَالِي الأَخْلَاق :-

یہ باب بلند اخلاق کے بارے میں۔

الثرثارون : بہت زیادہ بات کرنے والے / بک بک کرنے والے۔

المتشدقون : یہ نکلا ہے "شدق" سے اس کا معنی ہے باچھیں۔ مراد: باچھیں چیر چیر کر فصیح و بلیغ کلام بتکلف کرنے والے۔

المتفیهقون : تکبر سے کلام کرنے والے۔

فائدہ : دیکھو! آپ نے جتنا لوگوں سے اتنا ہی بغض ہے۔ جب کہ انسان کبھی میں دیکھتا ہے۔ لہذا فضول نہ بولا کریں۔

٧١ :- اللَّعنُ والطَّعن :-

لا یکون المؤمن لعّاناً : مومن بہت زیادہ لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔

الطعن : عیب لگانا۔

٧٢ :- كَثرةُ الغَضَب :-

علّمني شيئاً ولا تكثر عليّ لعلّي أعيه : مجھے کچھ سکھلا دیں البتہ زیادہ باتیں نہ بتلائیے گا تاکہ میں اسکو حفظ کر سکوں۔

ترجمۃ الباب میں ایک لطیف اشارہ!

امام ترمذی نے باب "کثرۃ الغضب" کا نام کیا ہے۔ اور اس میں اشارہ ہے کہ غصہ فطری چیز ہے۔ اور اس کو ختم کرنا مقصود نہیں ہے۔ اگر یہ بری چیز ہوتی تو اللہ اسکو پیدا ہی نہ کرتے۔ اگر غصہ نہ آتا تو دفاع کیسے کرینگے؟ جہاد کیسے کرینگے؟

البتہ زیادہ غصہ کرنا اور اس غصہ کے نتیجے میں جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں آپ ان سب بے سوچے سمجھے عمل کرنے سے منع فرماتے۔

جیسے شہوت انسان میں رکھی ہے تو اس کو ختم کرنا مقصود نہیں ہے بلکہ اسکا رخ صحیح جگہ موڑ دیا ہے۔

شریعت فطری اوصاف کا ازالہ نہیں امالہ کرتی ہے

اس لئے کہتے ہیں کہ انسان کے فطری اوصاف کا شریعت ازالہ نہیں کرتی بلکہ امالہ کرتی ہے۔

جیسا کہ حدیث میں ہے کہ اگر کوئی کہے کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ہل گیا تو اسکی تصدیق کرو لیکن اگر کوئی کہے کہ فلاں کی جبلت بدل گئی تو اسکی تصدیق نہ کرو۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ نے اس پر اشکال اٹھایا کہ جبلت جب بدل نہیں سکتی تو صوفیاء پھر کیا محنت کرتے ہیں؟

پھر خود ہی جواب دیا کہ صوفیاء جبلت کا ازالہ نہیں کرتے بلکہ امالہ کرتے ہیں۔ مثلاً جس میں غصہ زیادہ ہے اسکو جہاد میں بھیج دیتے ہیں، جس میں بخل زیادہ ہے اسکو ملک کا وزیر خزانہ مقرر کر دیتے ہیں وغیرہ۔

ایسے ہی غصہ کی کڑواہٹ سے بچے۔ اور اس کا ازالہ نہیں امالہ کرے۔

غصہ دور کرنے کے پانچ نسخے!

حدیث میں غصہ دور کرنے کے نسخے بتائے ہیں۔

۱۔ "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" پڑھ لے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اپنی آپ کا تصور کرے۔ جیسے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت ابو مسعود الانصاری رضی اللہ عنہ جب اپنے غلام کو مار رہے تھے تو تصور دلایا: "للہ اقدر علیک منک علیہ"۔

۳۔ اپنی ہیئت بدل لے۔ اور بہتر یہ ہے کہ اعلیٰ سے اسفل کی طرف آئے کہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے۔ بیٹھا ہو تو لیٹ جائے۔ کیونکہ غصہ تعلی کی وجہ سے آتا ہے تو اسفل کی طرف تنزل سے ٹھنڈا ہو جائیگا۔

۴۔ پانی سے وضو کرے۔

۵۔ پانی پی لے۔

اصلاحی بات: دیکھو! طبیعتیں مختلف ہوتی ہیں۔ دیگر اہم نسخوں پر عمل کرنا ہر ایک کے بس میں نہیں، یہ نادر ہے۔ اور جب غصہ آئے تو فوراً فیصلہ نہ کرو۔ ٹھنڈے ٹھنڈے دماغ سے سوچ کر فیصلہ کرو۔ پھر ان شاء اللہ ندامت نہیں ہوگی۔

میں جمعے میں بیان کے دوران یہ سمجھاتا ہوں کہ جس طرح نکاح کیلئے مولوی صاحب کے پاس آتے ہو تو اسی طرح طلاق کیلئے بھی مولوی صاحب کے پاس آؤ، ان سے مشورہ کرکے فیصلہ کرو۔

لا تغضب: اس شخص کے بارے میں حضور کو معلوم تھا کہ اسمیں غصہ زیادہ ہے۔ اس لیے اور کوئی نصیحت نہیں فرمائی۔

اور حکیم یہی بتایا کرتا ہے کہ ان دس عادتوں میں سے کون سی ایسی عادت ہے کہ اس کے چھوڑنے سے ساری عادتیں چھوٹ جائیں۔ اور یہ فیصلہ مختلف حالات اور مختلف لوگوں کے اعتبار سے الگ الگ ہی ہوگا۔

ایک شخص کا قصہ: ایک صاحب حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں زنا، چوری، شراب نوشی، جوا اور جھوٹ تمام برائیوں میں مبتلا ہوں، اور میں یہ تمام چھوڑ بھی نہیں سکتا، ہاں! اگر کسی ایک کے چھوڑنے کا حکم دیں تو یہ کر سکتا ہوں۔ تو حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جھوٹ چھوڑ دو۔ اس شخص نے جھوٹ نہ بولنے کا عزم کر لیا۔ اور اس سے باقی تمام گناہ بھی چھوٹ گئے۔ اس ڈر سے کہ اگر زنا کی، چوری کی یا جوا کھیلا اور حضور نے سوال کیا تو سب سچ سچ بتلانا پڑے گا۔ لہٰذا کسی کا بھی ارتکاب نہیں کیا۔

بار بار سوال دہرانے کی وجہ:

فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرَارًا: ۱- بار بار دہرانے کی وجہ یہ ہے کہ غصہ تو مجھ سے چھوٹ نہیں سکتا، کوئی اور نصیحت فرما دیں۔

۲- غصہ کو وہ شخص معمولی چیز سمجھ رہا تھا۔ اور کسی عظیم نصیحت کا مطالبہ کر رہا تھا۔

۳- شروع میں جو فرمائش کی تھی کہ زیادہ بڑی باتیں نہ بتلائیں تو شاید اسی لیے حضور نے اختصار فرما دیا۔ تو اس نے بار بار سوال دہرایا کہ میں اتنی بھی اختصار نہیں چاہ رہا تھا۔

کظم: تجرّع

حدیث کا ترجمہ: جو شخص غصہ پی جائے اس حال میں کہ وہ اپنا غصہ نکالنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسکو تمام لوگوں کے سامنے بلائیں گے اور کہیں گے کہ جو حور لے جانا چاہو لے جاؤ۔

حضرت زین العابدین رحمۃ اللہ کا واقعہ: حضرت زین العابدین رحمۃ اللہ کے بارے میں آتا ہے کہ ایک دفعہ اپنی باندی پر کسی وجہ سے غصہ آ گیا تو اس باندی نے فوراً ہی آیت "والکاظمین الغیظ" پڑھ ڈالی۔ اور ان کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔ باندی نے موقع غنیمت جانا آگے پڑھا "والعافین عن الناس" تو فرمایا میں نے تجھے معاف کیا۔ باندی آگے پڑھا "واللہ یحب المحسنین" تو فرمایا: جا میں نے تجھے آزاد کیا۔ اللہ اکبر، یہ ہوتے ہیں اللہ والے۔ آیت سنتے ہی سب غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں آتا ہے کہ "کان وقافاً عند حدود اللہ"۔

۷۳-: إِجْلَالُ الْكَبِيرِ :-

حدیث: "ما أكرم شابٌ شيخاً لسنّه إلا قيّض اللهُ له من يكرمه عند سنّه".

ترجمہ: کوئی جوان کسی بوڑھے کا اکرام نہیں کرتا اس کی عمر کی وجہ سے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کے لئے مقرر فرما دیتے ہیں اس کیلئے وہ شخص جو اس کا بڑھاپے میں اکرام کرے۔

۷۴-: الْمُتَهَاجِرَيْنِ :-

المتهاجرین: ایسے شخصوں کے سوا جنہوں نے آپس میں قطع تعلقی کر لی ہے۔

جنت کے دروازے کھلنے کا مطلب:

"تُفتح أبوابُ الجنةِ": جنت کے دروازے کھلنا مغفرت اور رحمتِ باری تعالیٰ کی علامت ہے کہ پیر اور جمعرات کے دن اللہ تعالیٰ اپنی مغفرت کا اعلان کرتے ہیں اور رحمتِ خاصہ نازل فرماتے ہیں اور اسکی علامت کے طور پر جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

۷۵-: الصَّبْرُ :-

حدیث: "ما يكون عندي من خيرٍ فلن أدّخره عنكم۔۔۔الخ" اسمیں "ما" موصولہ ہے۔

ترجمہ: میرے پاس جو بھی خیر ہوگی میں اسکو تم سے بچا کر نہیں رکھوں گا یعنی اور مال ہوگا تو دے دوں گا۔

حدیث: "مَن یَستَغنِ یُغنِہِ اللہُ، وَمَن یَستَعفِف یُعِفَّہُ اللہُ، وَمَن یَتَصَبَّر یُصَبِّرہُ اللہُ"

یہ نصیحت آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

ترجمہ: جو شخص غنا ظاہر کرتا ہے مخلوق سے استغناء اختیار کرے تو اللہ تعالیٰ اسکو غنی فرما دیتے ہیں۔

غنی کرنے کے دو مطلب: غنی کرنے کے دو مطلب ہیں: ۱۔ دل کے اعتبار سے غنی فرما دیتے ہیں اور غناء القلب ہی اصل غنا ہے۔

۲۔ اللہ اسکو وہ کچھ عطا فرما دیتے ہیں کہ اس کو لوگوں کی طرف دیکھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

حدیث: "وَمَن یَستَعفِف یُعِفَّہُ اللہُ":

ترجمہ: جو شخص لوگوں سے سوال کرنے سے بچنا چاہتا ہے اللہ اسکو عفت عطا فرما دیتے ہیں۔

سوال کرنا کس کیلئے جائز ہے؟ یعنی کسی کے سامنے دست سوال دراز نہیں کرتا۔ اور یہ بہت بڑا وصف ہے۔ جس کے پاس ایک دن کا کھانے پینے کا سامان ہو اس کیلئے سوال کرنا ناجائز ہے۔ البتہ مستحق زکوٰۃ لے تو سکتا ہے مگر زکوٰۃ کا سوال یہ بھی نہیں کر سکتا ہے۔

اہل علم کیلئے سوال زیادہ برا ہے: حکم یہ ہے کہ جو شخص مستحق نظر آتا ہے سوال کرنے کی بجائے زیادہ اسی میں لگا رہے۔ لوگوں کے مال پر نظر رکھنا بھی اسراف ہے اور ممنوع ہے، خاص طور سے اہل علم کیلئے سوال کرنا زہر قاتل ہے۔ اس سے اہل علم کی وقعت لوگوں کے دلوں سے ختم ہو جاتی ہے۔ اور سوال چاہے مال کا ہو یا حج و عمرے کا سوال ہو سب برابر ہیں۔

حضرت عبد الحق صاحب رحمۃ اللہ کے پاس ایک صاحب آئے اور فرمایا کہ حضرت میرا دل چاہتا ہے کہ عمرے پر جلدی جاؤں آپ کوئی انتظام فرما دیں۔ تو حضرت نے فرمایا کہ کیا یہ سوال ممنوع میں داخل نہیں ہے؟ اگر اتنی تڑپ ہے تو اللہ کے سامنے ظاہر کرو، بندوں کے سامنے کیوں اظہار کرتے ہو؟

علمی کتابوں کا سوال بھی ممنوع ہے۔

سوال کا عادی محنت نہیں کر سکتا: میرا تجربہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ اگر تمہیں سوال کی عادت پڑ جائے تو تم محنت نہیں کرو گے۔ نفس محنت کے جب ملنے کا مزہ آگیا تو سوچو گے کہ عزت تو آنے جانے والی چیز ہے۔ اسی طرح جس کو بیوی کی کمائی کھانے کی عادت پڑ جائے تو وہ بھی محنت نہیں کر سکتا۔

لہٰذا بلا ضرورت جب تک انتہائی اضطرار نہ ہو تو سوال سے بچنا چاہیے۔

"تصبر" کے دو معنی: ۱۔ صبر کی توفیق اللہ سے مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ صبر عطا فرما دیتے ہیں۔

۲۔ صبر کی پوری کوشش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ صبر کو اسکے لئے آسان فرما دیتے ہیں۔

تعریف صبر: خلافِ طبیعت بات کو برداشت کرنا۔

صبر کی اقسام: ۱۔ صبر علی الطاعۃ: مثلاً جسم کو عبادات میں لگانا اور مشقت سہنا۔
۲۔ صبر عن المعصیۃ: کہ گناہ کا دل چاہ رہا ہو اور اپنے اوپر جبر کرکے ترک کرنا۔
۳۔ صبر علی المصیبۃ: مصیبت نازل ہو تو شکوہ و شکایت نہ کرے بلکہ صبر سے کام لے۔

"وما أُعطي أحدٌ شيئًا هو خيرٌ وأوسعُ من الصبر":-
اور اس صبر ہی پر جنت ملتی ہے۔

۷۶۔ :- ذُو الوجہین :-

حدیث: "إنَّ من شرِّ النَّاسِ عند الله يومَ القيامة ذا الوجهين۔"

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین شخص قیامت کے دن دو رُخا شخص ہوگا۔

مطلب: یعنی ایک کے پاس آتا ہے اور اسکی تعریف کرتا ہے اور دوسرے کی مذمت کرتا ہے۔
اور دوسرے کے پاس جا کر پہلے کی مذمت کرتا ہے اور دوسرے کی تعریف کرتا ہے۔

صلح کیلئے جھوٹ بولنے والا ذو الوجہین نہیں ہے:-
~~[illegible]~~ صلح کیلئے جو جھوٹ بولتا ہے وہ شخص دو رُخا نہیں ہے کیونکہ
وہ دونوں کے پاس جا کر دونوں کی مذمت نہیں کرتا ہے۔ [illegible] کسی کی برائی نہیں کرتا ہے۔
اور یہ ممدوح ہے۔ اور پہلی صورت مذموم ہے۔

۷۷۔ :- النَّمَّام :-

"هذا يبلّغ الأمراء الحديث عن الناس": لوگوں کی باتیں امراء کو پہنچاتا ہے۔
"لا يدخل الجنة قتّات": چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔

چغلخوری کی تعریف: ایک کی بات علیٰ وجہ الفساد دوسرے کو نقل کرنا۔

نمّام اور قتّات میں فرق: **۱-** دونوں مترادف ہیں۔

۲- "نمّام" وہ شخص جو کہ بات چیت کرنے والوں میں بیٹھا ہو اور پھر ان کی بات علیٰ وجہ الفساد نقل کرے۔
"قتّات" وہ شخص ہے جو کہ چھپ کر لوگوں کی بات سنے اور پھر اس کو آگے علیٰ وجہ الفساد نقل کرے۔

۷۸-: الْعِيُّ :-

العِيُّ: قلتِ کلام   **البذاء**: بدگوئی۔
البیان: ضرورت سے زیادہ وضاحت و مبالغہ سے کلام کرنا

"العِيّ" سے مراد: دیکھو حیا کے نتیجے میں ایک وصف پیدا ہوتا ہے کہ کہیں غلط بات نہ کہہ جاؤں اور پکڑ جاتا ہے تو یہ "عِيّ" ہے۔ یہ مطلب نہیں کہ اس کو بولنا نہیں آتا یا اسکی زبان میں لکنت ہے۔ بلکہ گناہ کی بات نہ ہو جائے یا غلط نہ بول جائے اس ڈر سے کم بولتا۔ اور یہ ایمان کا اعلیٰ شعبہ ہے۔

یتفصّحون فیہ من مدح النّاس فیما لا یرضی اللہ تعالیٰ: اتنی مدح کرتے ہیں جس میں اللہ کی رضا شامل نہیں ہوتی یعنی چاپلوسی سے کام لیتے ہیں۔

۷۹-: إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا :-

بعض بیان جادو اثر ہوتے ہیں۔

پس منظر: یہ دونوں شخص عرب تھے ایک کا نام عمرو بن اہتم تھا۔ دوسرے کا نام زبرقان۔ ان میں سے ایک نے دوسرے کی ایک دن مدح کی اور دوسرے دن مذمت بیان کی تو حضور علیہ السلام نے یہ ارشاد فرمایا۔

تبیان کے معنی:

بیان کے ایک معنی تو یہ ہوتے ہیں کہ اپنی بات دوسروں کے سامنے واضح کرنا تو یہ بیان جائز اور اچھا ہے۔ اور دوسرا معنی یہ ہے کہ اپنے معانی الضمیر کو لوگوں کے سامنے ایسے فصاحت و بلاغت کے ساتھ بیان کرنا کہ لوگ اس کو پسند کریں۔ اور ایسا بیان پُر اثر ہوتا ہے۔ اور یہاں یہی مراد ہے۔

بیان کبھی ممدوح اور کبھی مذموم ہوتا ہے: اور اس قسم کا بیان ہمیشہ ممدوح نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ اگر صحیح غرض سے ہو تو ممدوح ہے مقصد دین پہنچانے کی غرض ہو۔ اور اگر مال کمانے [illegible] کی غرض ہو جیسے [illegible] [illegible] تو مذموم ہے۔ لہٰذا حضور علیہ السلام کے ارشاد میں نہ تو تعریف ہے اور نہ ہی مذمت ہے۔

۸۰ :- التَّوَاضُعُ :-

حدیث: "ما نقصت صدقة من مال، وما زاد الله رجلا بعفو الا عزا، وما تواضع احد لله الا رفعه الله"

ترجمہ: صدقہ کسی مال کو کم نہیں کرتا۔ معاف کرنے کی وجہ سے اللہ کسی میں اضافہ نہیں کرتے مگر عزت کا، اور جس نے بھی اللہ کیلئے تواضع اختیار کیا اللہ نے اسکو بلندی عطا فرمائی ہے۔

صدقہ سے مال بڑھنے کی صورتیں: صدقہ کرنے سے بظاہر تو مال کم ہو رہا ہے مگر حقیقتاً اضافہ ہوتا ہے۔

۱۔ کبھی مال میں برکت عطا فرماتے ہیں۔

۲۔ غیب سے اور مال عطا فرماتے ہیں۔

۳۔ آخرت میں ثواب عطا فرماتے ہیں۔

کبھی تینوں حاصل ہوتے ہیں اور کبھی دو یا ایک۔

اصلاحی بات: دیکھو! صدقہ تمہارے لئے بھی کرنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ صدقہ کم ہے یا زیادہ ہے اس کو نہیں دیکھتے۔ بلکہ اخلاص کو دیکھتے ہیں۔ کہ ایک کھجور کو اللہ تعالیٰ بڑھا بڑھا کر پہاڑ کے برابر کر کے اسکو قبول فرماتے ہیں۔

جتنا اللہ کے راستے میں خرچ کروگے اللہ اتنا ہی اور عطا فرمائیں گے۔

اگر ابھی سے دینے کی عادت ڈالوگے تو بعد میں بھی دینے کی عادت رہے گی۔

مفتی شفیع عثمانی صاحب رحمہ اللہ کے پاس دو لفافے ہوتے تھے، ایک میں محنت کے ساتھ حاصل ہونے والی آمدنی کا عشر ڈالتے تھے۔ اور دوسرے میں بلا محنت کے حاصل ہونے والی آمدنی

کا مقصد نفس کو نشہ ڈالتی تھی ہے اور ان دونوں کو حرام کر دیا تھا۔

۸۱۔ :- اَلظُّلْمُ :-

"الظلم ظلمات یوم القیامۃ" کا دو مطلب :

دو معنی : ۱- ظلم قیامت کے دن ظلمت کا سبب بنے گا۔ جیسے نیکیاں روشنی کا سبب ہوں گی۔
۲- ظلم خود قیامت کے دن اندھیرے کی شکل میں ہوگا اور اس سے انسان کو تکلیف ہوگی۔

۸۲۔ :- تَرْكُ الْعَيْبِ لِلنِّعْمَةِ :-

یعنی حضور علیہ السلام کو کبھی کسی نے کی برائی نہ کرتے تھے اچھی لگتی تو کھاتے ورنہ چھوڑ دیتے۔

۸۳۔ :- تعظیم المؤمن :-

حدیث : یا معشر من اسلم بلسانہ ولم یفض الایمان الی قلبہ ۔۔۔ الخ۔

ترجمہ : اے وہ لوگوں جو زبان سے تو اسلام لے آئے مگر ایمان ان کے دل تک نہیں پہنچا۔

لا تتبعوا عوراتھم : ان کے پوشیدہ عیبوں کو تلاش نہ کرتے رہو۔

ولو فی جوف رحلہ : اللہ اس کو رسوا کر دے گا گرچہ وہ گھر کے اندر چھپ کر ہی کیوں نہ بیٹھا ہو۔

"یا معشر من اسلم ۔۔۔" یہ خطاب اور بھی ہے کہ منافقین ہی کو نہیں بلکہ منافقین اور مسلمان سب کو ہے کہ آئندہ آنے والے اوصاف اگر کسی میں ہیں تو وہ مسلمان کہلانے کے لائق نہیں ہے۔

لا تعیروھم : اسکے سابقہ گناہ پر اسکو عار نہ دلاؤ۔

لا تتبعوا عوراتھم : اسکے چھپے ہوئے عیبوں کے پیچھے نہ پڑو۔

"والمؤمن أعظم حرمة عند الله منك"

یعنی مومن کی عزت و حرمت اللہ کے یہاں کعبہ کی حرمت سے بھی زیادہ ہے۔ اور مومن کو ذلیل کرنا کعبہ کو ڈھانے سے بڑا گناہ ہے۔

۸۴۔ :- التجارب :-

حدیث: لا حليم إلا ذو عثرة، ولا حكيم إلا ذو تجربة.

ترجمہ: کوئی شخص کامل بردبار نہیں ہوتا جب تک کہ اس سے لغزشیں نہ ہوئی ہوں۔ اور کوئی شخص کامل حکمت والا نہیں ہو سکتا جب تک کہ تجربہ والا نہ ہو۔

پہلے جملے کی تشریح: یعنی حلم کیلئے ضروری ہے کہ تمہارا پاؤں پھسلا ہو۔ کہ جب آپ سے خود لغزش ہوئی ہو اور دوسرا تمہیں معاف کر دے تو تمہیں اندازہ ہوگا کہ لغزش پر معاف کرنا کس قدر بڑا اکرام ہے۔

دوسرے جملے کی تشریح: حکمت تجربہ کے بغیر نہیں آتی ہے۔ کہتے ہیں کہ وقت سے بڑا معلم کوئی نہیں ہے۔ تم باصلاحیت ہو، پڑھ رہے ہو لیکن بہت سی چیزیں ہیں جو وقت سکھلائے گا۔ مختلف مسائل پیش آئیں گے تم ان کا حل تلاش کرو گے، اس طرح ہوتے ہوتے تم حکیم بن جاؤ گے۔ اسی لئے صلاحیتوں کے ساتھ تجربہ بھی دیکھا جاتا ہے۔
اسی وجہ سے فارغ ہو کر فوراً بڑی کتابیں نہیں پڑھانی چاہییں۔ بلکہ ہر فن کی ابتدائی کتب پڑھاؤ۔ اس سے تمہیں تجربہ حاصل ہوگا۔ اور بہت کچھ سیکھو گے۔ پھر جب حدیث پڑھاؤ گے تو تم سے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔

۸۵ - : المتشبّع بما لم یُعطَہ :-

ترجمۃ الباب کی وضاحت: ایسے شخص کی مذمت کے بیان میں جو ایسی چیز کے ساتھ سیری کا اظہار کرے جو اسے دی نہیں گئی۔ مثلاً عالم نہیں ہے مگر علماء والا حلیہ اور لباس پہن رکھا ہے۔ یا زاہد اور تقویٰ والا نہیں ہے مگر صوفیاء والا حلیہ بنا رکھا ہے۔

دیکھو! ہر صاحبِ فن کی کچھ نشانیاں اور علامتیں ہوتی ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔ تو وہ علامتیں کسی اور کو اختیار نہیں کرنی چاہیے۔ مثلاً وکیل کا کالا کوٹ۔ اور ڈاکٹر کا سفید کوٹ۔ وغیرہ۔ تو یہ صرف لباس نہیں ہے بلکہ یہ ایک شناخت ہے۔

پہلے زمانے میں صوفیاء صوفیانہ لباس کی اجازت اس لیے جلدی نہیں دیتے تھے کہ لوگوں کو دھوکہ لگے گا۔ اور دوسرا یہ کہ خود اس کے اپنے نفس کا بھی نقصان ہے کہ اپنے آپ کو کچھ سمجھنے لگے گا۔ لہٰذا اگر کسی علاقے میں اہلِ علم کی کوئی خاص پہچان ہو تو دوسرے لوگوں کو اسکو اختیار کرنے کی اجازت نہ دینی چاہیے۔

حدیث: "من أُعطِيَ عطاءً فوجدَ فليجزِ به، ومن لم يجدْ فليثنِ، فإنّ من أثنى فقد شكر، ومن كتم فقد كفر، ومن تحلّى بما لم يُعطَه كان كلابسِ ثوبَي زُورٍ"۔

ترجمہ: جس شخص کو کوئی عطیہ دیا گیا اور وہ وسعت پاتا ہے تو وہ اس کا بدلہ دے۔ اور اگر وسعت نہیں پاتا تو دینے والے کی تعریف بیان کر دے۔ اس لیے کہ جس نے تعریف کی اس نے شکر ادا کر دیا، اور جس نے تعریف نہیں کی اس نے ناشکری کی اور جو شخص اپنے آپ کو آراستہ کرے ایسی چیز سے جو اس کو عطا نہیں کی گئی تو جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے۔

"کلابس ثوبَي زور" کے دو مطلب:

دو کپڑوں کا مطلب (۱)- ایک جھوٹ کی "رداء" پہنا ہوا ہے۔ اور دوسرا جھوٹ کا "ازار" پہنا ہوا ہے۔ لہٰذا سر سے لے کر پاؤں تک جھوٹ میں مبتلا ہے۔

۲- یہ شخص وہ چیز ظاہر کر رہا ہے جو اس میں نہیں ہے اور دوسروں کو دھوکہ بھی دے رہا ہے تو ایسے دو جھوٹ بول رہا ہے۔ اس وجہ سے فرمایا کہ جھوٹ کے دو کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔

پسِ منظر: ایک عورت نے حضور علیہ السلام سے دریافت کیا کہ میری ایک سوکن ہے تو کیا میں ایسے کہہ دوں کہ جو کچھ میرے شوہر نے مجھے نہیں دیا وہ بھی کہ اس کے سامنے یہ ظاہر کر سکتی ہوں کہ یہ انہوں نے دیے ہیں۔ تو اس پر حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جو ایسی چیز سے آراستہ ہو جو اسے نہیں دی گئی تو وہ جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے۔

۸۶- : الثَّنَاءُ بِالْمَعْرُوْفِ -۱

نیک سلوک پر تعریف کرنا -

حدیث : "مَنْ صُنِعَ إِلَيْهِ مَعْرُوفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، فَقَدْ أَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ"

ترجمہ : جس کے ساتھ کوئی نیکی کی گئی اور اس نے نیکی کرنے والے کو "جزاک اللہ خیرا" کہہ دیا تو اس نے اسکی بہترین تعریف کی -

أَبْوَابُ الطِّبِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

یہ ابواب ان علاج معالجہ کی حدیثوں کے بیان کے بارے میں ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں -

طب کا معنی :-

طب : کے معنی علاج و معالجہ کے آتے ہیں اور کبھی "سحر" کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے - لیکن علماء نے فرمایا کہ مسحور کو "مطبوب" نیک تفاؤل کے طور پر کہا جاتا ہے کہ مسحور اگر علاج کرے تو شفایاب ہو سکتا ہے —

-(چند تمہیدی باتیں)-

پہلی بات : علاج کا شرعی حکم : علاج کا شرعی حکم سمجھنا اسباب کی اقسام سمجھنے پر موقوف ہے -

اسباب کی اقسام : اسباب کی تین قسمیں ہیں :

۱- اسباب قطعیہ : وہ اسباب جن پر مسبب کا ترتب عادتاً یقینی ہوتا ہے - جیسے پیاس لگے تو انسان پانی پیتا ہے - اور پانی پینا ایسا سبب ہے جس پر مسبب کا ترتب یقینی ہوتا ہے عادتاً - اسی طرح کھانا کھانے سے بھوک مٹ جاتی ہے -

حکم : ان اسباب کو اختیار کرنا واجب ہے - نہ کرنے کی صورت میں انسان گنہگار ہوگا -

۲- اسباب ظنیہ : وہ اسباب جن کے عام طور پر مرتب ہونا ہے لیکن ترتب یقینی نہیں — جیسے : علاج کے عادی یعنی معروف طریقے اختیار کرنا - کہ علاج معالجے کے طریقے جو انسان استعمال کرتا ہے ان سے شفاء یقینی نہیں ہوتی بلکہ ظنی ہوتی ہے -

حکم: ایسے اسباب اختیار کرنا سنت ہے۔ چنانچہ اگر کوئی اپنی بیماری کا علاج نہ کرے تو وہ شرعاً گنہگار نہیں ہے۔ بلکہ اس نے صرف علاج کی سنت ترک کی ہے۔ اور یہ سنت بھی سنن عادیہ کی قبیل سے ہے۔

اور اسباب ظنیہ کا اختیار کرنا توکل کے خلاف بھی نہیں ہے۔ البتہ اس کا خیال رکھنا چاہیے کہ اسباب ظنیہ اختیار کرنے میں انسان اعتدال سے کام لے اور تعمق سے بچے۔ اپنی تمام حیثیت اور وسعت کے مطابق اسباب اختیار کرے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص اسباب اختیار کرنے میں تعمق سے کام لیتا ہے تو یہ توکل کے خلاف ہے اور سنت نہیں ہے۔ مثلاً مہنگا علاج کرنا جو کہ انسان کی وسعت سے باہر ہو۔ یا ایسا علاج جو کہ زیادہ تکلیف دہ ہو۔ جیسے الدخان اس سے بھی بچنا چاہیے۔ اسباب اختیار کرنے میں تعمق نہ صرف یہ کہ مسنون نہیں ہے بلکہ یہ حکماً بھی ناپسندیدہ ہے۔ مثلاً حضور علیہ السلام نے "کی" (جسم داغنا) کے علاج سے منع فرمایا ہے۔ اور دوسری طرف حضرت سعد اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کا علاج اس کے ذریعے فرمایا بھی ہے۔ تو ان دونوں میں تطبیق یہ دی ہے کہ ان کا علاج اس کے بغیر ممکن نہ تھا اس لئے فرمایا۔ اور عام حالات میں یہ تکلیف دہ ہے اس لئے منع فرمایا۔ حضرت ڈاکٹر عبد الحی عارفی رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ نزلہ یا بخار ہو جائے تو آغا خان جانے کی کیا ضرورت ہے بلکہ اس کا علاج تو سو دو سو میں بھی ہو سکتا ہے۔ لہذا علاج میں بھی اعتدال سے کام لینا چاہیے۔

۳۔ **اسباب وہمیہ**: وہ اسباب جن میں مسبب کے ترتب کا محض وہم ہو۔ نہ یقینی ہو اور نہ ظن غالب ہو۔ جیسے: جھاڑ پھونک کا علاج، دم وتعویذ کا علاج یا وہ علاج جس میں شفا کی امید مغلوب یا موہوم ہو۔ ★

حکم: ان اسباب کا استعمال فی نفسہٖ جائز ہے بشرطیکہ کوئی امر خلاف شرع نہ ہو۔ البتہ ان اسباب کا استعمال توکل کے اعلیٰ درجے کے خلاف ہے۔ لہذا پسندیدہ نہیں ہے۔ البتہ اس سے اس رقیہ کا استثناء ہے جو کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہو۔ وہ دوسری قسم میں داخل ہے۔ (اس پر تفصیلی کلام رقیہ کی احادیث کے ذیل میں آئے گا)

اسباب کی ایک چوتھی قسم: بعض لوگوں نے اسباب کی ایک چوتھی قسم بیان کی ہے۔ اور اس کو "سبب اخفی" سے تعبیر کیا ہے۔ یعنی وہ اسباب جن پر مسبب کا ترتب انتہائی کمزور ہوتا ہے۔ جیسے اجرام علویہ کا اثر اجرام سفلیہ پر۔ مثلاً چاند گرہن ہو تو یہ ہوگا۔ اور ستاروں کی گردش سے یہ ہوگا وغیرہ۔

چوتھی قسم کا حکم: اس کا حکم یہ ہے کہ شریعت نے اس قسم کے اسباب کو اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔

علاج ومعالجہ کا حکم: ان اقسام سے علاج و معالجہ کے طریقوں کا حکم معلوم ہوگیا۔ مثلاً ویکسین لینا سنت ہے اگر اس علاج میں نفع کی ہے۔ یا غریب کا علاج مثلاً ڈاکٹر کہے کہ اس بیماری میں آپریشن ہوگا تو اگر نہیں کروایا تو کوئی بات نہیں۔ کہ اس کی وسعت سے باہر ہے۔ لہٰذا اس اصول سے بہت سی جزئیات متعلق کی جاسکتی ہیں۔

ایک ڈاکٹر صاحب کا استفتاء: ایک ڈاکٹر صاحب نے دارالعلوم میں استفتاء بھیجی کہ تحقیق سے معلوم ہوا ہے پانی کے اندر ایک خاص قسم کا جرثومہ ہوتا ہے جو کہ ناک کے واسطے سے دماغ تک پہنچ جاتا ہے اور یہ مہلک ہے۔ لہٰذا علمائے کرام کو یہ فتویٰ دینا چاہیے کہ وضو اور غسل میں ناک میں پانی نہ ڈالا جائے۔

جامعہ دارالعلوم کا فتویٰ: جامعہ میں مذکورہ مسئلے سے متعلق تحقیق کی گئی تو دو باتیں معلوم ہوئیں، ایک یہ ہے کہ یہ جرثومہ کھلے پانی مثلاً نالوں اور نہروں وغیرہ میں ہوتا ہے۔ ڈھکے ہوئے پانی مثلاً ٹنکیوں کا پانی وغیرہ میں نہیں پایا جاتا۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ جرثومہ پانی کو اُبالنے سے ختم ہو جاتا ہے۔ لہٰذا دارالعلوم سے مذکورہ اسباب سے متعلق اصول کی روشنی میں یہ فتویٰ دیا گیا کہ ٹنکیوں کے پانی سے وضو یا غسل میں ناک میں پانی ڈالنے سے بچنا یہ سبب موہوم کے درجے میں ہے لہٰذا اس کو نہیں چھوڑا جائیگا۔ ہاں اگر نالے یا دریا سے وضو کر رہے ہوں یا غسل تو یہ سبب ظنی ہے لہٰذا پانی نہیں ڈالا جائیگا۔ البتہ غسل واجب کی صورت میں دوسرے پانی سے ناک میں پانی ڈالا جائیگا کیونکہ یہ فرض ہے۔

دوسری بات: حضور علیہ السلام سے منقول علاج کی حیثیت کے بارے میں آراء: الطب النبوی میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول علاج کی حیثیت کیا ہے؟ اس بارے میں دو رائے ہیں۔ اور دونوں افراط و تفریط پر مبنی ہیں۔

پہلی رائے: علامہ ابن خلدون نے مقدمہ میں لکھا ہے کہ حضور علیہ السلام سے منقول علاج محض تجربہ پر مبنی ہے۔ اس زمانے میں عرب کے بوڑھے تجربوں کی بنیاد پر جو علاج بتلاتے تھے وہ حضور علیہ السلام نے بتلائے ہیں اور ان سے استفادہ یقینی نہیں ہے۔

دوسری رائے: یہ تمام علاجات تشریع کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور منزل من اللہ کی قبیل سے ہیں۔ لہٰذا ان کو ضرور اختیار کرنا چاہیے۔

معتدل رائے: حضور علیہ السلام سے منقول علاج عام علاجوں کی طرح نہیں ہیں۔ بلکہ ان میں دو احتمال ہیں۔ ۱۔ وحی کے ذریعے بتلائے گئے ہوں تو عام علاج کی طرح نہیں ہیں۔ یہی واضح ہے۔ ۲۔ تجربہ کی بنیاد پر بتلائے گئے ہوں تو بھی عام علاج کی طرح نہیں ہیں کیونکہ حضور نے جزم کے ساتھ بیان فرمائے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی نکیر نہیں کی گئی ہے۔ لہٰذا ان دونوں قسموں کے علاجوں کی حیثیت تشریعی علاج کی ہے۔

CamScanner

اگر شک سمجھ کر اختیار کرے تو ثواب بھی ملے گا اور اس میں اللہ نے شفا بھی رکھی ہے۔

دلیل: اس بات کی دلیل کہ حضور کے بتلائے ہوئے علاج میں وحی الٰہی کا بھی احتمال ہے یہ ہے کہ بہت سے علاج حضور نے عرب کے عرف کے خلاف بتلائے ہیں۔ مثلاً مشروم / کھمبی اس کو عرب زمین کی چیچک کہتے تھے مگر حضور علیہ السلام نے اس کو "من" فرمایا ہے۔

عرب بخار میں پانی سے بچتے تھے مگر حضور علیہ السلام نے بخار کا علاج پانی سے کرنے کا فرمایا ہے۔

اور جو تجربوں پر مبنی ہیں وہ بھی اللہ تعالیٰ کی تقریر کی وجہ عام علاج کی طرح نہیں ہیں۔
لہٰذا ~~حضرت شاہ~~ حضور سے ثابت شدہ علاج نہ فرض و واجب ہیں اور نہ عام علاج کی طرح ہیں۔ بلکہ ~~سنت~~ سنن عادیہ کی قبیل سے ہیں۔

حضرت علیہ السلام پر نازل ہونے والے احکام دو طرح کے تھے ۱۔ تشریعیہ ۲۔ عادیہ۔
اور علاج وغیرہ احکام عادیہ کی قبیل سے ہے۔ یہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے "حجۃ اللہ البالغہ" میں بیان فرمایا ہے۔

تیسری بات: قرآن و حدیث سے ماخوذ صحت کے تین اصول۔

حضور علیہ السلام سے منقول علاج یا قرآن میں صحت کے اصولوں سے تین اصول معلوم ہوتے ہیں جو کہ علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے "زاد المعاد" میں بیان فرمائے ہیں:-

۱- **حفظانِ صحت**: اپنی صحت کا خیال رکھو۔ کوئی ایسی چیز استعمال نہ کرو جس سے بیمار ہو جاؤ۔ قرآن میں ہے "کلوا واشربوا ولا تسرفوا"

۲- **پرہیز**: اور پرہیز کی تین صورتیں ہیں۔ مرض سے پہلے، مرض کے دوران اور مرض کے بعد۔

مرض سے پہلے پرہیز کی مثال رطب کے ساتھ ککڑی یا خربوزہ حضور علیہ السلام کھاتے تھے۔
مرض کے دوران پرہیز کی مثال: "وإن كنتم مرضى أو على سفر أو جاء أحد منكم من الغائط أو لامستم النساء فلم تجدوا ماءً فتيمّموا صعيداً طيباً" تو مرض میں پانی سے بچنے کا حکم دیا ہے۔
مرض کے بعد پرہیز کی مثال اس باب کی پہلی حدیث سے ثابت ہے۔ "مَهْ مَهْ یا علیُّ إنك ناقهٌ"۔

۳- **اخراجِ مادۂ فاسدہ**: فاسد مادہ جو کہ بیماریوں کا سبب بنتا ہے اس کو جسم سے خارج کرو۔ مثلاً "أو أذًى من رأسه" جیسے اگر سر میں جوئیں پڑ جائیں تو حلق کی اجازت دی ہے۔ اسی طرح حضور علیہ السلام سے حجامہ ثابت ہے۔

اسباب وہمیہ ظنیہ میں اور ظنیہ وہمیہ میں شمار ہو سکتے ہیں ←

اسباب وہمیہ ہمیشہ وہمی نہیں ہوتے کہ وہ ہمیشہ وہمی رہیں بلکہ تجربات سے وہ اسباب ظنیہ میں داخل ہو سکتے ہیں اسی طرح کوئی سبب اسباب ظنیہ سے تجربات کی بنیاد پر نکل کر اسباب وہمیہ میں داخل ہو سکتے ہیں۔

اسباب قطعیہ میں غذا جبکہ ظنیہ میں دوائیں آتی ہیں ←

اسباب قطعیہ میں غذا آتی ہے۔ اور اسباب ظنیہ میں علاج و معالجہ آتا ہے۔

کبھی کبھار اشتباہ اس بات میں ہو جاتا ہے کہ یہ شے غذا ہے یا دوا ہے

مثلاً بعض لوگ اس حالت تک پہنچ جاتے ہیں کہ منہ سے کھا نہیں سکتے تو ناک کے ذریعے کھانا پہنچایا جاتا ہے۔ اسی طرح کبھی ڈرپ کے ذریعے کھانا پہنچایا جاتا ہے۔ تو اس کے بارے میں اشتباہ ہو جاتا ہے کہ یہ غذا ہے یا دوا۔ تو عادات دیکھ کر فیصلہ کرنا پڑتا ہے۔

طب نبوی اختیار نہ کرنا گناہ نہیں ہے: میں نے آپ کو بتایا کہ حضور علیہ السلام سے منقول علاج عام علاجوں کی طرح نہیں ہیں۔ لیکن پھر بھی یہ امور تشریعیہ میں داخل نہیں ہیں بلکہ امور عادیہ میں داخل ہیں۔ لہٰذا اختیار نہ کرنے والا گنہگار نہیں ہوگا۔

چوتھی بات: طب نبوی میں شفاء یقینی ہے مگر ہر ایک کیلئے نہیں ←

حضور علیہ السلام سے منقول علاج وحی سے ہے۔ لہٰذا ان میں شفاء یقینی ہے۔ لیکن احتمال ہے کہ حضور نے طریقہ استعمال نہیں بتلایا ہو یا خاص لوگوں کیلئے شفا ہو دوسروں کیلئے نہ ہو یا کسی خاص قسم کیلئے شفا ہو دوسروں کیلئے نہیں

مثلاً پیٹ کی بیماری میں شفاء شہد میں ہے۔ لیکن اب پیٹ کی ہزاروں بیماریاں ہیں تو کس بیماری میں شفا ہے اور کس میں نہیں یہ متعین طور پر حضور علیہ السلام سے منقول نہیں ہے۔ اسی طرح طریقہ استعمال کہ شہد ویسے کھا لو تو شفاء ہے یا لیپ کرنے میں شفاء ہے یا ٹھنڈے یا گرم پانی میں ڈال کر پینے سے شفاء ہے تو یہ حضور علیہ السلام نے متعین نہیں فرمایا۔

پھر بعض لوگوں کا مزاج ٹھنڈا اور بعض کا گرم ہوتا ہے۔ تو سب کیلئے شفاء کا حکم نہیں لگایا۔ اسی طرح عادتوں کا بھی فرق آتا ہے۔

لہٰذا الحمد للہ اس کے شفا ہونے کا اعتقاد رکھے لیکن طب نبوی کے علاج و معالجہ کو اختیار کرنے میں طبیب حاذق کے مشورے سے استعمال کرے جو کہ تمہارے مزاج اور علاقے کو دیکھ کر تمہیں مشورہ دے۔

اُمّ المنذر رضی اللہ عنہا: سلمیٰ بنت قیس۔ یہ حضور علیہ السلام کی خالاؤں میں شمار ہوتی ہیں۔

دَوَالِي مُعَلَّقَة : کھجور کے گوشے لٹکے ہوئے۔
فَإِنَّكَ نَاقِهٌ : تم ابھی ابھی بیماری سے صحت یاب ہوئے ہو۔ لہٰذا تم نہ کھاؤ۔
سِلْقًا وَشَعِيرًا : چقندر اور جو کی سبزی بنائی۔

(۲۰۳۶) لہٰذا اس حدیث میں مرض کے بعد پرہیز کا بیان ہے۔

حدیث : "إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا، كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِي سَقِيمَهُ الْمَاءَ"۔
ترجمہ : جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت فرماتے ہیں تو اس کو دنیا سے اس طرح بچاتے ہیں جیسے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔

دنیا سے بچانے کی دو صورتیں : ۱۔ اتنی دنیا اللہ اسکو عطا نہیں فرماتے جو کہ اسکے لئے مضر ہو۔
۲۔ کبھی دنیا تو عطا فرماتے ہیں مگر دنیا میں اس کا دل نہیں لگتا۔

شیخ عبد القادر جیلانی کے دل کی کیفیت :- شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ امپورٹ ایکسپورٹ کا کام کرتے تھے۔ مجلس میں بیٹھے تھے تو خادم نے آکر خبر دی کہ حضرت فلاں بحری جہاز جس میں آپ کا سامان آ رہا تھا، ڈوب گیا ہے تو حضرت تھوڑی دیر سوچنے کے بعد فرمایا: "الحمد للہ"۔ کچھ عرصہ بعد خادم نے خبر دی کہ ایک اور بحری جہاز پہلے والے سے زیادہ نفع کما کر لایا ہے تو حضرت نے پھر کچھ دیر سوچنے کے بعد فرمایا: "الحمد للہ"۔ پوچھنے پر حضرت نے فرمایا کہ پہلی خبر آئی تو میں نے دل کی حالت پر غور کیا کہ کوئی تبدیلی آئی ہے، تو کوئی نہیں تھا، جب نہیں تھا تو شکر ادا کیا۔ اسی طرح دوسری خبر پر بھی کوئی اثر نہیں ہوا تو اللہ کا شکر ادا کیا۔

حدیث شریف :- اسی لئے حدیث میں ہے کہ "نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ لِلْعَبْدِ الصَّالِحِ" کہ نیک آدمی حلال مال کو نیکی کے کاموں میں خرچ بھی کرتا ہے اور اس مال پر اس کا دل اٹکتا نہیں ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام کا جملہ :- حضرت ایوب علیہ السلام جب نہا رہے تھے تو سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں تو جمع کرنے لگے، اللہ نے پوچھا تو فرمایا : "لَا غِنَى عَنْ بَرَكَتِكَ يَا رَبِّ"۔

اللہ اپنے محبوب بندوں کو دنیا میں لگنے ہی نہیں دیتا :-
آپ اگر اپنے بزرگ اساتذہ کو دیکھو! جو زندگی بھر قال اللہ اور قال الرسول میں لگے رہے ہیں۔ ان سے اگر پوچھو کہ کیا آپ نے زندگی میں مال کمانے کا بھی سوچا یا نہیں؟ تو وہ بتلائیں گے کہ نہیں سوچا، اگر سوچا تو اللہ نے کان پکڑ کر واپس دین کے کام میں لگا دیا۔

والد صاحب کا قصہ :- ہم نے اپنے والد صاحب رحمہ اللہ کو دیکھا کہ جب بھی کسی کاروبار کا سوچا اور اسمیں پیسے لگائے، ڈوب گئے۔ ایک آخری کوشش فرمائی کہ ایک ٹھیکیدار کو رقم دی اور کہا کہ چلانے کیلئے دے دو۔ دو تین مہینے تو پانچ پانچ ہزار

آتے رہے اور عمر رکشہ غائب ہوگیا ۔ کافی ڈھونڈا مگر نہیں ملا ۔ تھک ہار کر آئے تو دیکھا رکشا باہر گلی میں کھڑا ہے؟ مولانا صاحب
دیکھو اس دنیا میں کام کر کے آپ تھوڑے سے رکشہ نہیں اٹھا سکتے؟ آخرت میں لینا ہو تو لینا ۔ پھر واپس آگئے اور عمر دوبارہ کسی کام میں لگ گیا ۔
اور والدہ نے فرمایا کہ اب مدرسہ کی تنخواہ میں ہی گزارا کرو ۔ جب تک زندہ رہے لگے رہے مگر انہوں نے اس طرح اس علم سے یکسو ہو کر

نیک بندوں کو خصوصیات اللہ خود دیتا ہے!

تو یہ اللہ کی طرف سے خاص صورت پیش آتی ہیں ان بندوں کے ساتھ جن کو اللہ کسی خاص کام کیلئے اپنا
چاہتے ہیں لیکن یہ بے سہارا نہیں چھوڑتے ۔ اتنا دیتے ہیں کہ ان کی تمام ضروریات پوری ہو جاتی ہیں ۔
ہمارے والد صاحب اتنا کم تنخواہ میں بھی کبھی پیچھے نہیں رہے ۔ بلکہ ہمیشہ حق کے ساتھ کھڑے رہے ۔ اور اس دور میں
کی تنخواہ میں زندگی کیسے گزارے گئے!؟

مدینہ منورہ میں رہنا بھی ایک کام ہے ۔

دیکھو! اللہ کو کام تو کبھی رکھنا ہے ۔ جو اللہ کے کام میں لگے گا تو پھر اللہ اسکے کام نہیں چھوڑے گا ۔
حضرت مدنی رحمہ اللہ کے بڑے بیٹے مولانا عبداللہ صاحب مدینہ میں رہتے تھے ۔ کسی نے دریافت کیا کہ آپ کیا کرتے ہیں تو فرمایا:
مدینہ میں رہتا ہوں ۔ پھر پوچھا کہ حضرت آپ کرتے کیا ہیں؟ پھر جواب میں فرمایا: مدینہ میں رہتا ہوں ۔ تیسری مرتبہ سوال کیا
تو پھر وہی جواب دیا ۔ اور فرمایا کہ لوگ مدینہ میں رہنے کو کوئی کام ہی نہیں سمجھتے ۔ عجیب بات ہے ۔

سند پر کلام: محمود بن لبید رضی اللہ عنہ صغار صحابہ میں سے ہیں، اور حضور علیہ السلام کی زیارت ثابت ہے ۔ سماع ثابت نہیں ۔ لہٰذا
درج ذیل روایت کو قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کے واسطے سے حضور علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں ۔ البتہ طرق میں ہے
کہ وہ براہ راست حضور سے نقل کرتے ہیں تو وہاں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کا واسطہ چھوٹا ہوا ہے ۔

۲- ۱- الدَّوَاءُ وَالحَثُّ عَلَيْهِ :-

الهَرَمُ : بڑھاپا ۔ کسی بھی ڈاکٹر کے پاس اسکی دوا نہیں ہے ۔

ہر بیماری کی دوا موجود ہے مگر ہر دوا دریافت بھی ہو چکی ہو ضروری نہیں ۔

دو باتیں ہیں! ۱- ہر بیماری کیلئے دوا ہونا ۔ ۲- ہر بیماری کی دوا کا دریافت ہونا ۔
تو اللہ نے ہر بیماری کی شفا اور دوا تو رکھی ہے مگر جب ابھی دریافت نہ کی گئی ہوں تو یہ ایسے لگتا
بلکہ قیامت تک سائنسدانوں کیلئے تحقیق کا میدان کھلا ہے کہ دریافت کریں ۔
کئی بیماریوں کا علاج پہلے نہیں تھا اب دریافت ہو گیا ہے ۔ اور کئی بیماریوں کا علاج
ابھی نہیں اور امید ہے کہ مستقبل میں دریافت ہو جائیگا ۔

۳- :- مَا يُطْعَمُ الْمَرِيْضُ :-

حدیث : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أخذ أهله الوعك ، أمر بالحساء ۔۔۔الخ ۔

ترجمہ : حضور علیہ السلام کے گھر والوں میں جب کسی کو بخار ہوتا تو آپ حریرہ بنانے کا حکم دیتے پھر اس کے پینے کا حکم دیتے۔ اور فرماتے : یہ حریرہ غمگین شخص کے دل کو تقویت پہنچاتا ہے ۔ اور بیمار کے دل سے بیماری کے اثر کو زائل کر دیتا ہے ۔ جیسے تم میں سے کوئی پانی کے ذریعے اپنے چہرے سے میل کو زائل کر دیتی ہے ۔

الحساء : یہ پتلی غذا ہوتی تھی ۔ جیسے آجکل ساگودانہ اور دلیہ وغیرہ ۔ تو یہ غذا آٹے، پانی اور گھی وغیرہ سے بنائی جاتی تھی۔

٤- :- لَا تُكْرِهُوا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ :-

" لا تكرهوا مرضاكم على الطعام " : یعنی زبردستی مریض کو کھانا نہ کھلاؤ اگر بھوک نہیں لگ رہی ۔ اور اگر بھاری کھانا نہیں کھاتا تو پتلا اور ہلکا کھانا کھلاؤ ۔

٥- :- الْحَبَّةُ السَّوْدَاءُ :-

الحبة السوداء : کلونجی / سیاہ دانہ **السَّامُ** : موت

حدیث باب کے دو مطلب :

۱- بعض نے کہا کہ " کل " اپنے عموم پر نہیں ہے ۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ اکثر بیماریوں سے شفا دیتا ہے ۔ جیسے " فیه شفاء للناس " شہد کے بارے بالاتفاق عموم پر نہیں ہے ۔ یہ اکثر حضرات کی رائے ہے ۔

۲- بعض نے کہا کہ ہر بیماری سے شفا دیتا ہے مگر طریقہ استعمال حدیث میں بیان نہیں کیا گیا تو اگر ایک طریقے سے استعمال کریں تو ممکن ہے کہ شفا نہ ہو اور دوسرے طریقے سے استعمال کرو ۔

٦ - : شُرب أبوالِ الإبل :-

فاجتووها : انہیں پیٹ کی تکلیف ہوگئی۔

٧ - : من قتل نفسه بسمٍّ أو غيره :-

"من قتل نفسه بحديدةٍ" : یعنی خودکشی کی
"يتوجأ بها بطنه" : پیٹ میں وہ لوہا مار رہا ہوگا۔
"يتحسّاه في نار جهنم خالداً مخلداً" : وہ زہر جہنم میں گھونٹ رہا ہوگا اور ہمیشہ ہمیشہ اسی میں رہے گا۔
"من تردّى من جبل" : پہاڑ سے اپنے آپ کو گرا کر خودکشی کر لے

سندی کلام : حدیث باب تین طرق سے مروی ہے - اعمش طریق "أبو صالح عن أبي هريرة" میں "خالداً مخلداً" کی قید مذکور ہے - جبکہ دیگر دو طرق "سعید المقبری عن أبي هريرة" اور "أعرج عن أبي هريرة" میں یہ قید مذکور نہیں ہے - امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جس طریق میں قید مذکور نہیں وہ طریق اصح ہے۔

معتزلہ اور خوارج کا مذہب : ان روایات سے معتزلہ و خوارج استدلال کرتے ہیں کہ خودکشی کرنے والا اسی طرح ہر مرتکب کبیرہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جہنم میں جائیگا۔

اہل سنت کی طرف سے حدیث باب کی توجیہات : اس قسم کی روایات کے مختلف جوابات دیے گئے ہیں۔

١- "خالداً مخلداً" کی زیادتی ابو صالح کے طریق میں ہے، سعید مقبری اور اعرج کے طریق میں نہیں ہے - اور سعید اعرج والا طریق ہی اصح ہے۔

٢- حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جب یہ کہا جاتا ہے کہ "ہمیشہ ہمیشہ" تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ اس ہمیشگی کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ جیسے ہمیشہ دنیا میں رہنے کا مطلب ہے موت تک، اسی طرح جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے کا مطلب یہ ہے کہ عذاب کی مدت کے پورے ہونے تک اس میں رہے گا۔

٣- علامہ نووی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یہ مستحل کے بارے میں ہے جو کہ خودکشی کو حلال سمجھتا ہو۔ لیکن اس توجیہ پر علامہ گنگوہی رحمہ اللہ اشکال فرماتے ہیں کہ مستحل حرام کو کفر اس وقت ہوتا ہے جبکہ حرام کی حرمت قطعی الثبوت اور قطعی الدلالۃ ہو - اور خودکشی کی حرمت تو اخبار آحاد سے ثابت ہے۔

۴- یہ شیشہ زخم کے طور پر استعمال ہوتی ہے -

۵- یہ شکایت سے رہا تھا کہ یہ اتنا سخت زخم ہے کہ اسکی سزا یہ کوئی ہے ایسی کر دے جس سے یہ ہاتھ بیمار رہے - لیکن اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مدد کرتا ہے - یہ دوائی لوٹا کر بعد اس کو نکال لیں گے -

۶- ضرور سے طولِ ملک مراد ہے -

"نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الدواء الخبيث": یعنی دواءِ خبیث / زہر کو بطورِ دوا استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے

٨- التداوي بالمسكر -

إنما نتداوى بها: بیماری ہیں تو اس کے ذریعے علاج معالجہ کیا جاتا ہے

إنه ليس بدواء ولكنه داء: یہ دوا نہیں بلکہ بیماری ہے -

تداوی بالمحرم کا مسئلہ: تداوی بالمحرم کا مسئلہ یہاں سمجھیں -

امام مالک اور احمدؒ: تداوی بالمحرم مطلقاً ناجائز ہے -

امام شافعیؒ: مسکر کے علاوہ تداوی بالمحرم جائز ہے -

احناف رحمہم اللہ: امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا اصل قول تو مطلقاً حرام ہونا کا ہے مگر مفتیٰ بہ قول امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا ہے وہ یہ ہے کہ تداوی بالمحرم اس وقت جائز ہے جب کہ طبیبِ حاذق یہ کہے کہ اس مرض کی اس حرام کے علاوہ کوئی اور دوا نہیں ہے -

احناف کے دلائل: ۱- تداوی بالخمر سے متعلق حضور علیہ السلام نے فرمایا: إنه ليس بدواء، ولكنه داء.

۲- حضرت ابو الدرداء کی روایت ہے: إن الله أنزل الداء والدواء، وجعل لكل داء دواء، فتداووا، ولا تداووا بحرام. (ابو داؤد)

۳- ابو داؤد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: نهى رسول الله عن الدواء الخبيث، مراد زہر / حرام ہے -

۴- ابو داؤد میں ایک روایت ہے کہ کسی نے حضور علیہ السلام سے دریافت کیا مینڈک کو دوا میں استعمال کرنے کے حوالے سے تو حضور علیہ السلام نے منع فرمایا -

امام شافعیؒ و احمدؒ کی دلیل: عرنیین والی روایت سے استدلال کرتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے عرنیین کو انہیں اونٹوں کے ابوال و البان کو پینے کا حکم دیا۔

جواب:

۱- حلت والی روایات محمول ہیں اس حالت پر جبکہ اضطرار کی ہو اور کوئی اور دوا نہ ہو۔ اگر کوئی اور دوا ہو تو منع ہے۔

۲- علامہ ابن حزمؒ: جو چیز حرام ہے اس میں اللہ نے شفا نہیں رکھی ہے۔ مگر جب ہم مضطر ہو گئے تو وہ حرام حلال ہو گئی۔ لہٰذا یہ اب حرام سے نہیں حلال ہی سے شفا مل رہی ہے۔

۹- : السَّعُوطُ :

السَّعُوطُ: وہ دوا جو کہ ناک میں ڈالی جاتی ہے۔

حدیث: "إنَّ خیر ما تداویتم به السعوطُ واللدودُ والحجامةُ والمشيُّ".

ترجمہ: وہ بہترین دوا جس کے ذریعے تم علاج کرو وہ سعوط ہے یعنی ناک میں ڈالنے کی دوا، اور لدود ہے یعنی منہ میں ٹپکانے والی دوا، اور حجامہ کرنا ہے اور "مشی" یعنی اسہال کی دوا ہے۔

المشیُّ: یہ مسہل دوا ہے۔ دست لانے والی ہے۔ عرب کے ہاں اسکی بہت اہمیت تھی کیونکہ ان کی غذائیں سخت ہوتی تھیں۔ تو وہ مہینے یا ہفتہ میں کوئی ایسی دوا لیتے تھے جس سے اسہال ہو جاتے اور پیٹ کی ساری گندگی باہر نکل جاتی۔

اشتکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یہ مرض وفات کی بات ہے۔

لدود کرنے کا پس منظر: یہ مشورہ ہوا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ میں دوا ڈالی جائے۔ اور حضور علیہ السلام کو اس کا اندازہ ہو گیا تھا کہ میں دنیا سے رخصت ہو جاؤں گا لہٰذا دوا کا فائدہ نہیں یا بعض نے کہا کہ آپ نے فرمایا کہ جس مرض کیلئے یہ مجھے پلا رہے ہیں وہ مرض مجھے نہیں ہے۔ تو حضورؐ نے منع فرمایا۔

مگر گھر والے سمجھے کہ مرض میں دوا کی کراہت کی وجہ سے منع فرما رہے ہیں تو لدود کر دیا — ان سب کو ماسوائے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سب تھے — تو حضور علیہ السلام نے ان کو بطورِ سزا لدود کی دوا پلائی۔

گھر والوں کو لدود کرنا انتقاماً نہیں تادیباً تھا: حالانکہ یہ دوا پلانا بدلہ لینے کے لئے نہیں تھا — بلکہ تادیباً تھی۔ ان کو یہ بات بتلانے کیلئے کہ نبی کی ہر بات قابلِ اطاعت ہوتی ہے چاہے کسی بھی حالت میں ہو — اور نبی آخر وقت میں بھی بہکی بہکی باتیں نہیں کرتا۔

محبوب کی تکلیف کو محب برداشت نہیں کرتا: حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہاں نبی کی مخالفت تو تھی ہی تو حضور علیہ السلام نے سوچا کہ اگر میں بدلہ نہ لوں تو ڈر ہے کہ کہیں اللہ بدلہ نہ لے لے اور اس وقت بدلہ بہت سخت ہوگا —
حدیث میں ہے: "مَنْ عَادَىٰ لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ" —
حضرت مولانا حکیم اختر صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ شیر کو چھیڑو، شیرنی کو چھیڑو تو نہیں کچھ نہیں کہے گا لیکن اگر اس کے بچے کو چھیڑ دو گے تو تمہیں نہیں چھوڑے گا — کہ میرے محبوب کو کیسے تنگ کیا۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو لدود نہ کرنے کی وجہ: حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حضور علیہ السلام نے لدود نہیں کیا — اسکی مختلف وجوہات بیان کی گئی ہیں:

۱- چچا ہونے کی وجہ سے تعظیم فرمائی —

۲- روزے سے تھے —

۳- مگر صحیحین کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لدود کرتے وقت گھر والوں کے ساتھ شریک ہی نہیں تھے — مشورے میں گھر سے باہر تھے — اور یہی وجہ صحیح ترین ہے۔

"يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ": نگاہ تیز کرتا ہے۔ اور بال اگاتا ہے۔

مُكْحُلَةٌ: کو خلافِ قیاس اس طرح پڑھا جاتا ہے ورنہ تو یہ ظرف کا صیغہ ہے۔

۱۰- : كَرَاهِيَةُ الْكَيِّ :-

الْكَيُّ: لوہا گرم کر کے زخم کی جگہ کو داغنا۔

فَابْتُلِينَا فَاكْتَوَيْنَا: کسی بیماری میں مبتلا ہو گئے تو کیّ کر ڈالی تو بیماری اور شدید ہو گئی۔ یا اسی کی بیماری ان کو لگ گئی تھی۔

١١- :- الرُّخْصَةُ فِي الْكَيِّ :-

حدیث: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوَى أَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْكَةِ۔

ترجمہ: حضرت اسعد بن زرارہ کو آپ علیہ السلام نے "شوکہ" نامی بیماری میں کی کیا۔
اسی طرح حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو بھی "کی" کیا۔

الشوکۃ: یہ ایک بیماری ہے جس میں جسم پر سرخی، چھوٹے چھوٹے دانے اور سوزش ہو جاتی ہے۔

روایات میں تطبیق: "کی" کی ممانعت اور رخصت دونوں کے بارے میں روایات موجود ہیں۔ محدثین نے ان میں مختلف وجوہ سے تطبیق دی ہے:

١۔ ممانعت والی روایات نہی ارشادی پر محمول ہیں اور نہی ارشادی جواز کے ساتھ جمع ہو جاتی ہے۔

٢۔ جہاں منع کیا وہاں مرض پیش آنے سے پہلے "طب وقائی" کے طور پر منع کیا ہے۔ اور جہاں اجازت ہے وہاں مرض پیش آنے کے بعد علاج کی اجازت ہے۔

٣۔ عربوں کے یہاں "کی" کروانے کی عادت سی بن گئی تھی ہر بیماری میں۔ تو ممانعت سے مطلب عادتاً سے منع فرمایا ہے۔ اور اجازت وہاں دی جہاں اس کے علاوہ کوئی اور علاج ممکن نہیں تھا۔

"کی کرنا تعمق فی العلاج ہے": اصولی بات یہ ہے کہ آپ کو بتلایا جا رہا ہے کہ عام حالات میں کی کرنا "تعمق فی العلاج" میں داخل ہے لہذا اس سے بچنا چاہیے۔

١٢- :- الحِجَامَةُ :-

الأَخْدَعَيْن: گردن کے دونوں جانب پوشیدہ رگیں۔

الکاہل: مونڈھوں میں

حجامہ کروانے کی تاریخیں:

١٧، ١٩، ٢١ ان تینوں تاریخوں میں پچھنے لگوائے تھے کہ ان تاریخوں کی کوئی خصوصیت ہوگی کہ انہیں لگوانا نفع مند ہوتا ہے۔

"مُرْ أُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ": کہ اس سے بیماریاں دور ہوتی ہیں اور فاسد خون خارج ہوتا ہے۔

حدیث: "كان لابن عباس رضي الله عنهما غِلْمَةٌ ثلاثةٌ حجّامون، فكان اثنان يُغِلّان عليه وعلى أهله، وواحدٌ يحجمه ويحجم أهله"

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ کے تین غلام تھے جو کہ سینگی لگانے والے تھے۔ اور دو غلام ان میں کہ جو کما کر آمدنی لاتے تھے اور ایک ان کو اور ان کے گھر والوں کو سینگی لگاتا تھا۔

فائدہ: تو معلوم ہوا کہ اس سے کمائی کرنا بھی جائز ہے۔

حدیث: "نِعْمَ العبدُ الحجّامُ، يَذهبُ بالدم، ويُخِفُّ الصُّلبَ، ويَجلو عن البصر"

ترجمہ: بہتر ہے وہ غلام جو کہ سینگی لگانے والا ہو، جو کہ گندے خون کو زائل کر دیتا ہے اور کمر کو ہلکا کر دیتا ہے اور نگاہ کو تیز کر دیتا ہے۔

"فَكُلُّهُم أمسَكوا": سب خاموش رہے۔ کوئی جواب نہ دے رہا تھا۔

۱۳- باب: التَّداوي بالحِنّاء :-

حدیث: "ما كان يكون برسول الله صلى الله عليه وسلم قَرحةٌ ولا نَكبةٌ إلا أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أضع عليها الحِنّاء"

ترجمہ: حضور علیہ السلام کو کوئی پھوڑا یا زخم ہوتا تو حضور مجھے حکم دیتے کہ میں اس پر حناء لیپ دوں۔

قَرْحَةٌ: ۱- پھوڑا پھنسی۔ ۲- تلوار اور چاقو کا زخم۔

نَكْبَةٌ: پتھر یا کانٹے کا زخم۔

حاصل حدیث: مراد یہ ہے کہ کوئی بھی زخم ہوتا تھا تو اس طرح علاج فرماتے۔

۱۴- باب: كراهية الرُّقْيَة :-

اس باب میں رقیہ کی کراہت اور اگلے باب میں رقیہ کی اجازت منقول ہے۔

الرُّقْيَةُ: جھاڑ پھونک / دم درود / عملیات

روایات میں تطبیق اور جھاڑ پھونک کی تین شرطیں:-

یہ جھاڑ پھونک یعنی تعویذوں کا سہارا لینا جائز ہے۔ اگر یہ تین شرطیں ہوں تو رقیہ جائز ہے اور اجازت والی روایات کا محمل ہے۔ ورنہ نہی والی روایات محمل ہے۔

1- دم کے الفاظ میں کوئی شرکیہ بات نہ ہو۔ مثلاً شیاطین یا جنات سے مدد طلب نہ کی گئی ہو۔

2- دم کو مؤثر بالذات نہ سمجھا جائے۔ بلکہ یہ بس ایک علاج ہے جیسے کہ ڈاکٹر سے علاج کروایا جاتا ہو۔

3- اس کا مقصد درست ہو۔ مثلاً یہ نہ ہو کہ میاں بیوی میں تفریق ہو جائے۔ یا دوسرے کی بیوی سے دل [illegible]

حدیث میں ثابت شدہ غیر معلوم المعنی کلمات:-

لہٰذا اگر شرکیہ کلمات ہوں تو ناجائز ہے۔ اسی طرح غیر معلوم المعنی ہوں۔ الا یہ کہ وہ غیر معلوم المعنی منتر حدیث سے ثابت ہو۔ جیسے حضرت ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ سانپ کے ڈسے ہوئے پر نمک والے پانی میں یہ کلمات پڑھ کر وہ پانی لگایا جاتا ہے: "بسم اللہ، شجۃ قرنیۃ، ملحۃ بحر، قفطا" اور یہ کلمات حدیث میں ثابت ہیں اور نقل ہوتے چلے آ رہے ہیں مگر ان کا معنی معلوم نہیں ہے۔

اگر حدیث سے ثابت نہ ہو تو علماء نے غیر معلوم المعنی منتر سے منع فرمایا ہے کیونکہ معلوم نہیں ہے کہ وہ شرکیہ کلمات پر مبنی نہ ہو۔

تطبیق بین الروایات کی ایک اور توجیہ:-

بعض نے تطبیق بین الروایات کی ایک اور توجیہ بیان فرمائی ہے کہ ابتدائی زمانہ میں ہر بیماری میں جھاڑ پھونک کرنے اور کروانے کا سلسلہ چلا آ رہا تھا تو اس لئے منع فرمایا کیونکہ یہ اسباب وہمیہ میں سے ہے۔ لہٰذا ہر بیماری کا علاج رقیہ قرار دینے سے منع فرمایا ہے۔ اور قرآن و حدیث کے دم کی رقیہ کی اجازت دی ہے۔

رقیہ سبب وہمی ہے الا یہ کہ ماثور ہو:-

رقیہ اسباب وہمیہ کی قبیل سے ہے۔ لہٰذا یہ توکل کے خلاف ہے۔ مگر اس سے [illegible] ان رقی کا استثناء ہے جو کہ احادیث میں آئے ہیں۔ اور جو احادیث میں نہیں آئے وہ اسباب وہمیہ میں سے ہیں مگر جو ان میں مذکورہ بالا تینوں شرائط پائی جا رہی ہوں۔

عملیات تجرباتی علاج ہے دین کا کوئی حصہ نہیں:-

منقولہ رقی کے علاوہ باقی رقی تجربہ پر مبنی ہیں۔ ان کی حیثیت علاج کی ہے۔ وہ دین کا حصہ نہیں ہیں۔

اور آج کل وہ شخص عالم شمار ہی نہیں جس کو تعویذ گنڈے نہ آتے ہوں۔

اس کو "روحانی علاج" کہنا غلط ہے۔ یہ بس ایک علاج ہے۔ "روحانی علاج" تو قرآن میں ہوتا ہے۔

علماء کو عملیات کا پیشہ اختیار کرنے سے گریز کرنا چاہیے:-

لہٰذا ان عملیات سے اب نہ رکو۔ مبنیٰ اور اشتہ پر مبنی ہے کہ یہ عملیات علاج ہیں لہٰذا اس کا عوض لینا تو درست ہے۔ مگر ایک عالم کو اس سے بچنا چاہیے۔ کیونکہ اس پیشہ میں وہ فہم کی کمی کا شکار ہو جاتا ہے۔ لہٰذا علماء کو عملیات کا پیشہ اختیار نہیں کرنا چاہیے۔

حدیث: مَنِ اكْتَوَى أَوِ اسْتَرْقَى فَقَدْ بَرِئَ مِنَ التَّوَكُّلِ.

ترجمہ: جس شخص نے کی کروایا یا رقیہ اور جھاڑ پھونک کی تو وہ توکل سے بری ہے۔ یہاں مراد وہ رقیہ ہے جس میں تین شرائط سابقہ پائی نہ جاتی ہوں۔

١٥- باب: الرُّخصة في ذلك :-

الحُمَة : زہریلے جانور کے ڈسنے کی صورت میں۔

العين : نظر لگنے کی صورت میں۔

النملة : پہلو کی پھنسی نکلنے کی صورت میں۔

رخصت کا مطلب :- اجازت کا مطلب یہ ہے کہ ان چیزوں میں رقیہ خاص طور مؤثر ہے۔

"لا رُقية إلا من عين أو حُمَة"

یہ حصر حقیقی نہیں ہے۔ بلکہ یہ بتلانا مقصود ہے کہ تجربہ سے ان دو چیزوں میں رقیہ کا مؤثر ہونا ثابت ہوا ہے۔ اور رقیہ ان میں سب سے زیادہ نفع بخش ہے۔

١٧- باب: الرُّقية من العين :-

نظر لگنے کا مطلب:-

نظر لگنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کوئی شخص کسی دوسرے کو دیکھے اور اسکو وہ اچھا لگے اور اچھا لگنے کی صورت میں منظور الیہ کو کوئی ضرر پہنچ جائے تو اسے نظر لگنا ہے۔ اور منظور الیہ کی بدخواہی ہونا ضروری نہیں ہے۔ کبھی کوئی عالم بھی لگ سکتی ہے۔

نظر لگنے کی حقیقت میں دو قول:

۱- بعض حضرات نے کہا کہ ناظر کی نظروں سے ایک زہریلی شعاعیں نکلتی ہیں جو کہ منظور الیہ میں اثر انداز ہوتی ہیں -

۲- حافظ ابن قیم رحمہ اللہ: جس طرح اجسام کی کچھ خاصیات ہوتی ہیں اسی طرح ارواح کے بھی خواص ہیں اور وہ خواص دوسروں کی روح پر اثر انداز ہوتے ہیں - تو اللہ تعالی جسمانی قوتوں کی طرح روحانی قوتیں بھی عطا فرماتے ہیں - اور چونکہ روح زیادہ تر اثر انداز ہوتی ہے آنکھ کے ذریعے اس لئے اس کو نظر لگنا اور "عین" سے تعبیر کر دیتے ہیں -

نظر لگنا برحق ہے:

نظر لگنے کا اعتقاد جاہلیت میں تھا -- اور حضور علیہ السلام نے بھی فرمایا "العین حق" - اور یہ بھی فرمایا کہ اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جانے والی ہوتی تو وہ نظر ہوتی -

نظر لگنے سے قبل احتیاطی تدابیر:

ایک قسم حملے نظر لگنے سے پہلے کا اور دوسری قسم حملے کے بعد کا -

ناظر کیلئے تدابیر: ۱- نظر لگنے سے قبل نظر سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ ناظر کو اگر کوئی چیز اچھی لگے تو اس کو برکت کی دعا دے تو نظر نہیں لگے گی -

ابوداؤد میں سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کے بارے میں آیا ہے کہ غزوہ سے واپسی کے موقع پر ان کو ایک شخص کی نظر لگ گئی تو صحابہ ان کو حضور علیہ السلام کے پاس لے کر آئے تو حضور علیہ السلام نے ناظر سے کہا:

"ھلا اذا رأیت ما یعجبک برکت" -

۲- حضرت انس کی روایت ہے - من رأی شیئا فاعجبہ فقال "ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ" لم یضرہ -

منظور الیہ کیلئے تدابیر: ۱- اب نظر سے قبل منظور الیہ کو کیا تدبیر اختیار کرنی چاہیے کہ نظر سے بچ سکیں؟

ایک تدبیر حضرت یعقوب علیہ السلام نے اختیار کی ﴿یٰبنیّ لا تدخلوا من باب واحد وادخلوا من ابواب متفرقۃ﴾

معلوم ہوا کہ آدمی کو اگر کوئی کمال حاصل ہو تو اس کو وہ کمال چھپانے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ نظر بد سے بچ سکے -

۲- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا اثر ہے جسے علامہ علی قاری اور ابن قیم رح نے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی چیز اچھی لگے یا ظاہراً حسین ہو تو اس کی ٹھوڑی پر کچھ سیاہی ڈالو - ایک بچے کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دیکھا اور فرمایا "دسّموا نونتہ کی لا تصیبہ العین" یعنی اس کے گالوں کے ڈمپل کو کالا کر دو تاکہ نظر نہ لگ سکے -

ہمارے یہاں جہاں کا جسل دانہ یا کانٹا لگا کی ہے وہ بھی اسی قبیل سے ہے۔

۳۔ شریر نظر سے بچنے کی دعا ہے: حضور علیہ السلام ان کلمات کے ذریعے حضرات حسنین پر دم کرتے تھے: "أعيذكما بكلمات الله التامة من كل شيطان وهامة، ومن كل عين لامة"۔

نظر لگنے کے بعد شفا کی تدابیر: ۱۔ اگر نظر لگ جائے تو کیا کرے؟

۱۔ عربوں کے یہاں یہ رواج تھا کہ نظر لگانے والے کے پاس برتن لایا جاتا جس میں وہ اپنے دونوں ہاتھ دھوتا اور کلی کرتا، اس کے بعد داہنے ہاتھ سے داہنے پیر اور داہنے سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالتا۔ پھر بائیں ہاتھ سے داہنی کہنی اور داہنے ہاتھ سے بائیں کہنی پر پانی ڈالتا، پھر بائیں ہاتھ سے داہنے قدم پر اور داہنے ہاتھ سے بائیں قدم پر پانی ڈالتا، پھر بائیں ہاتھ سے داہنے گھٹنے پر اور داہنے ہاتھ سے بائیں گھٹنے پر پانی بہاتا، پھر آخر میں اپنی لنگی اور اسکے ازار کے حصے کو اس برتن میں دھوتا اور وہ پانی جس کو نظر لگی ہے اس کے سر پر پیچھے کی جانب سے ڈالا جاتا تو وہ اللہ کے حکم سے شفایاب ہو جاتا تھا۔

۲۔ بزرگوں نے لکھا ہے کہ سورۃ قلم کی آخری آیات "وان یکاد الذین کفروا ... الخ" سات دفعہ پڑھ کر جس پر نظر لگی ہو اس پر دم کر دیا جائے تو یہ مجرب عمل ہے۔

حدیث: "لو كان شيء سابق القدر لسبقته العين"۔
ترجمہ: اگر کوئی چیز ایسی ہوتی کہ تقدیر پر سبقت لے جائے تو وہ نظر ہوتی۔

ہامّۃ: زہریلے جانور کے ڈسنے سے۔
عینٍ لامّۃ: ہر ایسی نگاہ سے جو تکلیف پہنچانے والی ہے۔

ایک مجرب وظیفہ: اگر کوئی دم کرنا چاہے تو ان کلمات سے کرے۔
حضرت مولانا سعید محمود صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ سات دفعہ سورۃ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر کسی پر بھی دم کر دیا کرو، اس طرح کہ "بسم اللہ الحمد للہ" کو ملا کر پڑھو۔

۱۸ :- العین حق :-

۱- "لا شیئ فی الهام والعین حق" :

اس زمانے میں لوگ جاہلیت والے تصور رکھتے تھے ، ایک نظریہ یہ بھی تھا ، اسکو حضور علیہ السلام نے بے حقیقت قرار دیا ہے - اور دوسری چیز "ھام" ہے - اور اس کی نفی فرمائی ہے -

"ھام" کی تین تفسیریں ہیں :

"ھام" کی تین تفسیریں ہیں :

۱- "ھام" الو کو کہتے ہیں - ان کا عقیدہ تھا کہ اگر کسی گھر پر بیٹھ جائے تو نحوست کی علامت ہے -

۲- ان کا تصور تھا کہ اگر کسی کا قتل ہو جائے اور قصاص نہ لیا جائے تو اس کے سر سے ایک پرندہ نکلتا ہے جو کہ صدا لگاتا ہے : "اسقوني اسقوني"

۳- جب انسان مر جاتا ہے تو اسکی روح پرندے کی شکل میں آ جاتی ہے اور اڑتی ہے ، اسکو "ھام" کہتے ہیں -

"واذا استغسلتم فاغسلوا" :-

اگر تم سے غسل کا مطالبہ کیا جائے تو غسل کر لیا کرو - تاکہ نظر والے کی تکلیف دور ہو جائے -
اس غسل کا طریقہ ابو داؤد کی روایت میں منقول ہے - مگر جاننا چاہیے جس طرح یہ منقول ہے ، جو کہ تجربات کی بنیاد پر بنایا گیا ہے -

۱۹ :- أخذ الأجر على التعويذ :-

طاعات پر اجرت لینا :

اصل مسئلہ طاعات پر اجرت لینے کا ہے - اس میں اختلاف ہے :

احناف : اجرت علی الطاعۃ جائز نہیں ہے -

ائمہ ثلاثہ : اجرت علی الطاعۃ جائز ہے -

ائمہ ثلاثہ کی دلیل : حدیث باب حدیث ~~[illegible]~~ ابی سعید رضی اللہ عنہ -

حنفیہ کے دلائل : ۱- حضرت عبد الرحمن بن شبل کی مرفوع حدیث ہے : "اقرءوا القرآن ولا تأکلوا بہ" .

۲- حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اہل صفہ کے بعض حضرات کو قرآن سکھایا تو ان میں سے ایک نے مجھے کمان ہدیہ میں دیا - جب حضور علیہ السلام سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا : "ان اردت أن یطوقك الله طوقا من نار فاقبلها"

۳- ایک دوسری روایت میں حضرت عبادہ بن صامت فرماتے ہیں کہ میں ایک شخص کو قرآن سکھاتا تو اس نے مجھے کمان ہدیہ میں دی تو حضور علیہ السلام نے فرمایا: "ان اخذتها اخذت قوسا من نار" پس انہوں نے وہ واپس کر دی۔

۴- کتاب الصلوٰۃ میں حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث گزری ہے کہ حضور علیہ السلام نے ان کو فرمایا:
"أن اتخذ مؤذنا لا يأخذ على أذانه أجرا"۔

حدیث باب کے تین جوابات: ۱- یہ اجرت طاعت پر نہیں لی تھی۔ بلکہ علاج پر لی تھی اور اسکے ہم بھی قائل ہیں۔
۲- یہ اجرت کفار سے لی تھی۔ لہٰذا مسلمانوں کو ان پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔
۳- انہوں نے مہمان نوازی طلب کی تھی۔ اس لئے حضور علیہ السلام نے بکریاں لینے کی اجازت دی۔

متاخرین احناف کا فتویٰ: متاخرین نے دیکھا کہ بہت سی طاعات ایسی ہیں اگر ان پر اجرت نہ لی جائے تو شعائر اسلام کے مٹنے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا ان پر اجرت لینے کی اجازت دی ہے۔ اور تعلیم قرآن پر اجرت لینی جائز ہے۔

تراویح پر اجرت لینا: رمضان میں تراویح پڑھانے پر اجرت لینا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اگر رمضان میں پورا قرآن تراویح میں ختم نہ کیا جائے تو قرآن کے مٹنے کا اندیشہ نہیں ہے۔ علماء نے لکھا کہ اگر کوئی حافظ اجرت کے بغیر تراویح پڑھانے والا نہ ملے تو "الم تر" سے ختم کرنے والا ہو تو "الم تر" سے پڑھ کر تراویح مکمل کرنی چاہییں، اجرت پر حافظ کو نہ بلایا جائے۔

فسألناهم القرى فلم يقرونا: یعنی ان سے مہمان نوازی کی درخواست کی تو انہوں نے ہماری مہمان نوازی نہیں کی۔
فلدغ سيدهم: بعض روایات میں سردار کی بیٹی کا ذکر ہے۔

واضربوا لي معكم بسهم: حصہ میں حصہ لگا دو۔ اور یہ حکم تطییبا للقلوب تھا۔ تاکہ حلت پر دلالت کرے۔ جیسا کہ حدیث عنبر میں بھی آتا ہے کہ حضور علیہ السلام نے اس سے تناول فرمایا۔

متاخرین احناف کے فتویٰ کی دو تائیدیں: متاخرین نے ان طاعات پر اجرت لینے کی اجازت دی ہے جن پر اجرت نہ لینے سے شعائر اسلام کے مٹنے کا اندیشہ ہو۔ اور اس جواز کی دو تائیدیں کی جاتی ہیں:
۱- حبس وقت کی تاویل کی ہے۔
۲- امام شافعی رحمہ اللہ کے قول پر فتویٰ دیا ہے۔

CamScanner

دونوں تاویلوں میں فرق:

پہلے والوں کو چھپ کر لیں گے تو اس وقت لگتا ہے کہ چھٹیاں آتی ہیں تو تنخواہ لینا درست ہے یا نہیں۔ پہلی تاویل سے درست ہے لیکن دوسری تاویل سے درست ہے لینا یہی اختیار کرنے میں فائدہ ہے۔

تعلیم قرآن پر اجرت کی دو صورتیں: دیکھو تعلیم قرآن پر اجرت کی متاخرین نے اجازت دی ہے۔ اب اجرت لینے کی دو صورتیں ہوسکتی ہیں:

۱۔ جس کو فائدہ پہنچ رہا ہو اس سے اجرت لو۔ جیسے جس کو قرآن سکھلا رہا ہو اسی سے اجرت لو۔

۲۔ مسلمان چندہ کر کے اس کی اجرت دیں۔

ہمارے اکابر نے مدارس میں پہلی صورت اختیار نہیں فرمائی بلکہ دوسری صورت اختیار فرمائی تاکہ امیر اور غریب سب کے بچے تعلیم حاصل کر سکیں۔

دونوں صورتوں کی مثال اور نتائج: حضرت مولانا مملوک علی[1] کے دو شاگرد تھے ایک نے دیوبند کا مدرسہ قائم کیا اور ایک نے علی گڑھ میں یونیورسٹی قائم کی۔ مدرسہ دوسری صورت پر اور یونیورسٹی پہلی صورت پر قائم کی گئی۔ تو دیکھو کہ دنیاوی تعلیم پر مستحق حاصل نہیں کر سکتا اور مدرسہ کی تعلیم امیر و غریب سب کیلئے ہے۔

ہمارے اکابر نے لوگوں کے پاس جا جا کر ان کو متوجہ کیا ہے کہ چندہ دیں۔

آپ اس نظام کے محافظ ہیں: دیکھو آپ اس نظام کے محافظ ہو۔ کیونکہ تمہیں ابھی سے لوگوں سے بے نیاز کر رکھا ہے اور تم آرام سکون سے پڑھائی میں لگے ہو۔ لہٰذا مستقبل میں جب اللہ وسعت دے تو ان مدارس پر خوب خرچ کرے اور چندہ دینا تاکہ دوسرے بچے بھی تعلیم حاصل کر سکیں۔

۲۰-۱- الرُّقٰی والأدویۃ -۱

وتُقاۃ نتّقیھا: اور یہ بچاؤ کا سامان جس سے ہم بچاؤ کرتے ہیں۔

مطلب حدیث: یا رسول اللہ! اگر ہم میں بیماری لگی ہے تو دوا سے کیسے دور کریں گے؟ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اس بیماری کا دوا سے ٹھیک ہونا بھی تقدیر میں لکھا ہے۔

۱: مولانا مملوک علیؒ

سند پر کلام:-

مذکورہ بالا حدیث کے بعض طرق میں "عن ابن أبي خزامة عن أبيه" اور بعض میں "عن أبي خزامة عن أبيه" ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "عن أبي خزامة عن أبيه" والا طریق اصح ہے۔

٢١- الكمأة والعجوة:-

العجوة من الجنة: عجوہ کھجور جنت کا پھل ہے۔
الكمأة من المن: مشروم "من وسلوی" کی قبیل سے ہے۔

العجوة من الجنة کے دو مطلب ہیں:

١- حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ جنت سے کچھ درخت بھی نازل فرمائے تھے اور عجوہ کھجور کی اصل بھی ان میں تھی۔

٢- دوسرے پھلوں میں رنگت کا اس کی شکل میں تبدیلی آگئی مگر عجوہ کھجور میں تبدیلی زیادہ نہیں آئی۔

الكمأة من المن کے تین مطلب ہیں:

١- "من" جو بنی اسرائیل پر نازل ہوا اسکی مختلف شکلیں تھیں۔ حلوے کی شکل میں، دانے کی شکل میں، شبنم کی صورت میں اترتی تھی۔ تو یہ مشروم بھی اس "من" کی شکلوں میں سے ایک شکل ہے۔

٢- بلا محنت کے حاصل ہونے میں تشبیہ ہے۔ مشروم بلا محنت ہی حاصل ہو جاتا ہے۔

٣- "منّ" سے "امتنان" ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے احسانات میں سے ایک یہ ہے کہ انسانوں کو مشروم عطا فرمایا ہے۔

مذکورہ علاج کی حیثیت:- اب اس کی افادیت پر تحقیق ہو گئی ہے اور بعض حضرات نے اس پر کافی تحقیق کی ہے اور کس طرح یہ استعمال کیا جائے معلوم ہے اور کس قسم کے اثرات ہوتے ہیں اس کا بھی علم ہے۔ لہٰذا کسی طبیب کے مشورے سے استعمال کرنا چاہیے۔

"الکمأۃُ جدریُّ الأرضِ": مشروم زمین کی چیچک ہے۔
بدن میں فاسد مواد جب باہر آتا ہے تو دانے کی شکل میں بدن پر ظاہر ہوتا ہے اس کو چیچک کہتے ہیں
تو عرب مشروم کو اچھی چیز نہیں سمجھتے تھے۔

السُّونیزُ دواءٌ من کلِّ داءٍ: کلونجی ہر بیماری کی دوا ہے۔
فَیَنْقَعُہٗ: پانی میں ڈبو دے۔
فَیَسْتَعِطُ بِہٖ: ناک کے نتھنے میں قطرے ڈالے۔

تجربہ کے بغیر علاج نہ کریں: طریقہ استعمال تو بتلا دیا۔ مگر یہ کس بیماری کیلئے ہے اس کا ذکر نہیں ہے۔ لہٰذا
تجربہ سے پہلے نہ کرنا۔

۲۲:- أجرُ الکاھِن:-

مھر البَغیِّ: زانیہ کی اجرت۔

۱- جس کتے کو پالنا حرام ہے اس کا ثمن بھی حرام ہے۔ یا اس پر محمول
۲- یہ اس دور کی بات ہے جب کتے پالنا منع تھے اور ان کو قتل کا حکم دیا تھا،
بعد میں رخصت دے دی۔

مھر البغیِّ: اس پر مہر کا اطلاق مجازاً کیا گیا ہے۔ کیونکہ اس نے بھی
بضع کے ذریعہ کمایا ہے۔

"حلوانُ الکاھنِ": کاہن کی مٹھائی۔ مٹھائی سے تشبیہ بلا مشقت اجرت حاصل کرنے کی

٢٣- :- كراهية التعليق :-

"به حمرة" : ان کے جسم پر سرخی تھی۔ اور اس کا علاج اس زمانے میں تعویذ کے ذریعے کرتے تھے۔

"الموت أقرب" : یعنی مجھے موت گوارا ہے۔ مگر تعویذ لٹکانا گوارا نہیں ہے۔

"من تعلق شيئا وكل إليه" : جو شخص گلے میں تعویذ لٹکاتا ہے تو وہ اسی تعویذ کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔

"کیا گلے میں تعویذ لٹکانا مکروہ ہے؟" امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی باب سے یہ بیان کیا ہے کہ تعویذ لٹکانا یا کوئی اچھی بات نہیں ہے
مگر علماء نے لکھی ہے کہ رقیہ کی شرائط ثلاثہ اگر پائی جائیں تو جس طرح دم کرنا
جائز ہے اسی طرح تعویذ کی شکل میں گلے میں لٹکانا اور ہاتھ پر باندھنا بھی جائز ہے۔
اور ممانعت والی روایات محمول ہیں اس صورت پر جبکہ کلماتِ تعویذ شرکیہ ہوں یا
اور کوئی فساد ہو جیسے اس کو مؤثر بالذات سمجھنا وغیرہ۔

حاصل : جو شرائط رقیہ کی ہیں وہی شرائط تعویذ کی بھی ہیں۔

٢٤- :- تبريد الحمى بالماء :-

"الحمى فور النار فابردوها بالماء" : بخار جہنم کی لپٹ ہے اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔

"فابردوها" : اس میں دو احتمال ہیں ١- باب افعال سے ہو ٢- باب نصر سے ہو۔ لیکن دوسرا راجح ہے۔

"الحمى فور النار" :- اس کے تین مطلب ہیں :

١- یہ واقعۃً جہنم کی آگ کا ایک اثر ہے۔ جو کہ دنیا میں محسوس ہوتا ہے۔

٢- یہاں تشبیہ دینا مقصود ہے۔ کہ بخار میں کیسی حرارت محسوس ہوتی ہے تو سوچو جہنم کی حرارت کیسی ہوگی۔

٣- جہنم میں ایک مومن کو جو سزا ملنی ہے گناہوں کی وجہ سے تو یہ بخار اس سزا کا ایک حصہ ہے۔ اگر یہ حرارت لاحق ہو تو ان شاء اللہ عذاب میں تخفیف ہو جائے گی۔

"علاج کی حیثیت" : علاج یہ بتلایا ہے کہ اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔ اور اس علاج کا تعلق بھی تجربہ پر ہے۔
لہٰذا طبیبِ حاذق سے پوچھ کر استعمال کرو۔

حضور علیہ السلام کے ارشادات کی دو قسمیں :-

حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضور علیہ السلام کا ارشاد گرامی دو قسم کا ہوتا ہے۔

۱۔ عمومی ہوتا ہے اور تمام انسانوں کے لئے ہوتا ہے جیسے کہ عام ارشادات۔

۲۔ خصوصی ہوتا ہے۔ تمام انسانوں کے لئے نہیں ہوگا۔ جیسے "لا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها ، ولكن شرّقوا أو غرّبوا" یہ خطاب اہل مدینہ کے لئے تھا۔

اسی طرح "فابردوها بالماء" یہ عمومی حکم نہیں ہے بلکہ یہ اہل حجاز کے بخار کا علاج ہے اب روئے زمین پر ہر جگہ کے رہنے والے بخار کا علاج بھی اس سے کریں یہ ضروری نہیں ہے۔

حضرت اسماء کی حدیث کا مفہوم :- قولہ : "وفي حديث أسماء رضي الله عنها كلام أكثر من هذا" :-

فرماتی ہیں کہ ہم حمیٰ کا علاج اس طرح کرتے تھے کہ اس کے گلے کا قریب سینے کے حصے پر پانی چھڑکتے تھے۔

عرق نعّار : جوش مارنے والی رگ۔

نعّار : آواز نکالنے والی۔

۲۵- : الغیلۃ :

غیلہ کے دو مطلب :- غیلہ کے دو مطلب ہیں :

۱۔ جب عورت بچے کو دودھ پلا رہی ہو تو دودھ پلانے کے زمانے میں اس سے جماع کرنا۔

۲۔ حمل کی حالت میں دودھ پلانا۔

عربوں کا رواج :- عربوں میں یہ معروف تھا کہ حالتِ حمل میں دودھ پلانے کو معیوب سمجھتے تھے اسی طرح دودھ پلانے کی حالت میں جماع کرنا بھی غلط قرار دیتے تھے اور نقصان دہ سمجھتے تھے۔

"أردتُ أن أنهى عن الغِيال" : کیونکہ عربوں کے یہاں اس کو نقصان دہ قرار دیا جاتا تھا۔

شواہدِ احادیث :-

حضرت اسماء بنت یزید ابو داؤد کی روایت ہے : "لا تقتلوا أولادكم سرًّا ، فإنّ الغيل يُدرك الفارس"

فیہ عشرۃ ملتی فہرسہ ۔ یہاں بھی اعتراض ہے کہ حدیث باب میں سبعۃ کا ذکر ہے۔

تطبیق کی تین توجیہات :

مختلف طریقوں سے تطبیق دی گئی ہے :

۱۔ فی الجملہ عدد ضعف کا سبب ہے۔ اور احادیث خاصہ والی روایت بالذات نافیہ کی نفی ہے

۲۔ احادیث اسماعیل کی روایات میں موجود نفی تشریح سے محمول ہے۔ اور احادیث جابر کی روایت میں نفی کا ارادہ نہیں حکم ہم کا ارادہ تھا۔ جس سے ذکر کئے گئے۔

۳۔ ترمذی میں جناب نبی کریم علیہ السلام کا خیال یہ تھا کہ یہ نقصان دہ ہے۔ اگر آگے ادھر دینار ہیں کے عمل سے یہ حکم ہے ہوا کہ نقصان ایسے ہے کہ نہیں ایسی فرمائی۔ پھر بعد میں وحی کے ذریعے علم ہوا کہ یہ فی الجملہ ضعف کا سبب ہے۔

۳۶۔ : فِي دَوَاءِ ذَاتِ الجَنْبِ :

ذَاتُ الجنب : یہ نمونیا کی بیماری کو کہتے ہیں جس میں انسان کے پھیپھڑے متاثر ہوتے ہیں اور اس سے سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔

حدیث : أنّ النبيّ صلى الله عليه وسلم كان ينعت الزيت والورس من ذات الجنب، قال قتادة: ويلدّه من الجانب الذي يشتكيه.

ترجمہ : حضور علیہ السلام ذات الجنب کی بیماری میں زیتون کا اور ورس کی گھاس تجویز فرماتے تھے۔ اور قتادہ فرماتے ہیں کہ منہ کی طرف کے کنارے میں اس جانب سے دوا ڈالی جائے جس میں تکلیف ہے۔

القُسطُ البحريُّ : اس کو عود ہندی بھی کہتے ہیں۔

ذاتُ الجنب یعنی السِّلّ : اور سل نمونیا ہی کو کہتے ہیں۔

۲۷ -: باب :-

"امسح بیمینک سبع مرات" : تکلیف کی جگہ پہ کلمات پڑھ کر ہاتھ پھیرو

درد کا رقیہ : دوسری روایت میں اس طرح دعا آئی ہے - "بسم اللہ، بسم اللہ، بسم اللہ، أعوذ بعزة اللہ وقدرته وسلطانه من شر ما أجد وأحاذر" ۔ یہ دعا منقول ہے -

ایک مفید رسالہ
ڈاکٹر احمد صاحب کا ایک رسالہ ہے "رقیہ شرعیہ" جس میں انہوں نے احادیث میں وارد دعائیں جمع کر دی ہیں - یہ رسالہ ہر گھر میں ہونا چاہیے -

بم تستمشین؟ : "مشی" یعنی مسہل دوا تم کس چیز کے ذریعے لیتی ہو -
بالشبرم : یہ دوا تھی جس کو پانی میں ابال کر پیتے تھے اور پیٹ صاف ہو جاتا تھا -

حار جار : ۱- بہت گرم ہے اور جسم میں موجود مفید مادوں کو بھی نکال دیتی ہے -
۲- "جار" لفظ مہمل ہے جو کہ "حار" کی تاکید میں استعمال ہوا ہے -
اور بعض روایات میں "حار یار" ہے اور "یار" کا مہمل ہونا متعین ہے -

استمشیت بالسنا : سنا مکی سے مشی لیتی تھی -

۲۸ -: العسل :-

استطلق بطنہ : پیٹ جاری ہو گیا ہے - یعنی اسہال ہے -
فلم یزدہ الا استطلاقا : اور زیادہ دست آنے لگے -

"صدق اللہ وکذب بطن أخیک" : یعنی خود شفا ہو گی -

"صدق اللہ" کے دو مطلب : ۱- قرآن میں ہے "فیہ شفاء للناس" اسکی طرف اشارہ ہے -
۲- وحی کے ذریعے حضور کو اس علاج بتلایا گیا تھا کہ عسل تجویز فرما رہے تو اس کی طرف اشارہ فرمایا -

"كَذَبَ بَطْنُ أَخِيكَ" کا مطلب : ۱- كَذَبَ إِذَا لَمْ يَقْبَلِ الشِّفَاءَ .

۲- شفا تو ہو رہی ہے مگر پیٹ خراب ہو رہا ہے کیونکہ ابھی تک مکمل مواد فاسدہ خارج نہیں ہوا، شہد پینے سے ہوگا -

۳۰- ۱ باب ۲ : -

حدیث : "فَلْيَسْتَنْقِعْ فِي نَهْرٍ جَارٍ فَلْيَسْتَقْبِلْ جِرْيَتَهُ"

ترجمہ : ایک جاری نہر میں اترے اور پانی کے بہاؤ کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو -

وَلْيَنْغَمِسْ فِيهِ ثَلَاثَ غَمَسَاتٍ : تین غوطے لگائے -

صَدَقَ رَسُولُكَ : یعنی اپنے حبیب کی بات کی لاج رکھ کر شفا عطا فرما دے -

بِأَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ رَسُولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم : غزوہ احد میں حضور علیہ السلام کے زخم کا علاج کس چیز کے ذریعہ کیا گیا ؟

كَانَ عَلِيٌّ يَأْتِي بِالْمَاءِ فِي تُرْسِهِ : حضرت علی اپنی ڈھال میں پانی لاتے تھے -

أُحْرِقَ لَهُ حَصِيرٌ فَحُشِيَ بِهِ جُرْحُهُ : ایک چٹائی جلا کر اسکی راکھ سے آپ کا زخم بھر دیا گیا -

"فَنَفِّسُوا لَهُ فِي أَجَلِهِ" : دو معنی ۱- طَمِّعُوهُ فِي أَجَلِهِ یعنی عمر کے بارے میں امید دلاؤ -

۲- أَذْهِبُوا كُرْبَتَهُ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِأَجَلِهِ یعنی عمر سے متعلق اس کے غم کو دور کر دو -

فَإِنَّ ذٰلِكَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا وَيُطَيِّبُ نَفْسَهُ : یہ بات تقدیر کو تو رد نہیں کر سکتی مگر مریض کی دل جوئی ہو جائے گی -

أَبْوَابُ الْفَرَائِضِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

(چند تمہیدی باتیں)

پہلی بات: میراث کے تدریجی مراحل:

میراث کا حکم تدریجاً آیا ہے۔ ابتداء میں حکم تھا: "کُتِبَ عَلَیْکُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَکُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَکَ خَیْرًا الْوَصِیَّةُ لِلْوَالِدَیْنِ وَالْأَقْرَبِیْنَ بِالْمَعْرُوْفِ"۔

یعنی مورث کی وصیت پر مدار تھا جس کیلئے جو چاہتا وصیت کر دیتا۔

پھر اللہ تعالیٰ نے تفصیلی احکام نازل فرمائے "یُوْصِیْکُمُ اللّٰہُ فِیْ أَوْلَادِکُمْ" میں۔ اور اشارہ اس بات کی طرف فرمایا کہ تمہیں علم نہیں ہے کون زیادہ حقدار ہے لہٰذا اللہ نے خود ہی حصے مقرر کر دیے۔ پہلے ذوی الفروض کے حصے ہیں پھر عصبات ہیں اور ان میں الأقرب فالأقرب کا اصول چلتا ہے پھر ذوی الارحام ہیں۔

دوسری بات: میت کے مال میں حقوق کی ترتیب:

میت کے مال میں سب سے پہلے تجہیز و تکفین کے اخراجات نکالے جائیں گے پھر دیون کی ادائیگی ہے۔ پھر اگر وصیت کی ہو تو ثلث مال سے ادا کی جائے گی پھر بقیہ مال ورثاء میں تقسیم ہوگا۔

تیسری بات: شریعت کے نظام میراث کی خصوصیات:

شریعت نے جو میراث کا نظام اختیار فرمایا ہے یہ پچھلی شریعتوں سے مختلف ہے۔ اسکی کچھ خصوصیات ہیں:

۱۔ تمام میت کی املاک میں میراث جاری ہوگی۔ چاہے وہ ایک سوئی ہی کیوں نہ ہو۔ عرب کی بعض قوموں میں یہ رواج تھا کہ اشیاء مستعملہ میں میراث جاری نہیں ہوتی تھی بلکہ ان کو یا تو میت کے ساتھ دفنا دیتے یا جلا دیتے یا میت پر نوحہ کیلئے لوگ بلائے جاتے اور ان کو وہ اشیاء دے دی جاتیں۔

۲۔ میراث اقارب کا حق ہے اجانب کا حق نہیں ہے۔ اس زمانے میں منہ بولے بیٹے کو بھی میراث میں حصہ ملتا تھا تو اسلام نے اس سے منع کر دیا۔

۳۔ اسلام میں میراث رجال و نساء، کبار و صغار سب کیلئے ہے۔ جبکہ جاہلیت میں میراث صرف اس مرد کو ملتی تھی جو کہ گھوڑے پر سوار ہو کر دشمن سے مقابلہ کرے۔ لہٰذا عورتوں کو اور بچوں کو نہیں ملتی تھی۔

۴۔ شریعت نے جو حصے مقرر کئے ہیں ان میں بنیاد فقر و افلاس کو نہیں بنایا بلکہ قرابت کو بنایا ہے اور قرابت میں بھی اولوالفروض کو حصے مقدم دیے اور عصبات میں الاقرب فالاقرب کا اصول رکھا ہے۔

ہمارا عائلی قانون: ہمارا ~~[illegible]~~ عائلی قانون اس اصول کی مخالفت کرتا ہے یتیم پوتے کی وراثت کے مسئلے میں۔

اگر کسی بچے کے والد کا انتقال ہو جائے اور دادا زندہ ہو اور پھر دادا کا بھی انتقال ہو جائے تو پاکستانی قانون میں ہے کہ وہ پوتا دادا کا وارث بنے گا۔ جبکہ شریعت میں مورث کے انتقال کے وقت اس کے زندہ اقرب ورثاء ہی کو میراث ملتی ہے۔ لہٰذا بیٹوں کو ملے گی پوتوں کو نہیں۔

شریعت کا نقطۂ نظر: اور اس قانون کی بنیاد یہ ہے کہ یہ یتیم ہوتا ہے۔ حالانکہ شریعت نے میراث کا مدار افلاس وفقر پر رکھا ہی نہیں ہے۔ بلکہ اقربیت پر مدار ہے۔ قریب کے رشتہ دار کو حصہ ملے گا اور بعید محروم ہو جائے گا۔

دلیل: "وإذا حضر القسمة أولوا القربى واليتامى والمساكين فارزقوهم منه"

اس آیت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ تمام رشتہ داروں کو بھی حصہ نہیں ملتا بلکہ صرف قریبی رشتہ داروں کو حصہ ملتا ہے۔

لہٰذا شریعت کے اصول کے تحت یتیم پوتا دادا کا وارث نہیں بنتا۔ اگر خیال ہے تو زندگی میں ہی ہبہ کر دے۔ اور پھر یتیم کی کفالت دوسروں پر ہے اور اگر کوئی نہ ہو تو بیت المال کے ذمے میراث ہے۔ اس یتیم پوتے کی میراث کے مسئلے کو اکرم غامدی صاحب اور ان کے متبعین آج بھی زیادہ اچھالتے ہیں کہ یہ تو سراسر ناانصافی ہے۔

اس مسئلے کی تفصیل اگر دیکھنی ہو تو حضرت شیخ صاحب کی کتاب "ہمارے عائلی مسائل" میں دیکھی جا سکتی ہے۔

چوتھی بات: مردوں کا حصہ عورتوں سے زیادہ رکھنے کی وجہ:

شریعت نے چونکہ مردوں پر ذمہ داریاں زیادہ رکھی ہیں اس لئے ان کا حصہ بھی زیادہ رکھا ہے۔ اور عورتیں چونکہ اپنی کفالت خود نہیں کرتیں بلکہ وہ دوسروں کے ذمے ہے۔

۱- مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ:-

وَمَنْ تَرَكَ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ: جو شخص عیال چھوڑے تو ان کی ذمہ داری مجھ پر ہے۔

ضَيَاعًا: عیال جن کے ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔

فائدہ:- یہ ارشاد حضور علیہ السلام نے ابتدا میں فرمایا تھا جبکہ بیت المال کا زمانہ تھا۔ اور آج اگر کوئی ولی نہ ہو تو ذمہ داری بیت المال پر ہے۔

٢ - : تعلیم الفرائض :-

فإني مقبوض : میں رخصت ہونے والا ہوں۔

نصف العلم کے دو معنیٰ : ١- تمام احکام وراثت۔

٢- علم حصہ ہے، اور اسی معنی کے اعتبار سے یہاں حدیث نقل کی گئی ہے۔

مستند کلام :- امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث مضطرب ہے۔ کیونکہ عوف کے دو شاگرد ہیں۔ ایک شاگرد نضر بن شمیل ہیں وہ اس حدیث کو مسند ابی ہریرہ میں شمار کرتے ہیں اور دوسرے شاگرد ابو اسامہ ہیں جو اس کو مسند ابن مسعود میں بیان کرتے ہیں۔ اور تیسری ابو اسامہ کے طریق میں ایک رجل مجہول کا واسطہ ہونے کی بنا پر بھی ضعف ہے۔

٣ - : میراث البنات :-

سعد بن الربیع : یہ غزوۂ احد میں شہید ہو گئے تھے۔

إن عمهما أخذ مالهما : کیونکہ جاہلیت میں رسم ہوتی تھی کہ خاندان کا سربراہ ہی سارا مال لیتا تھا۔

صورة المسألة :-

مسئلہ ٢٤ — میت: سعد بن الربیع

بنتان	زوجہ	أخ
ثلثان	ثمن	عصبہ
١٦	٣	٥

صورة المسألة للباب الآتي :-

فتوى أبي موسى وسلمان رضي الله عنهما :-

مسئلہ ٢ — میت

بنت	بنت الابن	أخت حقیقیہ
نصف	محروم	نصف
١		١

فتوى ابن مسعود رضي الله عنه :-

مسئلہ ٦ — میت

بنت	بنت الابن	أخت حقیقیہ
نصف	سدس	عصبہ مع الغیر
٣	١	٢

٤-: میراثِ بنتِ الابن مع بنتِ الصُّلب :-

مسئلہ:- میت کی پوتی بھی ہو اور بیٹی بھی ہو تو پوتی کو میراث ملے گی یا نہیں؟

حضرت ابوموسیٰ اور سلمانؓ کا موقف:- حضرت ابو موسیٰ اور سلمان رضی اللہ عنہما سے اس بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ پوتی بیٹی کے ہوتے ہوئے محروم ہو گی۔ اور یہ ان کا اپنا اجتہاد تھا۔

دلیل:- ان حضرات کے اجتہاد میں بظاہر دو آیتیں مدِ نظر تھیں!

۱- "وإن كانت واحدة فلها النصف" -

۲- "إن امرؤ هلك ليس له ولد وله أخت فلها نصف ما ترك"

اور اس میں "ولد" سے مراد "ذکر" لیا۔

فإنه سيتابعنا: یعنی امید ہے کہ وہ ہماری تائید کریں گے۔

حضرت ابن مسعودؓ کا موقف اور دلیل: حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ یہ فیصلہ غلط ہے۔ میرے پاس تو اس بارے میں حضورؐ کی حدیث سنی ہے۔ لہٰذا بیٹی اور پوتی کے دو ثلث ہیں۔ اور بہن بیٹی کے ہوتے ہوئے عصبہ مع الغیر ہوتی ہے۔ لہٰذا بقیہ ایک ثلث بہن کا ہے۔

فوائد حدیث:-

۱- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہاں نص نہ ہو وہاں اجتہاد کیا جاتا ہے۔

۲- دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ اگر اجتہاد سے کیا مسئلہ معلوم ہو تو تم دوں کے پاس بھیج کر تصدیق کر ڈالو۔

۳- بخاری کی روایت میں ہے کہ اس شخص نے یہ مسئلہ جا کر ان دونوں حضرات کو بتلا دیا تو حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا "لا تسألوني ما دام هذا الحبر فيكم" تو اس سے معلوم ہوا کہ غلطی ظاہر ہو جائے تو تسلیم کر لے۔ لہٰذا جس فن میں الشقاہی نہ ہو اس میں ہتھیار ڈال دو۔

اصلاحی بات:- زبانی مسئلے نہ بتلاؤ دارالافتاء بھیج دو۔ یہ ظلم عظیم ہوں ہے۔ واہیات کا کام ہے۔ اور اس میں یہ بھی داخل ہے۔ ہر فن میں اپنی رائے بھی نہ دو اور بھی نہ کرو کہ الشیطان بکنا بہتر ہے۔ بلکہ معاملہ جب تو سمجھ لینا آگے جاتی ہے۔

۵ -: میراث الإخوة من الأب والأم :-

حقیقی بھائی بہن کی وراثت کے بارے میں

ایک وہم کا ازالہ

قرآن میں وصیت کا ذکر پہلے ہے اور دین کا ذکر بعد میں ہے اس سے گمان ہوتا ہے کہ وصیت دین سے مقدم ہے۔ لیکن حضرت علیؓ نے فرمایا کہ حضور علیہ السلام نے پہلے دین ادا کرتے پھر وصیت

وصیت کو دین پر مقدم کرنے کی وجہ:- قرآن میں وصیت کو دین سے مقدم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وصیت بسا اوقات کوتاہی کر دیتے ہیں کیونکہ وصیت کا مطالبہ نہیں ہوتا ہے۔ اور دین کا مطالبہ ہوتا ہے۔

أعیان بنی الأم : حقیقی بھائی بہن۔

بنی العلات : علاتی بھائی بہن۔

مراد : حقیقی بھائی بہن کے ہوتے ہوئے علاتی بھائی بہن وارث نہیں ہوں گے۔

الرجل یرث أخاہ لأبیہ وأمہ دون أخیہ لأبیہ : یہ ما قبل کی تفسیر ہے۔

۶ -: باب :-

بنی سلمۃ : یہ بنو سلمہ کا قبیلہ مسجد نبوی سے دور واقع تھا جہاں حضور علیہ السلام عیادت کیلئے تشریف لے گئے۔ اور یہ بنو سلمہ وہی ہیں جو کہ مسجد نبوی کے قریب آباد ہونا چاہتے تھے مگر حضورؐ نے فرمایا کہ تمہارے آثار قدم لکھے جاتے ہیں۔

من وضوئہ : اس میں دو احتمال ہیں ۱- "غسالة" مراد ہو۔

۲- "فضالة" مراد ہو

حافظ ابن حجرؒ نے غسالہ کو ترجیح دی ہے۔

فلم یجبنی شیئاً : جواب نہ دینے کی وجہ یہ تھی کہ آپ علیہ السلام اجتہاد نہیں کرتے تھے۔

حضرت جابرؓ کے بارے میں کونسی آیت نازل ہوئی؟ عمرو بن ابی قیس کی روایت میں ہے کہ حضرت جابرؓ کے بارے میں "یوصیکم اللہ" والی آیت نازل ہوئی ہے۔ اور سفیان بن عیینہ کی روایت میں ہے کہ "یستفتونک" والی آیت نازل ہوئی ہے۔ یہ بات طے ہے کہ وہ کلالہ تھے اور کلالہ وہ ہوتا ہے جس کے نہ والدین ہوں نہ ولد۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ حضرت جابر نے کسی آیت کی تعیین نہیں فرمائی ہے ۔ بلکہ عمرو بن قیس اور بخاری میں ان کے متابع ابن جریج ہیں ان لوگوں نے حضرات نے "یوصیکم اللہ" والی آیت کی تعیین کی ہے ۔ اور سفیان ابن عیینہ نے "یستفتونک" والی آیت کی تعیین فرمائی ۔

حافظ ابن حجر کی رائے :- اور پھر حافظ نے ابن جریج اور عمرو بن قیس والی روایت کو ترجیح دی ہے ۔ اور سفیان بن عیینہ والی روایت کو وہم قرار دیا ہے ۔

اشکال :- حدیث نمبر (٢٠٩٢) میں گزرا ہے کہ "یوصیکم اللہ" والی آیت کو حضرت سعد بن ربیع کی بیٹیوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی نہ کہ حضرت جابر کے بارے میں ۔

جواب :- حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ "یوصیکم اللہ" والی آیت کا ابتدائی حصہ تو سعد کی بیٹیوں کے بارے میں نازل ہوا ہے جبکہ اس کا آخری حصہ جس میں کلالہ کا بیان ہے وہ حضرت جابر کے بارے میں نازل ہوا ہے ۔

حضرت شیخ الاسلام صاحب کی رائے :- حضرت شیخ الاسلام صاحب دامت برکاتہم نے سفیان بن عیینہ کی روایت کو ترجیح دی ہے اور عمرو اور ابن جریج والی روایت کو وہم قرار دیا ہے ۔

ابن عیینہ کی روایت کی دو وجوہِ ترجیح : ١ ۔ ابو داؤد اور مسلم میں ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے خود "یستفتونک" والی آیت کی تعیین فرمائی ہے ۔ لہٰذا یہی راجح ہے ۔

٢ ۔ "یوصیکم اللہ" والی آیت میں اس کلالہ کا بیان ہے جس کے اخیافی بہن بھائی ہوں ۔ جبکہ "یستفتونک" والی آیت میں اس کلالہ کا بیان ہے جس کے حقیقی یا علاتی بہن بھائی ہوں ۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کلالہ تھے اور ان کی بہنیں حقیقی بہنیں تھیں ۔ لہٰذا ان کے بارے میں نازل ہونے والی آیت "یستفتونک" والی آیت ہے ۔

عمرو اور ابن جریج کی روایت میں وہم کا قرینہ :- عمرو اور ابن جریج کی روایت میں ہے "کیف أقسم مالي بين ولدي؟" حالانکہ حضرت جابر کی اولاد اس وقت تک کوئی نہ تھی ۔

عمرو اور ابن جریج کی روایت کا ایک اور جواب : اگر مان لیا جائے کہ "یوصیکم اللہ" والی آیت کی تعیین حضرت جابر کی ہے اور وہ روایت درست ہے تو وہ توسعاً ذکر پر محمول ہوگی کہ اصل آیت تو "یستفتونک" والی ان کے بارے میں نازل ہوئی ہے مگر "یوصیکم اللہ" والی آیت کا ذکر الذہن توسعاً فرما دیا کیونکہ اس میں بھی کلالہ کا بیان ہے ۔

۷۔۔: میراث العَصَبة :۔

حدیث: "أَلْحِقُوا الفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ"۔

ترجمہ: جو میراث کے حصے ہیں وہ حصے والوں کو دو اور جو ذوی الفروض سے بچ جائے وہ جو میت کا قریب ترین مذکر مرد ہے اس کو دو یعنی عصبہ کو دو۔

عصبہ سے مراد: اس سے مراد یہاں عصبہ بنفسہ ہے۔ اور عصبہ بالغیر اور مع الغیر کو عصبہ مجازاً کہا جاتا ہے۔ وہ یہاں مراد نہیں۔

"لأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ": "رجل" کے ساتھ "ذکر" کا لفظ اس لئے ذکر کیا ہے کہ اس طرف اشارہ ہے کہ عصبیت کی وجہ ذکوریت ہے۔ اگر انثیٰ ہو تو وہ تو ذوی الفروض میں سے ہے۔ اور اس قید کے ذریعے عصبہ بالغیر اور مع الغیر سے بھی احتراز مقصود ہے۔

۸۔۔: میراث الجَدّ :۔

إنَّ ابنَ ابني ماتَ: میرے پوتے کا انتقال ہو گیا ہے۔

حاصلِ حدیث: صورتحال یہ تھی کہ پوتے کا انتقال ہوا، دادا تھے۔ اور باپ نہ تھا۔ اور اس پوتے کی دو بیٹیاں بھی تھیں۔ تو دو ثلث تو دو بیٹیوں کا ہوا اور ایک ثلث میں سے آدھا یعنی ایک سدس تو دادا کو دیا ذوی الفروض میں سے ہونے کی وجہ سے اور دوسرا سدس بھی دے دیا عصبہ ہونے کی وجہ سے۔

إنَّ السُّدُسَ الآخَرَ لكَ طُعْمَةٌ: یہ دوسرا سدس تمہارے لئے اضافی رزق ہے۔

دو سدس الگ الگ دینے کی وجہ: الگ اس لئے دیا تاکہ معلوم ہو کہ پہلا سدس ذوی الفروض میں سے ہونے کی وجہ سے دیا جا رہا ہے اور دوسرا سدس عصبہ ہونے کی وجہ سے۔ تو دونوں کی حیثیت مختلف ہے۔ اگر اکٹھا دیتے تو یہ سمجھا جاتا کہ ثلث دادا کا حصہ ہے۔

۹- :- میراث الجدۃ :-

میراث الجدۃ : دادی کو سدس اسی وقت ملتا ہے جبکہ میت کی ماں نہ ہو۔

حدیث : "اِن اجتمعتما فهو لكما، وأيتكما انفردت به فهو لها."

ترجمہ : اگر تم دونوں ایک ساتھ آتیں تو وہ تم دونوں کو دیا جاتا۔ اور (اب) جبکہ تم میں سے ایک وہ حصہ لے گئی ہے تو وہ اس کا حق ہوا اور دوسری کو چاہیے کہ اس سے اپنے حصے کا مطالبہ کرے۔

۱۰ :- میراث الجدۃ مع ابنہا :-

دادی اپنے بیٹے کے ہوتے ہوئے وارث بنے گی۔

میراث کا اصول :- جدات چاہے ابویات ہوں یا امویات ہوں، ماں کے ہوتے ہوئے محروم ہوتی ہیں۔ اور میت کے باپ کے ہوتے ہوئے ابویات تو محروم ہوتی ہیں مگر امویات محروم نہیں ہوتیں۔

حدیث باب اصول کے خلاف ہے :- اب یہ حدیث اسی اصول کے خلاف ہے۔ کیونکہ دادی کا بیٹا یعنی میت کا باپ ہوتے ہوئے تو دادی کو کچھ نہیں ملنا چاہیے تھا۔

توجیہات :-

۱- یہ روایت ضعیف ہے۔ اس لیے اس کی حیثیت نہیں ہے کہ اس کے ذریعہ یہ اصول توڑا جائے۔

۲- دادی کا حصہ بنتا تو نہیں تھا مگر حضور علیہ السلام نے کچھ حصہ بطور طعمہ کے دے دیا ہو۔

۳- ہوسکتا ہے کہ میت کا باپ کافر یا رقیق ہو۔ تو وہ ابویات کے لیے حاجب نہیں بنے گا۔

۴- حضرت گنگوہی رحمہ اللہ : یہ دادی امویات کی قبیل سے تھی ابویات کی قبیل سے نہیں اور دادی کا بیٹا وہ میت کا ماموں تھا۔ اب مسئلہ یہ ہوا کہ میت کے ماموں کے ہوتے ہوئے حضور علیہ السلام نے نانی کو تو دیا مگر ماموں کو کچھ نہیں دیا۔

اشکال :- مگر اس آخری توجیہ پر اشکال ہوتا ہے کہ اگر اتنی سادہ بات ہوتی تو پھر یہیں اس بارے میں اختلاف نہ ہوتا۔

۵- یہ میراث کے تفصیلی احکام آنے سے پہلے کی بات ہے۔ جب میراث کے تفصیلی احکام آگئے تو یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ اور قرینہ یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "اطعمها أول جدة" یعنی یہ وہ پہلی جدہ تھی جنہیں بیٹے کے ہوتے ہوئے حضور نے حصہ دیا ان کے علاوہ کسی کو

۱۱ ۔ : میراث الخال :-

"الخال" میں دو احتمال ہیں :
ماموں کو میراث ملے گی یا نہیں؟ یا ماموں کی میراث بھانجے کو ملے گی یا نہیں؟ لہذا
"الخال" فاعل بھی ہو سکتا ہے اور مفعول بھی۔

مولی : ذمہ دار۔

ذوی الارحام کی توریث کا مسئلہ

ذوی الفروض بھی نہ ہوں اور عصبہ بھی نہ ہوں تو اولوا الارحام کو میراث ملے گی یا نہیں؟

شافعیہ اور مالکیہ : اولوا الارحام کو میراث نہیں ملے گی بلکہ بیت المال میں ڈال دی جائیگی۔

احناف اور حنابلہ : اولوا الارحام کو میراث ملے گی اگر ذوی الفروض اور عصبہ نہ ہوں۔ اور اگر ذوی الارحام بھی نہ ہوں تو بیت المال میں میراث منتقل کر دی جائیگی۔

دلائل الحنفیہ والحنابلہ : ۱۔ حدیث باب : "الخال وارث من لا وارث لہ" اور ماموں ذوی الارحام میں سے ہے۔

۲۔ "ابن اخت القوم منہم" جب بھانجے کو ملے گی تو ماموں کو بھی ملے گی۔
یہ حدیث مشکوٰۃ شریف میں ہے۔

۳۔ حضرت ثابت بن دحداح کا انتقال ہوا تو ان کے وارث میں کوئی نہ تھا سوائے بھانجے ابو لبابہ بن عبدالمنذر کے تو حضور علیہ السلام نے ان کی میراث حضرت ابو لبابہ کو دلوا دی۔

۴۔ آیت قرآنی : "وأولوا الأرحام بعضہم أولى ببعض" ۔ اسمیں اولوا الارحام کا عام ہے۔

دلیل الشافعیہ والمالکیہ : ۱۔ حضور علیہ السلام سے عمہ اور خالہ کی وراثت کے بارے میں سوال پوچھا گیا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا : أخبرني جبرئيل أن لا شيء لهما۔

جواب : ۱۔ یہ آیت "وأولوا الأرحام بعضہم أولى ببعض" کے نزول سے پہلے کی بات ہے۔
۲۔ یہ اس وقت ہے جبکہ ذوی الفروض اور عصبہ میں سے کوئی ہو۔ تو ہم بھی اس حال میں ذوی الارحام کی توریث کے قائل نہیں ہیں۔

۱۲- :- اَلَّذِیْ یَمُوْتُ وَلَیْسَ لَهٗ وَارِثٌ :-

وقع من عذق نخلة : کھجور کی شاخ سے گر گیا -

حضور علیہ السلام نے میراث کیوں لی؟ یہ تو حضور علیہ السلام کا معتق تھا اور معتق کا اگر کوئی اور وارث نہ ہو تو معتق کو وراثت ملتی ہے مگر حضور علیہ السلام نے میراث نہیں لی - اسکی کیا وجہ ہے ؟

پہلا موقف ۱- جو حضرات یہ کہتے ہیں کہ انبیاء نہ وارث ہو بنتے ہیں نہ مورث بنتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ حضور وارث بن ہی نہیں سکتے تھے لہذا اسکے گاؤں کے کسی فرد کو اس کا مال دے دیا -
حدیث میں ہے "نحن معشر الانبیاء لا نرث ولا نورث" -

دوسرا موقف ۲- اور جو حضرات کہتے ہیں کہ انبیاء کی میراث جاری تو نہیں ہوتی مگر خود وارث بن سکتے ہیں اور حدیث صحیح "نحن معشر الانبیاء لا نورث" ہے - "لا نرث" کی زیادتی صحیح نہیں ہے -
اب وارث تو بنتے تھے مگر حضور علیہ السلام نے اپنے حق سے تبرع دل فرمالیا اور اسکے قبیلے کے کسی فرد واحد کو دے دیا -

۱۳- :- بَابٌ :-

لم یدع وارثا الا عبدا هو اعتقه : اس کا صرف ایک غلام تھا جس کو میت نے آزاد کیا تھا -

اشکال ۱- ۱- یہ بھی عام اصول کے خلاف ہے کیونکہ اگر معتق کا انتقال ہو تو معتق وارث بنتا ہے مگر معتق کے انتقال پر معتق وارث نہیں بنتا - یہ اصول ہے تو حضور علیہ السلام نے معتق کا مال غلام معتق کو کیوں عطا فرمایا ؟

جواب ۱- ۱- یہ مال حضور علیہ السلام نے اس معتق کو بطور میراث کے نہیں دیا بلکہ یہ مستحقین میں سے تھا تو بطور صلہ کے دیا - ورنہ بیت المال میں جمع کراتے اور بعض روایتوں کو بطور راست دے دیا -

١٤-: إبطال الميراث بين المسلم والكافر :-

"عن علي بن الحسين عن عمرو بن عثمان"

یہ وہ سند ہے جس میں آلِ علی آلِ عثمان سے روایت نقل کر رہے ہیں - علی بن الحسین یہ زین العابدین ہیں جو کہ آلِ علی میں سے بچ گئے تھے اور اللہ نے انہیں سے حضور علیہ السلام کی نسل چلائی ہے -

لا یرث المسلم الکافر : وجہ اختلافِ ملت ہے جو کہ موانعِ ارث میں سے ہے -

بیندہ سم کلام : حدیث باب کا مدار السند امام زہری ہیں - ان کے شاگرد ان میں سفیان اور معمر وغیرہ کا بیان ہے کہ حضرت اسامہ بن زید سے روایت کرنے والے راوی "عمرو بن عثمان" ہیں نا کہ "عمر" - جبکہ امام مالک تلمیذ زہری "عمر بن عثمان" کا نام نقل کرتے ہیں - امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ امام مالک کا وہم ہے، کیونکہ حضرت عثمان رض کے صاحبزادوں میں "عمر" نامی کوئی شخص نہیں بلکہ ان کے صاحبزادے "عمرو" معروف ہیں -

مرتد کی میراث کا مسئلہ : مرتد کی میراث کس کو ملے گی ؟

امام شافعی و احمد رحمہما اللہ : بیت المال میں جائیگی -

امام مالک رحمہ اللہ : بیت المال میں جائیگی الا یہ کہ کوئی مسلمان اپنے مسلمان وارث کو میراث سے محروم کرنے کیلئے مرتد بنا ہو - العیاذ باللہ -

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ : قبل الردۃ کمایا ہوا مال مسلمان ورثاء کو ملے گا - اور بعد الردۃ کمایا ہوا مال بیت المال میں جائیگا -

صاحبین رحمہما اللہ : مسلمان ورثاء کو میراث ملے گی خواہ قبل الردۃ کمایا ہوا مال ہو یا بعد الردۃ -

"لا یتوارث أهل ملتین" :

مسلمان ایک ملت ہیں اور کفر ایک ملت ہے - لہذا مسلمان کافر کا اور کافر مسلمان کا وارث نہیں بنے گا - البتہ کفار آپس میں ایک دوسرے کے وارث بن سکتے ہیں کیونکہ کفر ایک ہی ملت ہے -

١٥ :- إبطالُ ميراثِ القاتلِ :-

"القاتلُ لا يرثُ": کیونکہ یہ وارث مورث کے مرنے کی زیادہ جلدی مچا رہا تھا۔

لائف انشورنس نہ کروا: اس لئے علماء نے فرمایا کہ لائف انشورنس نہیں کروانا چاہیے ورنہ ورثاء تسبیح لے کر بیٹھ جائیں گے اور تمہاری موت کا انتظار کریں گے۔ کیونکہ ورثاء کا فائدہ مورث کے مرنے میں ہے۔

فقہی اصول: فقہاء نے اصول لکھا ہے:

"من استعجل الشيءَ قبل أوانه عوقب بحرمانه"۔ لہٰذا مورث کا قاتل میراث سے محروم کر دیا جائیگا۔

کونسا قتل موجب حرمان ہے؟ جمہور: قتل چاہے عمداً ہو یا خطأً ہو قاتل میراث سے محروم کر دیا جائیگا۔
امام مالک: قتل عمد کی صورت میں قاتل محروم ہوگا۔ قتل خطا کی صورت میں نہیں۔

١٦ :- ميراثُ المرأةِ من ديةِ زوجِها :-

قال عمر: الديةُ على العاقلة، ولا تَرِثُ المرأةُ من ديةِ زوجِها شيئاً.

حضرت عمر کا موقف: مقتول کی دیت قاتل کے عاقلہ سے آئے گی اور اور عاقلہ میں عورت داخل نہیں ہے۔ لہٰذا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا موقف یہ تھا کہ مقتول کی بیوی کو دیت میں سے حصہ بھی نہیں ملے گا۔

دلائل: ١- وجہ یہ تھی کہ جب بیوی عاقلہ میں شامل ہو کر دیت ادا نہیں کرتی تو جب شوہر قتل کو جائے اور دیت وصول کی جائے تو اس میں بھی اس کو حصہ نہیں ملے گا کیونکہ اصول ہے: "الغُنْمُ بالغُرْمِ"۔

٢- دوسری بنیاد اس قول کی یہ ہے کہ شوہر کے قتل ہوتے ہی عورت اجنبیہ ہو گئی اور اجنبیہ وارث نہیں بنتی۔

حضرت عمر کا رجوع: مگر جب حدیث سامنے آگئی کہ حضور علیہ السلام نے اشیم ضبابیؓ کی بیوی کو انکی دیت میں سے حصہ دیا تو رجوع فرمالیا۔

پہلی دلیل کا جواب: عورت کا عاقلہ سے خارج ہونا اکثریت پر ہے تعاون و تناصر پر نہیں [illegible]

دوسری دلیل کا جواب: عورت کی وجہ سے شوہر کے مرنے کے بعد بھی نکاح فی الجملہ باقی ہے۔

۱۷-٤ الميراثُ للورثة والعقلُ للعصبة :-

حدیث: أنّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قضى في جنينِ امرأةٍ من بني لحيان سقط ميّتاً بغُرّةٍ: عبدٍ أو أمةٍ، ثم إنّ المرأةَ التي قضى عليها بغُرّةٍ تُوفّيت، فقضى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أنّ ميراثها لبنيها وزوجها، وأنّ عقلها على عَصَبتها۔ یعنی دیت عاقلہ پر ہوگی۔

پس منظر: ایک شخص کی دو بیویاں تھیں تو ایک نے دوسری کو لکڑی یا پتھر سے پیٹ پر مارا جس سے بچہ ساقط ہوگیا۔ تو حضور علیہ السلام نے اس قاتلہ پر غرّہ لازم کیا جو کہ ایک باندی یا غلام آزاد کرنا یا پانچ سو درہم ہے۔

متوفی عورت کی تعیین: اب عورت کا انتقال ہوگیا تو اس میں دو احتمال ہیں:

۱- جانیہ کا انتقال ہوا ہو تو اسکی میراث اسکے شوہر اور بچے کو ملے گی اور دیت جو اس پر لازم ہوئی ہے وہ عاقلہ پر آئے گی۔

۲- مجنیہ کا انتقال ہوا ہو۔ تو مجنیہ کی میراث اسکے شوہر اور بچے کو ملے گی اور اسکی دیت جانیہ کے عاقلہ پر لازم ہوگی۔ اور دوسری روایات سے یہ احتمال راجح معلوم ہوتا ہے۔

مراجع ضمائر: پہلے احتمال پر "التي قضى عليها" اپنے حقیقی معنی پر ہے اور "عليها"، "ميراثها"، "لبنيها"، "زوجها" اور "عصبتها" کی تمام ضمائر جانیہ کی طرف راجع ہوں گی سوائے "عقلها" کی ضمیر کے کہ اس کا مرجع مجنیہ ہوگی۔

دوسرے احتمال پر "التي قضى عليها" بمعنی "قضى لها" کے ہے یعنی جس کے لئے غرہ کا فیصلہ کیا گیا اور وہ مجنیہ ہے۔ اور "عصبتها" کا مرجع جانیہ ہے باقی تمام ضمائر کا مرجع مجنیہ ہوگی۔

حدیث کی متعدد اسانید: مصنف نے حدیث باب کی چار اسانید نقل کی ہیں:

۱- "عن الليث عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم" یہ مرفوع متصل ہے۔

۲- "یونس عن الزهری عن سعید وأبی سلمة عن أبی هریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم" : یہ بھی مسند مرفوع ہے۔

۳- "مالک عن الزهری عن أبی سلمة عن أبی هریرة رضی اللہ عنہ" : یہ سند موقوف متصل ہے۔

۴- "مالک عن الزهری عن سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم" : یہ سند مرسل مرفوع ہے۔

مقصود حدیث باب کی متعدد اسانید کا بیان ہے۔

۱۸ -: الرَّجُلُ يُسْلِمُ عَلَى يَدَيِ الرَّجُلِ :-

"تمیم الداریؓ" : تو بہت ہی بعد میں مسلمان ہوئے اور سب سے پہلے مسجد نبوی میں چراغ کا انتظام انہوں نے کیا۔
ان سے ایک دفعہ تہجد چھوٹ گئی تو ایک سال تک رات بھر نہ سوئے۔

نفس کے علاج کا طریقہ : صوفیاء کی اصطلاح ہے "مشارطة" یعنی اپنے نفس کے ساتھ شرط لگانا کہ اگر گناہ کیا تو فلاں فلاں کام لازم کر لے۔ اس سے نفس کا علاج ہوتا ہے۔
اور یہ شرط بھی وہ لگائے جو کہ اس کے نفس پر بھاری ہو۔ کسی پر پیسے نکالنا بھاری ہوتا ہے اور کسی پر نماز اور کسی پر روزہ۔ تو دیکھو گے کہ یہ نفسِ لوامہ نفسِ مطمئنہ بن جائیگا۔
اسی طرح نفس سے لڑتے رہو تو وہ نفس مغلوب ہو جائیگا۔

حدیث : "هو أولى النّاس بمحياه ومماته"۔

ترجمہ : وہ لوگوں میں سب سے زیادہ اس کے قریب ہے اسکی زندگی میں بھی اور اسکی موت کے بعد بھی۔

مولی الموالاۃ کی وراثت کا مسئلہ : اسکو کہتے ہیں ولاء الموالاۃ۔ کہ اس کا کوئی مسلم وارث نہیں ہے اور وہ شخص کسی مسلمان کے ہاتھ پر اسلام لاتا ہے تو اس نومسلم کے انتقال کے بعد اس کا وارث مولی الموالاۃ بنے گا یا نہیں؟

جمہور : مولی الموالاۃ وارث نہیں بنے گا۔ اور میراث بیت المال میں جائیگی۔

امام ابوحنیفہؒ : یہ شخص اسلام لایا اور تناصر و توارث کا معاہدہ کر لیا تو وفات کے بعد اگر کوئی وارث نہ ہو تو مولی الموالاۃ وارث بنے گا۔

امام صاحب کی دلیل : حدیث باب "هو أولى الناس بمحياه ومماته"۔

جمہور کی دلیل: "الولاء لمن أعتق" کہ ولاء صرف ولاءِ عتاقہ میں منحصر ہے۔ اور مولی الموالاة چونکہ مولی العتاقہ نہیں ہے لہٰذا وارث نہیں بنے گا۔

جواب: مطلق ولاء مراد نہیں ہے بلکہ یہاں وہ ولاء مراد ہے جو کہ مکاتب میں ۱،۲،۱ ... لیکن تناصر و تشاور کے ذریعہ جو ولاء قائم ہو اسکی نفی نہیں ہے۔

سند پر کلام: عبدالعزیز کے ایک شاگرد وکیع "عبداللہ بن موہب" اور حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کے درمیان واسطہ نقل نہیں کرتے جبکہ دوسرے شاگرد یحییٰ ان دونوں کے درمیان "قبیصہ بن ذؤیب" کا واسطہ نقل کرتے ہیں۔ امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ روایت خواہ مذکورہ واسطے کے ساتھ ہو یا بلا واسطہ ہو متصل نہیں ہے کیونکہ عبداللہ بن موہب اور قبیصہ دونوں کی حضرت تمیم داری سے ملاقات ثابت نہیں ہے۔

عاهر: زناکار۔

لا یرث ولا یورث: یعنی باپ سے نسب ثابت نہیں ہوگا اور نہ اس کا وارث بنے گا اور نہ باپ اس کا وارث بنے گا۔ ہاں ماں سے نسب ثابت ہوگا اور میراث بھی جاری ہوگی۔

۱۹ - من یرث الولاء -

حدیث: "المرأة تحوز ثلاثة مواریث: عتیقها، ولقیطها، وولدها الذی لاعنت عنه"

ترجمہ: عورت تین میراثیں جمع کرتی ہے ۱- اپنے آزاد کردہ غلام کی میراث - ۲- اپنے لقیط کی میراث
۳- اس بچے کی میراث جس کی وجہ سے اس نے لعان کیا ہے۔

عتیقها: یعنی اگر عورت نے غلام آزاد کیا اور معتق کا کوئی وارث نہیں ہے تو اسکی ولاء عورت کو ملے گی۔

الذی لاعنت عنه: جس عورت نے لعان کیا ہے تو اسکے بچے کی میراث بھی اسکو ملے گی۔

لقیط کی میراث کا مسئلہ: البتہ جس کا کوئی وارث نہ ہو اس کا مال بیت المال میں جاتا ہے۔ اور لقیط بھی اگر ایسا ہو تو اس کا مال بیت المال میں جائیگا اور پھر وہاں سے اس عورت کو دیا جائیگا کیونکہ اس نے اس کا خیال رکھا تو بطور عطا کے ہے۔ بطور میراث نہیں ہے۔

اسحاق بن راہویہ: فرماتے ہیں کہ لقیط کی میراث عورت کو بطور میراث ملے گی۔

جمہور: لقیط کا مال عورت کو بطور عطیہ دیا جاتا ہے بطور میراث نہیں۔
یا یہ حکم ابتداء میں تھا بعد میں آیاتِ میراث سے منسوخ ہو گیا۔

اصلاحی باتیں: دیکھو! یہاں تک میراث سے متعلق ابواب مکمل ہو گئے ہیں۔ اب ہمیں اپنا جائزہ لینا چاہیے کہ ہم ان پر کتنا عمل کرتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں عورت پر بہت ظلم کیا جاتا ہے۔ میراث میں اس کو حصّہ نہیں دیا جاتا، اور کوئی کہتا ہے کہ ہم نے معاف کر دیا۔ اللہ اکبر۔

تقسیم میراث کی اہمیت: دیکھیں سورۃ نساء میں جہاں میراث کے احکام بیان فرمائے گئے ہیں اسی سے قبل آیت ہے "إنّ الذين يأكلون أموال اليتامى ظلماً إنما يأكلون في بطونهم ناراً وسيصلون سعيراً" اور اس رکوع کے آخر میں بھی فرمایا "ومن يعص الله ورسوله ويتعدّ حدوده يدخله ناراً خالداً فيها"۔ ان دونوں کے درمیان احکام میراث لا کر تاکید فرمائی ہے کہ ان میں کوتاہی نہ کرو۔

حصّہ معاف کر دینے سے معاف نہیں ہوتا: اور یہ بھی یاد رکھو کہ معاف کر دینے سے میراث کا حصّہ ختم نہیں ہوتا اور نہ معافی سے ہی دینا ختم ہوتا ہے۔ دینے کے بعد اگر وہ بخوشی تمہیں واپس کر دے تو الگ بات ہے۔
اسی طرح مہر کی ادائیگی میں بھی بہت کوتاہی کی جاتی ہے۔ اور اس کو معاف کروانا تو بے غیرتی ہے۔
اور جیسے کہ میں نے بتلایا زبانی معافی سے معاف ہوتا بھی نہیں ہے۔

رسوم کے خاتمے کا طریقہ: دیکھو! آپ کو لوگوں کے لئے مثال بننا چاہیے۔ نمونہ بننا چاہیے۔ آپ اپنی ذات سے عمل کی ابتداء کریں۔ اپنی بہنوں بیٹیوں کو حصّے دیں گے تو سینہ تان کر لوگوں کو اس میں کوتاہی پر تنبیہ کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اگر بیٹی یا بہن کی شادی ہو تو جہیز کا انتظام کر دو ورنہ اسکو ساری زندگی طعنے ملیں گے، لیکن اگر تمہاری شادی ہو یا تمہارے بیٹے کی شادی ہو تو یہ عمل کا مقام ہے لہٰذا جہیز نہ لو۔ خود انتظام کرو۔ اور جن علاقوں میں مہروں کی رقمیں زیادہ ہیں ان کو چاہیے کہ خود کم دیں تاکہ انکی اپنی بیٹی کی شادی ہو تو بہت زیادہ مہر نہ رکھیں جو کہ شوہر ادا ہی نہ کر سکے۔ ان رسموں کا خاتمہ کرو۔

رسوم کے مواقع: دیکھو! دو موقع زندگی میں عموماً ایک دفعہ ہی آتے ہیں ۱۔ نکاح ۲۔ موت۔ مگر دنیا جہان کی رسمیں ان میں موجود ہیں۔ لہٰذا ان دونوں میں ان رسوم کو ختم کر کے شریعت کے احکام پر عمل کرنے اور کروانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

أبواب الوصايا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

تمہیدی باتیں

وصیت: مرنے کے بعد کسی کام کی تعیین اپنی زندگی میں کرنا وصیت کہلاتا ہے -

وصیت کی دو قسمیں:

وصیت کی دو قسمیں ہیں:

۱- وصیت واجبہ: اگر انسان کے ذمے اللہ تعالیٰ کے یا بندوں کے حقوق ہیں تو ان کی ادائیگی کی وصیت واجب ہے -

مثالیں: مثلاً کسی کا قرض ہو یا امانت ہو یا عاریتاً ہو تمہارے پاس تو اسکی وصیت کر کے جاؤ -

اسی طرح روزے بیماری کی وجہ سے چھوٹ گئے اور قضاء بھی نہ کر سکا تو وصیت کرنا فرض ہے - اسی طرح زکوٰۃ کی وصیت ہے - اور اسی طرح نماز کی وصیت ہے - اور یہ نماز کا فدیہ زندگی میں ادا نہیں کیا جا سکتا - ہاں مرنے کے بعد ادا کیا جا سکتا ہے -

نمازوں کی قضاء اور ان کا طریقہ:

بلوغت کے بعد سے جو نمازیں رہ گئی ہیں تو جمہور کے نزدیک اسکی قضاء واجب ہے - لہٰذا قضاء کی فکر کرے اور اگر قضاء نہ کر سکے تو اپنی نوٹ بک میں چھوٹی ہوئی نمازوں کا اندازہ کر کے ان کو اپنی ڈائری میں لکھ لو اور ادا کرتے رہو - اور یہ بھی لکھ دو کہ اگر قضاء نہ کر سکا تو میرے مال میں سے ان نمازوں کا فدیہ ادا کر دیا جائے - اگر یہ کام کر لیا تو اللہ کی ذات سے امید ہے کہ وہ معاف کر دیگا اور کرم کا معاملہ فرمائیں گے -

قضاء نماز نوافل سے بہتر ہے: فقہاء نے لکھا ہے کہ نوافل کی جگہ قضاء پڑھنا بہتر ہے - اور جب سردی کا موسم آئے تو روزے قضاء کر لو -

ہمیں چاہیے کہ اپنے ذمہ کا کام کریں: حضرت مولانا سبحان محمود صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ مجھے یہ اطمینان ہے کہ میں نے اپنی ساری نمازیں قضاء کی ہیں - تو یہ ان کی ولایت کا موقع ہے -

مگر ہم کم از کم بلوغت کے بعد کی نمازوں کا حساب کر لیں - قضاء کی کوشش کر کے وصیت تو کر کے جانا - اپنے ذمہ کا کام تو ختم کرو نا -

۲- وصیت مستحبہ: انسان کا رشتہ داروں کیلئے ایک تہائی مال کے اندر وصیت کر جانا -

مثالیں: اب کار خیر میں بھی حاصل ہے کہ جس رشتہ دار کو میراث میں حصہ نہیں ملے گا اس کے لئے کچھ مال کی وصیت کر دو - یا کسی نیک کام مثلاً تعمیر مسجد وغیرہ میں خرچ کی وصیت کر دو -

وصیت کب مستحب ہے؟ مگر یہ اس وقت ہے جبکہ تمہارے ورثاء خود اپنے پیروں پر کھڑے ہوں اور ان کو تمہارے مال کی زیادہ ضرورت نہ ہو - ورنہ ورثاء ہی کیلئے چھوڑ دو یہ بہتر ہے -

١- الوصية بالثلث :-

مرضتُ عامَ الفتح مرضًا: اسمیں زہری کے شاگرد سفیان سے وہم ہوا ہے۔ زہری کے دوسرے شاگرد **"عام حجۃ الوداع"** نقل کرتے ہیں۔ اور یہی صحیح ہے۔

"لیس یرثنی إلا ابنتی": اس وقت حضرت سعد کی ایک ہی بیٹی تھی بعد میں اللہ نے ان کو چار بیٹے عطا فرمائے۔

"فأوصی بمالی کلّہ": تمام مال کی وصیت کرنے کا سوال کیا ہو سکتا ہے کہ بیٹی مالدار ہو اور اس کو حاجت نہ ہو یا وہ اپنے شوہر کے مال سے گزر بسر کرے گی اس لئے اس کو ضرورت نہیں تھی۔

"الثلث کثیر": ١- الثلث کافٍ فی حصول المطلوب من الأجر ٢- ثلث بہت ہے اور بہتر یہ ہے کہ اس سے بھی کم کی وصیت کرو۔

حدیث: إنك أن تذر ورثتك أغنياء خيرٌ من أن تذرهم عالةً يتكففون الناس، إنك لن تنفق نفقةً إلا أُجرت فيها ... الخ

ترجمہ: بے شک تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑ دو یہ بات زیادہ بہتر ہے اس سے کہ تم انہیں محتاج بنا کر چھوڑ دو کہ وہ ہاتھ پھیلا کر لوگوں سے سوال کرتے پھریں۔

ترکیب: دو احتمال ہیں: ١- "إن" شرطیہ ہو۔ "تذر" فعل شرط ہے۔ "خیر" أی "ھو خیر" مبتدا محذوف کی خبر ہو کر جزاء ہے۔ ٢- "أن" اور مابعد بتاویل مصدر مبتدا ہے "خیر" خبر ہے اور پورا جملہ "إنك" کی خبر ہے۔

"یتکففون الناس": ہاتھ پھیلا کر سوال کرتا رہے۔ یا لوگوں کے ہاتھوں سے اٹھا اٹھا کر اپنی ہتھیلی پر رکھ لیں۔

حاصل یہ ہے کہ اپنے بیوی بچوں پر اگر تم خرچ کرو گے تو اس پر بھی ثواب کا کام ہے۔

"أُخلّف عن هجرتي؟": کیا میں اپنی ہجرت سے پیچھے چھوڑ دیا جاؤں گا۔ صحابہ یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ ہجرت کے بعد مکہ جہاں سے گئے ہیں وہاں رہ جائیں یا موت آ جائے۔ اور ثواب سے محروم ہو جائیں۔

"لعلك أن تُخلَّف": امید ہے کہ تمہاری عمر دراز ہو گی۔ کچھ لوگ تم سے فائدہ اٹھائیں گے اور کچھ لوگوں کو تم سے ضرر پہنچے گا۔ یہ فاتح قادسیہ ہیں۔ مسلمانوں کو نفع ہوا اور کفار کو ضرر پہنچا۔

یہ سن ١٥ ہجری کا واقعہ ہے اور ان کی وفات ٥٥ یا ٥٨ ہجری میں ہوئی ہے۔

"لا تردهم على أعقابهم": الٹے پاؤں نہ لوٹا۔

"لكن البائس سعد": قابلِ رحم سعد بن خولہ ہیں

"تمات بمكة": یا تو ہجرت ہی نہ کر سکے یا ہجرت کے بعد بھی مکہ میں انتقال ہو گیا۔

ثوابِ ہجرت کا ضائع نہیں کرنا: یہ مطلب نہیں کہ ثوابِ ہجرت ضائع ہو گیا۔ کیونکہ موت تو اختیاری نہیں ہے لہذا ہجرت کا ثواب تو پورا مل گیا ہے۔ بس یہ ایک حسرت تھی کہ مدینہ میں ہی وفات ہوتی۔ بس یہاں اسی حسرت کا بیان ہے۔

"يضارّان في الوصية": مرنے کے وقت ورثاء کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

نقصان پہنچانے کی صورتیں: نقصان پہنچانے کی کئی صورتیں ہیں:

1- ثلث سے زیادہ کی وصیت کر دی۔

2- نقصان پہنچانے کیلئے سارے مال کو زندگی ہی میں کسی کو ہبہ کر دیا۔

۲- الحثّ على الوصيّة :-

حدیث: "ما حقُّ امرئٍ مسلمٍ يبيتُ ليلتين، وله ما يوصي فيه إلا ووصيّته مكتوبة عنده".

ترجمہ: کسی مسلمان کیلئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ دو راتیں گزارے اس حال میں کہ اس کے پاس ایسی چیز ہو جس میں وصیت کرنی چاہیے حکم یہ ہے کہ اسکی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہو۔

"يبيتُ ليلتين": دو راتوں سے مراد تھوڑا سا وقت بھی نہ گزارے۔

محلِ حدیث: ظاہر ہے کہ اس کا تعلق وصیتِ واجبہ سے ہے۔

۳- : النبي صلى الله عليه وسلم لم يوصِ :-

"وكيف كُتبت الوصية؟" : یعنی وصیت کرنا تو فرض ہے - "كُتب عليكم إذا حضر أحدكم الموت إن ترك خيرا الوصية" سے۔ تو حضور علیہ السلام نے کیسے وصیت نہیں کروائی؟ اور صحابہ لوگوں کو کیوں حکم دیا؟

منشائے سوال : سوال کا منشا یہ تھا کہ قرآن میں تو وصیت فرض ہے۔
تو حضور نے کیوں وصیت کی تھی؟ تو جواب یہ دیا کہ حضور کے پاس ایسی کوئی چیز ہی نہیں تھی کہ وصیت کرتے - ہاں اللہ کی کتاب کو تھامنے کی وصیت کر گئے تھے - جو کہ ایک عمومی وصیت تھی -

۴- : لا وصية لوارث :-

"فلا وصية لوارث" : جب تک وراثت کا قانون میں حصہ مقرر نہیں تھا تو وصیت کا حکم تھا۔ لیکن اب جب سب کے حصے مقرر کر دیے ہیں تو وصیت کا حکم باقی نہیں رہا۔

"للعاهر الحجر" : دو مطلب ہیں -
۱- اسکو رجم کیا جائے گا۔
۲- اسکے لئے محرومی ہے -

"وحسابهم على الله" : ان کا حساب اللہ کے سپرد ہے اللہ بہتر جانتا ہے کہ حقیقت کیا تھی۔ ہم تو ظاہر کے مکلّف ہیں - اور اسی کے مطابق فیصلہ کیا ہے -

"من ادعى ... أو انتمى" : غیر باپ یا غیر موالی کی طرف نسبت کی تو مسلسل اللہ کی لعنت اس پر اترتی ہے قیامت کے دن تک۔

"العارية مؤداة" : عاریت کی ادائیگی واجب ہے -
"المنحة مردودة" : دودھ والا جانور عارضی طور پر لیا جائے تو اس کو واپس کیا جائیگا -
"الدين مقضي" : اگر کسی سے قرضہ لیا ہے تو اس کو ادا کیا جائیگا -
"الزعيم غارم" : کفیل ذمہ دار ہے -

مسئلہ سرِ کلام: حدیثِ باب کے راوی اسماعیل بن عیاش "مختلف فیہ" راوی ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان کی وہ روایات معتبر نہیں ہیں جو کہ وہ اہلِ حجاز اور اہلِ عراق سے نقل کرتے ہیں البتہ اہلِ الشام سے ان کی روایات معتبر ہیں۔ اور حدیثِ باب میں ان کا استاذ شرحبیل شامی ہیں۔ امام احمد فرماتے ہیں اسماعیل زبان کے اعتبار سے بقیہ سے زیادہ اصلح ہیں جبکہ بقیہ تو ثقات سے مجہول لوگوں کی روایات نقل کرتے ہیں۔ امام ابو اسحاق فرماتے ہیں: بقیہ کی ثقات سے لوگوں کی گئی روایات لے لو، البتہ اسماعیل کی کوئی روایت نہ لو چاہے وہ ثقات سے نقل کر رہے ہوں یا غیر ثقات سے۔

"وَأَنَا تَحْتَ جِرَانِهَا" : میں اس اونٹنی کی گردن کے نیچے تھی۔ قُرب، شباہت ظاہر رہ رہی ہے۔

"وَهِيَ تَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا" : وہ جگالی کر رہی تھی اور اس کا لعاب میرے سینے پر بہہ رہا تھا۔

تَقْصَعُ : تَبْلَعُ ؛ **جِرَّة** : وہ گھاس جو اونٹنی پیٹ سے دوبارہ منہ میں لاتی ہے۔

۶ :- الرَّجُلُ يَتَصَدَّقُ أَوْ يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ :-

"أُوصِي إِلَيَّ أَخِي" : کچھ مال کے بارے میں مجھے وصی بنایا۔ (یہاں وصیت کرنا مراد نہیں ہے)

"فَأَيْنَ تَرَى لِي وَضْعَهُ؟" : آپ کی کیا رائے ہے کہ میں اس کو کہاں خرچ کروں۔

"لَمْ أَعْدِلْ بِالْمُجَاهِدِينَ" : میں مجاہدین کے برابر کسی کو قرار نہ دیتا۔

حدیث: "مَثَلُ الَّذِي يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ كَمَثَلِ الَّذِي يُهْدِي إِذَا شَبِعَ"

ترجمہ: اس شخص کی مثال جو موت کے وقت غلام آزاد کرے اس کی سی ہے جس کا جب پیٹ بھر جاتا ہے تو ہدیہ کرے۔ یعنی صحت کے زمانے میں صدقہ کرے اس کا زیادہ ثواب ہے۔

۷ :- بَابٌ

"تَسْتَعِينُ عَائِشَةَ فِي كِتَابَتِهَا" : بدل کتابت کے سلسلے میں ان سے مدد مانگی۔

"اِرْجِعِي إِلَى أَهْلِكِ" : اپنے موالی کے پاس جاؤ۔

"إِنْ شَاءُوا أَنْ تَحْتَسِبَ عَلَيْكِ ... الخ" : اگر وہ تمہارے لئے ثواب کا کام کرنا چاہتی ہیں اور تمہاری ولاء میرے لئے کر لیں۔

اصولی اور اتفاقی بات: اتنی بات پر تو سب کا اتفاق ہے کہ اگر کسی مکاتب کو کسی نے بدلِ کتابت میں مدد کی ہے اور وہ آزاد ہو چکا ہے تو آزادی کی نسبت مولیٰ کی طرف ہوگی مدد کرنے والے کی طرف نہیں لہٰذا ولاء مولیٰ ہی کی ہوگی۔

اشکال: اب حدیث کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ مدد کرنا چاہ رہی تھیں اور ولاء کا مطالبہ کر رہی تھیں۔ تو یہ تو بے کار اور باطل بات ہے۔ حضرت عائشہ اس کا مطالبہ کیسے کر سکتی ہیں؟

جواب: صحیح یہ ہے کہ اس روایت میں اختصار ہے۔ صحیح مسلم میں دوسری روایت میں صراحت ہے کہ فرمایا: "إن شاء أهلك أن أعدّ لهم عدّةً واحدةً وأعتقك فعلتُ"۔
اور خود حضور علیہ السلام کے جواب سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خریدنے کی پیشکش کی تھی بدلِ کتابت میں مدد کی نہیں۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا تھا "ابتاعي فأعتقي"۔

مکاتب کی بیع کا مسئلہ: مکاتب کی بیع جائز ہے یا نہیں؟
احناف اور شوافع: مکاتب کی بیع جائز نہیں ہے۔
حنابلہ اور مالکیہ: مکاتب کی بیع جائز ہے۔

احناف اور شوافع کے مسلک پر اعتراض:
احناف اور شوافع کے مسلک پر اعتراض ہوتا ہے کہ مکاتب کی بیع تو جائز نہیں ہے تو حضرت بریرہ کو حضرت عائشہ نے کیسے خریدا؟

جواب: ۱- حضرت بریرہ بدلِ کتابت کی ادائیگی سے عاجز ہو گئی تھیں لہٰذا بیع جائز تھی۔
۲- مکاتب کی بیع اس کی رضامندی کے ساتھ تو جائز ہے۔ اور حضرت بریرہ اس پر راضی تھیں۔

اشکال: اس بیع میں شرطِ فاسد ہے کہ بائع کہہ رہا ہے کہ ولاء مجھے ملے گی تو حضور علیہ السلام نے اس بیع کی اجازت کیسے دے دی؟

جوابات: ۱- بعض حضرات نے اس حدیث کے مسلّم اصولوں کے خلاف ہونے کی وجہ سے اس کا انکار ہی کر دیا۔
۲- امام طحاوی فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ چاہتی تھیں کہ حضرت بریرہ کا بدلِ کتابت ادا کر دوں اور ولاء مجھے ملے تو موالی نے انکار کر دیا۔ جب حضور کو اس کا علم ہوا تو حضور نے ناراضگی کا اظہار فرمایا اور "ما بال أقوام يشترطون شروطا" والی بات حضرت عائشہ کے بارے میں تھی۔
لہٰذا یہ بیع کا معاملہ ہی نہیں تھا۔ بلکہ معاونت کا معاملہ تھا۔ مگر یہ تاویل کمزور ہے۔
۳- علامہ نووی رحمہ اللہ: اس بیع میں جو شرط لگائی گئی ہے وہ عام اصولوں سے ایک استثنائی شکل ہے کیونکہ عام اصول تو یہ ہے کہ ولاء معتق ہی کو ملے۔ اور اس حدیث کا مقصد یہ تھا کہ حضور نے فرمایا

تم انہیں شرط لگانے دو ۔ میں مجمعِ عام میں اسکی تشہیر کر دوں گا ۔ تاکہ زیادہ موثر ہو ۔ اور ابلغ فی النہی ہو ۔

ایک وہم کا ازالہ : اس توجیہ سے ان لوگوں کے سوال کا جواب بھی ہو جاتا ہے کہ جو کہتے ہیں کہ آپ نے دھوکہ دے کر یہ شرط لگوا دی اور پھر فسخ کروا دی ۔ تو معروف نووی کی بات سے جواب مل جاتا ہے کہ یہ ارشاد الافعال کی تہدید ہے کہ تم ایسی شرط کیسے لگا رہے ہو میں مجمعِ عام میں اسکی تشہیر کر دوں گا ۔

۴ ۔ حضرت شیخ صاحب نے تکملہ میں فرمایا : شرطِ فاسد عقد کو اس وقت فاسد کرتی ہے جبکہ اس کا پورا کرنا ممکن ہو ۔ اگر شرط کا پورا کرنا ممکن نہ ہو تو شرط خود ہی فاسد ہو جاتی ہے ۔
مثلاً کوئی شخص زمین بیچے اس شرط کے ساتھ کہ تمہاری اولاد اس کی وارث نہیں ہوگی ۔ تو یہ شرط خود فاسد ہے ۔ اسی طرح اگر معقود علیہ کیلئے شرط لگائی اور وہ اس کی ملکیت میں سے نہ ہو تو وہ شرط بھی خود ہی لغو ہو جاتی ہے ۔

حضرت بریرہؓ کی حدیث سے ایک لطیف استنباط

اسی طرح حضرت شیخ صاحب رحمۃ اللہ نے حضرت بریرہ کی حدیث سے ایک اور استنباط کیا ہے کہ اگر شرط فاسد میں آپ کا عزم ہے کہ اس شرط پر عمل نہیں کروں گا تو ان شاء اللہ گناہ نہیں ہوگا ۔ جیسے بینک کے معاہدے میں یہ شق داخل ہوتا ہے اور قرض پر ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں سود لگتا ہے ۔ مگر یہ شق معاہدہ کرتا ہے اس عزم کے ساتھ کہ سود لگنے نہیں دوں گا تو ان شاء اللہ گناہ نہیں ہوگا ۔
اسی طرح سودی بینک کے کریڈٹ کارڈ میں بھی سود لگتا ہے وقت پر ادائیگی نہ ہو تو ۔ اسمیں بھی اگر سود سے قبل ادائیگی کا عزم ہو تو ان شاء اللہ گناہ نہیں ہوگا ۔

شروطاً ليست في كتاب الله : اللہ کی کتاب میں نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کتاب اللہ کے خلاف ہے ۔ ورنہ بہت سی شرطیں جائز تو کتاب اللہ میں نہیں ہے ۔

کتاب اللہ سے مراد : پھر یہ کتاب اللہ بھی مطلق ہے ۔ مراد یہ ہے کہ شریعت کے خلاف ۔
علامہ قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ شرط تفصیلاً کتاب اللہ میں ہو یا اجمالاً کتاب اللہ میں ہو ۔

أبواب الولاء والهبة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم :-

٢- : النهي عن بيع الولاء وهبته :-

نهى عن بيع الولاء وهبته: کیونکہ ولاء ایک حق ہے - اور حقِ مجرد کی بیع اور ہبہ جائز نہیں ہے۔

راوی حدیث: یہ روایت ابن عمر سے حضرت عبداللہ بن دینار نے بیان کی ہے - اور یہ حدیث ان سے 35 کے قریب حفاظ نے روایت کی ہے -

٣- : من تولى غير مواليه أو ادعى إلى غير أبيه :-

"ثور": مشہور تو یہ ہے کہ یہ مکہ کا پہاڑ ہے - اس لئے بعض نے کہا صحیح بیان "احد" زیادہ ہے مگر صحیح یہ ہے کہ مدینہ میں بھی احد کے پیچھے ایک چھوٹا سا پہاڑ ہے جو کہ "ثور" کہلاتا ہے اور دو میل ہے اور "حرم" کہنے کی وجہ یہ ہے کہ مدینہ بھی ہمارے احناف کے یہاں حرم میں داخل ہے تعظیم کے اعتبار سے مگر حرم مکہ اور حرم مدینہ کے احکام میں فرق ہے -

"آوى محدثا": بدعتی کو پناہ دے - یا بدعت کو پناہ دے - کیونکہ یہاں بدعت اختیار کی گئی تو ساری دنیا میں پھیل جائے گی - سارے مسلمان یہاں آتے ہیں

"يسعى بها أدناهم": ١- ادنیٰ ترین مسلمان بھی اگر کسی کو پناہ دے دے تو سب پر اس کا پاس ضروری ہے -
٢- دور دراز رہنے والا مسلمان مراد ہے -

٤-: الرَّجُلُ يَنْتَفِي مِنْ وَلَدِهِ :-

اس شخص کے بیان میں جو اپنے بچے کی نفی کرے۔

رجل: ضمضم بن قتادة۔

غلامًا أسود: باقی سب گورے ہیں صرف بچے کا رنگ کالا ہے

أورق: خاکستری رنگ کے اونٹ

لعلّ عرقًا نزعها: شاید کوئی رگ ہوگی جس نے ان اونٹوں کو کھینچ لیا ہو - یعنی ان کے آباء و اجداد میں سے کوئی ایسا ہوگا

فوائد حدیث: حضور علیہ السلام نے مثال دے کر ان کا شبہ دور کر دیا -
معلوم ہوا کہ قیاس کرنا درست ہے - اور مخاطب کی ذہنی سطح کے مطابق گفتگو کرنی چاہیے - جیسے حضور نے ان دیہاتی شخص کو اونٹ کی مثال سے سمجھایا -
اور یہ بھی معلوم ہوا کہ گھر کے معاملات میں اگر کوئی بد اعتمادی کی فضا پیدا ہو جائے تو اپنے بزرگوں سے مشورہ کرنا چاہیے - یہ حضور سے مشورہ کرنے ہی آئے تھے ورنہ تو لعان ہو جاتا - مشورہ کرنے میں خیر ہوتی ہے -

قیمتی نصیحت: دیکھو! میاں بیوی کے رشتے میں اعتماد ہونا چاہیے ورنہ زندگی جہنم بن جاتی ہے۔ اگر ایسی بیوی ہاتھ لگ جائے جس کے چال چلن درست نہ ہوں تو ایک ہفتے میں ہی اس کو فارغ کر دو۔ پوری زندگی اپنی خراب بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔

٥-: القَافَةُ :-

- **أسارير**: جمع الجمع، مفرد ہے:

یعنی چہرے کی لکیریں

هذه الأقدام بعضها من بعض: یہ قدم بعض بعض کے مشابہ ہیں۔

واقعہ کا پس منظر: واقعہ یہ تھا کہ زید بن حارثہ بہت خوبصورت سفید رنگ کے تھے۔ پہلے حضرت زینب سے نکاح ہوا۔ پھر ام ایمن سے نکاح ہوا۔ اور ام ایمن کا رنگ زیادہ گورا نہیں تھا۔ جب اسامہ بن زید ہوئے تو وہ ام ایمن کے مشابہ تھے۔ تو قریش زید کو تکلیف دیتے تھے کہ ان کے بیٹے ان پر نہیں گئے جس سے حضور کو بھی تکلیف ہوتی تھی۔

پھر ایک دفعہ ایسا ہوا کہ زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید مسجد میں چادر اوڑھے لیٹے تھے اور ان کے منہ چھپے ہوئے تھے لیکن پاؤں ظاہر تھے۔ تو عرب کے قیافہ شناس مجزز مدلجی کا ان پر گزر ہوا تو اس نے کہا کہ یہ قدم تو بعض بعض کے مشابہ ہیں۔ حضور علیہ السلام نے اس کی یہ بات سنی تو بہت خوش ہوئے۔

مقصد یہ تھا کہ قریش کی باتیں بند ہو جائیں گی ورنہ نسب تو پہلے ہی ثابت تھا۔

ثبوت نسب میں قیافہ کا اعتبار کرنا:

ائمہ ثلاثہ: اثبات نسب میں قیافہ کا اعتبار ہوگا۔ مثال یہ دیتے ہیں کہ اگر باندی دو بندوں میں مشترک ہو تو دونوں کو وطی منع کر لی جاتی ہے اگر کر لی تو پھر بچہ کا نسب قیافہ سے ثابت کیا جائے گا۔

احناف: اثبات نسب میں قیافہ معتبر نہیں ہے۔ اور مذکورہ بالا صورت میں نسب دونوں سے ثابت ہوگا۔

پھر کیا: حدیث الباب۔

الجواب: حضور علیہ السلام کا خوش ہونا نسب کے ثبوت کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ نسب تو ثابت تھا بس قریش کی باتیں بند ہو گئیں۔ اس پر خوش ہوئے۔

قرائن حجت شرعیہ نہیں: قیافہ اور دیگر قرائن کے ذریعہ دلیل تو نہیں بن سکتی اثبات نسب اور حدود وغیرہ میں البتہ ان سے شبہ پیدا ہو سکتا ہے۔ جس سے تحقیق کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔

اس بات کی کئی دلائل ہیں: ۱۔ حضرت ہلال بن امیہ والی حدیث میں لعان کے بعد حضور نے فرمایا تھا کہ بچہ ایسا ایسا ہوا تو دیکھنا کہ وہ فلاں کا ہوگا۔ اور وہ ایسا ہی نکلا لیکن حکم اس کی بنیاد پر عورت کو رجم نہیں فرمایا بلکہ فرمایا: "لولا ما مضى من كتاب الله لكان لي ولها شأن"

۲۔ عتبہ بن ابی وقاص والے قصے میں حضور علیہ السلام نے ان سے نسب ثابت نہیں کیا حالانکہ شباہت موجود تھی۔ بس قرائن کی بنیاد پر حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو پردے کا حکم دیا۔

D.N.A ٹیسٹ کی حیثیت:

قرائن قویہ کی ایک مثال آج کے دور میں (ڈی این اے) ٹیسٹ ہے۔ اس کے ذریعے

تحقیق اگر بڑھائی جا سکتی ہے۔ تحفہ دینے سے آپس میں پیار بڑھ سکتا ہے مگر مشتبہ نسب ... کی
بنیاد پر جاری نہیں کی جا سکتی ہیں۔

٦ :- حَثُّ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الهَدِيَّةِ :-

حدیث : تَهَادَوْا، فَإِنَّ الهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ، وَلَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ.

ترجمہ: ایک دوسرے کو ہدیہ دیا کرو۔ بیشک ہدیہ دلوں کی کدورت کو دور کرتا ہے۔ اور کوئی پڑوسن کسی پڑوسن کے ہدیے کو حقیر نہ سمجھے اگرچہ وہ بکری کے کھر کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔

لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا: اسکی مخاطب مُہدِیہ بھی ہو سکتی ہے کہ ہدیہ دینے والی اگرچہ بکری کے کھر کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو اور اس کو حقیر نہ جانے۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ مخاطب مُہدیٰ لہا ہو یعنی اگر بکری کے کھر کا ٹکڑا بھی کسی کو ہدیہ کیا جائے تو اس کو قبول کرے اور حقیر نہ جانے۔

٧ :- كَرَاهِيَةُ الرُّجُوعِ فِي الهِبَةِ :-

حَتَّى إِذَا شَبِعَ قَاءَ: جب سیر ہو جاتا ہے تو قے کرتا ہے۔

مقصود رجوع فی الھبہ کی شناعت بیان کرنا ہے۔

رجوع فی الھبہ کا مسئلہ:

ائمہ ثلاثہ: رجوع فی الھبہ جائز نہیں ہے۔ دلیل میں حدیث باب پیش کرتے ہیں اور ایک استثناء کرتے ہیں جو کہ اگلی حدیث میں ہے۔ کہ باپ اگر بیٹے کو ہبہ کرے تو رجوع جائز ہے۔

احناف: رجوع جائز ہوتا ہے۔ مگر پسندیدہ نہیں ہے۔

دلیل: نسائی کی روایت میں ہے "الرَّجُلُ أَحَقُّ بِهِبَتِهِ مَا لَمْ يُثَبْ مِنْهَا." أي ما لم يعوض.

الجواب عن حديث الباب: روایت محمول ہے دیانۃً۔ قضاءً رجوع جائز ہے۔

حنفیہ کے ہاں موانع الرجوع سات ہیں!

اور موانع الرجوع ہمارے نزدیک سات ہیں جوکہ اس لفظ میں جمع ہیں! "دمع خزقہ"

۱- فالدال: الزیادۃ۔ ۲- والمیم: موت الواھب أو الموھوب لہ. ۳- والعین العوض.

۴- والخاء: خروج الھبۃ عن ملک الموھوب لہ. ۵- والزای: الزوجیۃ. ۶- والقاف: القرابۃ.

۷- والھاء: ھلاک الموھوب.

"الا الوالد فیما یعطی ولدہ": اس سے شوافع استدلال کرتے ہیں کہ باپ کیلئے رجوع فی الہبہ جائز ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ باپ کا رجوع کرنا ہبہ ہونے کی حیثیت سے نہیں ہے بلکہ اس وجہ سے ہے کہ "انت ومالک لابیک" حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے۔ اور بوقت ضرورت باپ کو بیٹے کے مال میں تصرف کی اجازت ہے۔